In this article it has been comprehensively discussed if after marriage a man is not capable of having sexual relations i.e., *Jamah* or impotency. What should a woman do? In this respect, Islamic scholars presented different opinion; some consider that *Nikah* (marriage) would not be void, while others consider that the husband should be given one year time for medical treatment, and if after one year he did not gain the capability, then "Nikah" would be annulled.

The word 'impotence' has different meanings, including: object to thing, and does not want women. According to Scholars' terminology: impotence is the inability to penetrate in sexual intercourse.

The sexually impotent adult husband identifies him an appointment for a year, if he does not have intercourse, then his impotency will be proved, and his wife may annul the marriage contract. If the sexually impotent is still young, he will not have an appointment. The mad sexually impotent wife postpone as the adult sexually impotent. Castrate wife postpone reserves and retention of marriage contract.


***Keywords:*** Mariage (*Nikah*), Islamic Shaira, Jamah, Impotency, husband-wife relations.

* رئيس المحكمة العامة بمحافظة الطائف، المملكة العربية السعودية

إن الحمد لله نحمده ونستعينه ونستغفره ونستهديه ، ونعوذ بالله من شرور أنفسنا ، ومن سيئات أعمالنا، من يهده الله فلا مضل له ، ومن يضلل فلا هادي له ، وأشهد أن لا إله إلا الله وحده لا شريك له ، وأشهد أن محمداً عبده ورسوله ﷺ، وعلى آله وصحبه تسليماً كثيراً أما بعد:

فإن الله عز وجل قد رفع منزلة العلم وأهله ، فقال عز وجل: ﴿يَرْفَعِ اللَّهُ الَّذِينَ آمَنُوا مِنْكُمْ وَالَّذِينَ أُوتُوا الْعِلْمَ دَرَجَاتٍ﴾(١)، وبين أنه لا يستوي العلماء وغيرهم ، فقال عز وجل: ﴿قُلْ هَلْ يَسْتَوِي الَّذِينَ يَعْلَمُونَ وَالَّذِينَ لَا يَعْلَمُونَ إِنَّمَا يَتَذَكَّرُ أُولُو الْأَلْبَابِ﴾(٢) وأخبر تبارك وتعالى أن العلماء هم الذين يخشونه حق خشيته سبحانه وتعالى ، فقال عز وجل :﴿إِنَّمَا يَخْشَى اللَّهَ مِنْ عِبَادِهِ الْعُلَمَاءُ إِنَّ اللَّهَ عَزِيزٌ غَفُورٌ﴾(٣) ، وأَمَرَ نبيه ﷺ أن يطلب الزيادة من العلم فقال تعالى:﴿وَقُلْ رَبِّ زِدْنِي عِلْمًا﴾(٤) ، وقال عليه الصلاة والسلام "من يرد الله به خيراً يفقه في الدين" متفق عليه.(٥)

فهذا الحديث يدل على أنَّ من توفيق الله للعبد أن يُفَقَّه في دين الله ، فإن ذلك دليل على أن الله أراد به خيراً.

وقال عليه الصلاة والسلام "من سلك طريقاً يلتمس فيه علماً سهّل الله له به طريقاً إلى الجنة".(٦)

والنصوص من الكتاب والسنة كثيرة ، تدل على فضل العلم وعلو مكانته ، ولا يخفى على من له أدنى بصيرة أهمية العلم والتفقه في الدين ، فبالعلم يرفع المسلم الجهل عن نفسه وعن غيره ، وبالعلم يعرف كيف يعبد ربه ، وبالعلم يعرف الحلال والحرام ، قال تعالى: ﴿ قُلْ هَذِهِ سَبِيلِي أَدْعُو إِلَى اللَّهِ عَلَى بَصِيرَةٍ أَنَا وَمَنِ اتَّبَعَنِي وَسُبْحَانَ اللَّهِ وَمَا أَنَا مِنَ الْمُشْرِكِينَ﴾.(٧)

إنّ المتأمل في الأحكام الشرعية يجد أن الشريعة الإسلامية ، جاءت شاملة لجميع مناحي الحياة ، فراعت جوانب عدة يحتاجها المكلف من العبادات ، و المعاملات ، والأنكحة ، والقضاء ، وغير ذلك .

ولما كان النكاح من فطرة الله التي فطر الناس عليها و جبلهم عليها , فإن الله عزوجل راعى هذه الفطرة ، بل قومها وهذبها ، و خصها بأحكام متعددة ، فمن الأحكام ما هو مختصٌ بالزوج ، و منها ما هو مختصٌ بالمرأة ، ومنهما ما هو مشتركٌ بينهما .

ومن ما هو مشترك بين الزوجين حق المعاشرة بينهما ، فهو حق للزوج و الزوجة ، فالشارع الحكيم لم يغفل هذا الجانب ، بل ذكر ما يهمه ويخصه ، ومما قد يَعْرِض لهذه – المعاشرة – ويمنعها فترة محددة أو غير محددة ، من عنّة أو مرض أو غير ذلك ، للزوج أو الزوجة ، فأحببت أن أبحث ما يتعلق بعُنة الزوج وحكم انتظارها تحت عنوان : ( عنَّة الزوج وانتظارها في الفقه الإسلامي ) من خلال التراث الفقهي الإسلامي ، لما لذلك من أهمية لا تخفى ، ووقوعها في المجتمع وسؤال الناس عنها .

فعزمت على جمع أطراف الموضوع ، فجاءت دراستي هذه في تمهيد و ثلاثة مطالب ، ففي :

**التمهيد** : بينت فضل العلم وأهله ، وأن من أعظم فضل الله عليهم الكتابة في موضوعات تمس إليه الحاجة ، حتى يسير المسلم وفق إرادة الله عزوجل . وجاء :

**المطلب الأول** : متضمناً تعريف العُنَّة في لغة القرآن الكريم والسنة النبوية ، وأعقبت ذلك بتعريفها عند علماء الفقه رحمهم الله ، وكان :

**المطلب الثاني** : في ذكر أقوال العلماء في إمهال الزوج العِنين ، وجاء

**المطلب الثالث** : في ضرب الأجل للزوج العنين ، وتضمنت

**الخاتمة :** أهم النتائج التي توصلت إليها خلال هذه الدراسة ، فأسأل الله عز وجل أن يمدني بعونه وتوفيقه ، وأن ينفع بذلك ، إنه جواد كريم .

**المطلب الأول : تعريف العُنّة لغة و اصطلاحاً .**

العنين لغة : العن: الاعتراض ، من عنَّ الشيء إذا اعترض

والعنين : الذي لا يأتي النساء ، ولا يريدهن ، وعنَّ من امرأته إذا حكم القاضي عليه بذلك ، أو منع منها بالسحر ، والاسم من ذلك العُنَّةَ ، وكأنه اعترضه ما يحبسه عن النساء. وسمي الرجل عِنيناً ، لأنه يعنَّ ذكره بقُبُلِ المرأة من عن شماله ويمينه فلا يِقصده.

ويقال تعنن الرجل : إذا ترك النساء من غير أن يكون عنياً لثأر يطلبه. (٨)

**العنين اصطلاحاً:**

هو العاجز عن الإيلاج باعتراض ذكره ، حينما يريد أن يولج. (٩)

وقيل هو من لا ينتشر ذكره ، إنما هو كالإصبع في جسده ولا ينقبض ولا ينبسط. (١٠)

**المطلب الثاني: أقوال العلماء في إمهال الزوج العِنين.**

اختلف أهل العلم رحمهم الله في إعطاء الزوج العنّين مدة ومهلة ، لمعرفة قدرته على الجماع من عدمه ،على قولين:

**القول الأول:**

لا يضرب له أجل ، وتبقى زوجته معه ، ولا يثبت لها الفسخ بذلك ، وهو مروي عن علي(١١) رضي الله عنه وهو قول ابن حزم(١٢) من الظاهرية (١٣)

**القول الثاني :**

يضرب للزوج العنين أجل لمدة سنة ، منذ رفع زوجته الدعوى عليه بذلك ، ويثبت لها الفسخ بالعُنة بعد المدة .وهو قول الأئمة الأربعة وروي عن علي بن أبي طالب رضي الله عنه (١٤) وقَبْله عمر رضي الله عنه.

وروي عن الحارث بن ربيعه رحمه الله أنه أجل رجلاً عشرة أشهر(١٥)، وذكر في بداية المجتهد أن ابن المنذر رحمه الله قال: إنه إجماع. (١٦)

**فرع** : هل يستوي في هذا التأجيل الحر والعبد

يستوي في ذلك الحر والعبد . وروي عن مالك أنه أجل العبد ستة أشهر(١٧)

**الأدلة** :

استدل أصحاب القول الأول بدليل من السنة :

ما روي أن امرأة أتت النبي ﷺ فقالت: يا رسول الله إن رفاعة طلقني ، فبت طلاقي ، فتزوجت بعبد الرحمن بن الزَبِير(١٨) وإنما له مثل هدبة الثوب ، فقال تريدين أن ترجعي إلى رفاعة ، لا ، حتى تذوقي عسيلته ويذوق عسيلتك"(١٩)

**وجه الاستدلال:**

في الحديث دلالة على عدم ضرب المدة للعنين ، لأن الرسول ﷺ لم يضرب أجلاً لعبد الرحمن ابن الزَبِير ، وكذا لا يثبت بها الفسخ ايضاً .

**والجواب عن هذا** :

أن المدة تضرب بطلب الزوجة ، لذلك وإذا اعترف الزوج(٢٠) ولم يحصل شيء من ذلك ، كما أن الزوج انكر ما نسبته إليه ، وقال إني لأعركها عرك الأديم ، وأجاب ابن عبد البر(٢١) – رحمه الله – بأن مجيء هذه المرأة إلى النبي ﷺ كان بعد طلاقها من ابن الزبير ، وعندها فلا معنى لضرب الأجل له في هذه الحال ، ويؤكد هذا المعنى قوله صلى الله عليه وسلم تريدين أن ترجعي إلى رفاعة ، ولو كان مجيئها قبل طلاق عبد الرحمن لها لما قال لها ذلك.

وقيل إنما كان ضعيفاً ولم يكن عنيناً ، ولذا قال ﷺ لا ، حتى تذوقي عسيلته ولو كان عاجزاً لم يستطع ذلك. (٢٢)

**أدلة القول الثاني :**

١ – قوله تعالى: ﴿فَإِمْسَاكٌ بِمَعْرُوفٍ أَوْ تَسْرِيحٌ بِإِحْسَانٍ﴾ . (٢٣)

**وجه الإستدلال:**

أن الله سبحانه وتعالى أمر الزوج أن يمسك زوجته بالمعروف ، وليس من المعروف بقاءها هكذا ، من غير أن يوفيها حقها من الوطء ، ولذا كان لزاماً عليه التسريح بإحسان. (٢٤)

٢ – إجماع الصحابة رضي الله عنهم على ضرب المدة للعنين ، ثم التفريق بينهما إذا ثبتت العنة ، فقد روي سعيد بن المسيب عن عمر بن الخطاب رضي الله عنه أنه قضي في العنين أن يؤجل سنة ، فإن قدر عليها وإلا فرق بينهما. (٢٥)

روي عن علي وابن مسعود رضي الله عن الجميع أنهما قالا بتأجيله سنة ، فإن وصل إليها وإلا فرق بينهما ، وكان قضاؤهم بمحضر من الصحابة رضي الله عنهم ولم ينكر أحدٌ فكان إجماعاً. (٢٦)

٣ – أن عجز الزوج عن الوطء محتمل العنة وغيرها كالمرض ، فيؤجل سنة حتى تمر عليه الفصول الأربعة ، فإن كان ما به مرض زال أو تبين خلالها ، لأنه إن كان ما به يبس زال في وقت الرطوبة ، وإن كان رطوبةً زال في وقت اليبس والحرارة ، وإن كان من انحراف مزاج زال في زمن الأعتدال ، فإن مرت عليه ولم يزل ما به علم أنه عنة. (٢٧)

٤ – أن الوطء أمر مُسْتحَق للزوجة بموجب العقد ، وإذا فات ذلك المستحق للزوجة فات مستحق العقد ، كما أن فيه ضرر على الزوجة ، والله عز وجل قد رفع الظلم والضرر قال تعالى: ﴿وَلَا يَظْلِمُ رَبُّكَ أَحَدًا﴾ (٢٨) وقالﷺ: "لا ضرر ولا ضرار". (٢٩) (٣٠)

**الترجيح** : مما تقدم يترجح لي أنه يثبت الفسخ بالعُنّة ، إذا ضرب للزوج مدة وهي سنة ، من تاريخ المرافعة إلى الحاكم ، وهو رأي الأئمة الأربعة وذلك لقوة أدلتهم من الكتاب والسنة والإجماع عن الصحابة رضي الله عنهم ومن العقل.

وللرد على دليل المخالفين.

اختلف العلماء رحمهم الله في ابتداء السنة للعنين على قولين :

**القول الأول**:

تبدأ المدة من وقت التخاصم ، وهذا قول جمهور العلماء من الحنفية والمالكية والحنابلة. (٣١)

**القول الثاني**:

تبدأ السنة من ضرب القاضي للمدة ، لا من وقت التخاصم. وهذا قول الشافعية واختاره الباجي من المالكية. (٣٢) ، قال صاحب مغني المحتاج : (المدة من ضرب القاضي ، لا من وقت ثبوت العنة ، لأنها مجتهد فيها بخلاف مدة الإيلاء ، فإنها من وقت الحلف للنص) . (٣٣)

**الترجيح** :

لم يذكر لأي من القولين تعليل ، لكن انتصر للقول الثاني صاحب المنتقى فقال: (السنة في ذلك من يوم ترافعه امرأته إلى السلطان ، هذه عبارة أصحابنا ، وتحقيق ذلك عندي أن أول السنة من يوم الحكم بها ، وذلك أن رفعها إلى السلطان لا يوجب لها الحكم إلا بعد إقرار الزوج ، أو إثبات ما يوجب لها الحكم ، وربما كان ذلك في المدة الطويلة ، فإذا ثبت عند الحاكم ما يوجب ضرب الأجل أستأنف ضربه من يوم إنفاذ الحكم) (٣٤). وهذا هو الراجح والله أعلم.

**المطلب الثالث** : ضرب الأجل للزوج العنين :

في هذا المبحث سوف نذكر بإذن الله أنواع الزوج العنين ، ونبيّن حكم كل فرعٍ على حده . وينتظم ذلك أربعة فروعٍ :

**الفرع الأول** : ضرب الأجل للزوج العّنين البالغ :

اختلف العلماء في ضرب الأجل للزوج العنين إلى قولين:كما مر في المسألة المطلب السابق لكن نذكرها هنا بإيجاز.(٣٥)

**القول الأول**:

لا يضرب له أجل ، وتبقى زوجته معه ، ولا يثبت لها الفسخ بذلك , وهو مروي عن علي رضي الله عنه وهو قول ابن حزم من الظاهرية. (٣٦)

**القول الثاني** :

يضرب للزوج العنين أجل لمدة سنة ، منذ رفع زوجته الدعوى عليه بذلك ، ويثبت لها الفسخ بالعُنة بعد المدة . وهو قول الأئمة الأربعة , وروي عن علي بن أبي طالب رضي الله عنه (٣٧) وقبْله عمر رضي الله عنه.

**الترجيح** :مما تقدم يترجح لي أنه يثبت الفسخ بالعُنّة إذا ضرب للزوج مدة وهي سنة ، من تاريخ المرافعة إلى الحاكم ، وهو رأي الأئمة الأربعة وذلك :

لقوة أدلتهم من الكتاب والسنة والإجماع عن الصحابة رضي الله عنهم ومن العقل.

**الفرع الثاني** : ضرب الأجل للزوج الصبي العِنّين .

المقصود هنا : أن العنّة كما تكون فيما بعد البلوغ , فقد تكون أيضاً قبل ذلك عند الصبي القادر على الجماع ، ولذا سوف نتطرق إلى ما قاله الفقهاء رحمهم الله تعالى- في حكم ضرب الأجل للصبي العِنّين , فقد اختلف العلماء في ضرب الأجل له إلى قولين :

**القول الأول**: إن العنين الصبي إن لم يجامع زوجته أُجِّل أي كما يؤجل البالغ. (٣٨)

وقيل أن المراهق هو الذي يتأتى منه الجماع. فتسمع دعوى التعنين عليه ، وتضرب له المدة ، حكي وجهاً عند الشافعية. (٣٩)

**القول الثاني :**

إن العنين الصبي لا تسمع دعوى امرأته عليه ، وبالتالي لا تضرب له مدة ، ولا يؤجل ، وهو المشهور عند الشافعية.[٤٠]، وقول الحنابلة [٤١] ، ومقتضى مذهب ابن حزم الظاهري.[٤٢]

قال في المغني : ( إذا ادعت امرأة الصبي والمجنون العنة لم تسمع دعواها ، ولم تضرب مدة ). [٤٣]

قال في الروضة: (ومن علم أن عجزه عن الوطء لعارض من صغر أو مرض مرجو الزوال لم تضرب له المدة ). [٤٤]

وقال في الإقناع: (ولا تعتبر عنته إلا بعد بلوغه). [٤٥]

واستدلوا بقولهم :

١) لأن ذلك عارض يزول ، والعنة خلقة وجبلة لا تزول.[٤٦]

٢) لأن المدة والفسخ يعتمدان على إقرار الزوج ، أو يمينها بعد نُكُوله ، وقولهما ساقط[٤٧] ، فلا ضرب للمدة إذن .

ويمكن الإستدلال للقول الأول:

بأنها عنة في الصبي كما هي في البالغ ، فوجب ضرب المدة بجامع عدم الوطء في كلٍ منهما. ثم إن كونه صغيراً لا يمنع من ضرب المدة ، ما دام أن مثله قادر على الوطء.

ويمكن أن يجاب عن هذا : بأن قياسه على البالغ قياس مع الفارق ، لأن البالغ أصبح قوياً قادراً على الجماع بخلاف الصبي.

ولأن البالغ قد رتب الشارع الحكيم عليه أحكاماً ، وألزمه بأمورٍ لم يلزم بها الصغير فافترقا.

**الترجيح** : الراجح والله أعلم هو قول جمهور العلماء ، وهو عدم ضرب المدة له ، لقوة ما استدلوا به ، ولإمكان الجواب على القول الأول.

**الفرع الثالث** :ضرب الأجل للعنّين المجنون .

في هذا الفرع سوف أتعرض لحالة أخرى من أحوال العنين , وهي: ما إذا كان العنين مجنوناً ، هل يؤجل كما يؤجل الصحيح ، خلاف بين العلماء رحمهم الله وهذا بيانه.

**القول الأول** :

إن امرأة المجنون إذا ادعت عليه العنة لم تسمع دعواها ، ولم تضرب له مدة (٤٨) قال به الشافعية(٤٩)، وبعض الحنابلة (٥٠)، ومقتضى قول ابن حزم الظاهري ، لأنه لا يرى تأجيل العنين مطلقاً. (٥١)

**القول الثاني** :

إنه إذا أدعت امرأة مجنون عنته ضربت له المدة ، قال به بعض الحنابلة (٥٢)

**الأدلة** :

**أدلة القول الأول**:

قالوا قياساً على الصبي ، حيث إن المدة والفسخ يعتمدان إقرار الزوج ، أو يمينها بعد نكوله ، وقولهما ساقط. (٥٣)

**دليل القول الثاني** :

القياس : حيث قالوا إنه كالعاقل في بلوغه وتصور عنته ، وأما كونه فاقد العقل فلا تاثير لذلك على العُنَّة.(٥٤)

**الترجيح** : الراجح والله أعلم هو القول الثاني القائل بتأجيل زوجة المجنون العنين كزوجة العنين "البالغ العاقل ، لأن كونه مجنونا لا تأثير له في الحكم ، وما دام أنه وصف غير مُؤثر فلماذا لا نضرب لها مدة كزوجة البالغ العاقل ؟.

**الفرع الرابع** : ضرب الأجل للزوج العنّين الخصيّ .

اختلف العلماء – رحمهم الله تعالى – في الخصي إذا لم يستطع الجماع ، ورفعت امرأته دعواها عليه ، هل تؤجل أم لا ؟ إلى قولين :

**القول الأول :**

أن امرأة الخصي لا تؤجل ، وهو مذهب: المالكية ، والشافعية .(٥٥)

**القول الثاني :**

إن امرأة الخصي إن لم يصل إليها أجلت أجل العنين ، ولا تخيير قبل التأجيل.(٥٦) هو مذهب الحنفية , وقال به الشافعي في الأم , ومذهب الحنابلة.(٥٧)

قال في الأم : (ولو أجل خصي ولم يجب ذكره أو نكحها خصي غير مجبوب لم تخير ، حتى يؤجل أجل العنين ، فإن أصابها فهي امرأته ، وإلا صنع فيه ما صنع في العنين) .(٥٨)

**الأدلة :**

**أدلة القول الأول :**

قالوا : لأن لها الخيار كامرأة المجبوب.(٥٩)، قال به بعض الشافعية ، وهو قول المالكية ، وهو نقض كلام الظاهرية ، حيث لايرون التأجيل في العنين مطلقاً ، ولم أقف لهم فيه على قول خاص.(٦٠)

**أدلة القول الثاني :**

١- قالوا نأجله لأن وطأه مرجو(٦١)، فإذا لم يطأ خلال المدة خُيرت المرأة بين البقاء والفسخ ، كامرأة العنين.

٢ – ولأنه إذا لم يطأ خلال هذه المدة فات الإمساك بمعروف ، فوجب التسريح بإحسان.

**الترجيح :**

لو قيل بالتأجيل احتياطاً لكان أولى ، استبقاءً للنكاح وتيقناً وتحققاً من الأمر.

**الخاتمة وأهم النتائج :**

الحمد لله الذي بنعمته تتم الصالحات ، أحمده وأشكره في الختام كما حمدته في البدء ، فهو أهل للحمد في كل موطن ، وأصلي وأسلم على أزكى البرية نبينا محمد صلى الله عليه وعلى صحابته وأتباعه التابعين له بإحسان إلى يوم الدين ، وسلم تسليماً كثيرا ، وبعد : فقد يسر الله سبحانه وتعالى لي و انتهيتُ من دراسة موضوع (عنّة الزوج وانتظارها في الفقه الإسلامي ) إلى جملة من النّتائج من أهمها :

١- إن العنّة تطلق في اللغة على معانٍ عدة ، موجزها أنها : الإعتراض على الشيء ، والذي لا يأتي النساء ولا يريدهنّ .

٢- إن العنّة في اصطلاح الفقهاء رحمهم الله تعالى هي: العجز عن الإيلاج ، باعتراض ذكره حينما يريد أن يولج ، أو من لا ينتشر ذكره لذلك .

٣- إن الراجح من قولي العلماء هو : ضرب الأجل للزوج العنين .

٤- إن الزوج البالغ العنيّن , يضرب له أجلٌ وهو سَنَة , فإن لم يجامع خلالها فحينها تثبت عنّتهُ , ويثبت الفسخُ لزوجته .

٥- إن مدة التأجيل للعنّين تبدأ من وقت ضرب القاضي الأجل لها .

٦- إن العنّين إذا كان لا يزال صبياً فلا يضرب له أجلٌ .

٧- إن زوجة العنّين المجنون تؤجل كزوجة العنين البالغ .

٨- إن زوجة الخصي تؤجل احتياطاً واستبقاءً لعقد النكاح .

والله أعلم وصلّى الله على نبيّنا محمّد وعلى آله وصحبه أجمعين.

# الهوامش و الإحالات

١) سورة المجادلة آية رقم (١١).

٢) سورة الزمر آية رقم (٩).

٣) سورة فاطر آية رقم (٢٨).

٤) سورة طه آيه رقم (١١٤).

٥) صحيح البخاري مع شرحه فتح الباري١/١٩٧، وصحيح مسلم بشرح النووي ١٣/٧٦ .

٦) انظر:صحيح مسلم بشرح النووي ١٧/ ٢١.

٧) سورة يوسف آية رقم: (١٠٨).

٨) انظر لسان العرب (١٣/٢٩١).

٩) المغني مع الشرح الكبير (٧/٦٠٢).

١٠) المنتقى (٤/١١٨).

١١) هو علي بن أبي طالب بن عبد المطلب بن هاشم ابن عم النبي ﷺ,كنيته أبو الحسن , صحابي معروف فقيه شجاع من أول الناس إسلاماً شهد الغزوات مع النبي ﷺ، وكان رابع خلفائه ، اغتاله عبد الرحمن بن ملجم سنة ٤٠هـ ، انظر أسد الغابة (٤/١٠٠).

١٢) هو أبو محمد على بن أحمد بن سعيد بن حزم الظاهري , ولد سنة ٣٨٤هـ ,عالم الأندلس في عصره وكانت له الوزارة ، فانصرف عنها إلى التأليف والعلم و من كتبه: المحلى وطوق الحمامة ومراتب الاجماع و توفي سنة ٤٥٦هـ ، انظر الأعلام للزركلي (٥/٥٩) والبداية والنهاية (١٢/٩٨).

١٣) المنتقى (٤/١١٨) ، المغني مع الشرح الكبير (٧/٦٠٣) ، المحلى(٨/٥٨) و (١٠/٥٨) ، الشرح الكبير (٧/٥٦٩).

١٤) انظر: الإفصاح (٢/١٣٤) ، فتح القدير (٤/٢٩٧) ، بدائع الضائع (٢/٣٢٢) ، المجموع (١٦/٢٧٧) ، المغني مع الشرح الكبير (٧/٦٠٣) ، المبسوط (٥/١٠٠) ، الإنصاف (٨/١٨٦) ، الأم (٥/٤٠) ، روضة القضاة وطريقة النجاة (١-٢/٩٠٢) ، المحلى (١٠/٥٨).

١٥) انظر : المرجع السابق.

١٦) بداية المجتهد (٢/٥٥).

١٧) انظر المنتقي (١١٨/٤) ، والمجموع (١٦/ ٢٨٠) .

١٨) هو عبد الرحمن بن الزَبِير بن باطا القرظي ، له صحبة ، روي حديثه عن ابن وهب عن مالك المسور بن رفاعة عن الزبير بن عبد الرحمن عن رفاعة بن سموأل طلق امرأته ، ولم يقولوا عن أبيه ، وهو المحفوظ .انظر تهذيب التهذيب(١٧٠/٦).

١٩) أخرجه البخاري في صحيحة بهذا المعنى( ٤٩/٧). وأبو داود في سننه (٢٩٤/٢) وسكت عنه ، وذكره صاحب بدائع الصنائع (٣٢٢/٢).

٢٠) المالكية يرون أنه إذا اعترف الزوج فللزوجة الخيار بدون ضرب مدة ، انظر المنتقى (١١٨/٤).

٢١) هو أبو عمر يوسف بن عبد الله بن محمد بن عبد البر النمري القرطبي ، إمام عصره في الحديث والأثر ، وله كتب قيمة منها : التمهيد ، والاستذكار ، وهو فقيه محدث ، تولى قضاء الأشبونة وشنترين في أيام ملكها المظفر الأفطس ، توفي سنة ٤٦٣هـ ، في مدينة شاطبة ، شرق الأندلس وكان عمره ما يقارب ٩٥سنة ، انظر وفيات الأعيان (٦٦/٧).

٢٢) انظر بدائع الصنائع (٣٢٣/٢) ، المغني مع الشرح الكبير (٦٠٣/٧).

٢٣) سورة البقرة جزء من آية رقم : (٢٢٩) .

٢٤) انظر: بدائع الصنائع (٣٢٣/٢) ، فتح القدير (٢٩٨/٤).

٢٥) انظر: المجموع (١٦/ ٢٧٧) ، المغني مع الشرح الكبير (٦٠٤/٧) ، المبسوط للسرخسي (١٠٠/٥).

٢٦) انظر : بدائع الصنائع (٣٢٣/٣) ، المنتقى (١١٨/٤) ، المجموع (٢٧٧/١٦) .

٢٧) انظر: بدائع الصنائع (٣٢٣/٢) ، فتح القدير (٢٩٨/٤) ، المنتقى (١١٨/٤) ، المجموع (٢٧٧/١٦) ، المغني مع الشرح الكبير(٦٠٤/٧).

٢٨) سورة الكهف جزء من آية رقم : (٤٩) .

٢٩) أخرجه ابن ماجه في سننه (٧٨٤/٢) ، وقيل في إسناده جابر الجعفي وهو متهم ، ولكن الحديث مشهور ، وقاعدة من قواعد الشرع العامة التي تلقتها الأمة بالقبول.

٣٠) بدائع الصنائع (٣٢٣/٢).

٣١) انظر : فتح القدير (٤/٢٩٧) ، الكافي لابن عبد البر(٢٥٨) ، المبدع (٧/١٠٢).

٣٢) انظر : المنتقى (٤/١١٨).

٣٣) مغني المحتاج (٣/٢٠٦).

٣٤) انظر: المنتقى (٤/١١٨).

٣٥) انظر : ٥- ٨ المسألة بأقوالها وأدلتها .

٣٦) انظر :المنتقى (٤/١١٨) ، المغني مع الشرح الكبير (٧/٦٠٣) ، المحلى(٨/٥٨) و (١٠/٥٨) ، الشرح الكبير (٧/٥٦٩).

٣٧) انظر: الإفصاح (٢/١٣٤)؛ فتح القدير (٤/٢٩٧) ، بدائع الضائع (٢/٣٢٢) ، المجموع (١٦/٢٧٧) ، المغني مع الشرح الكبير (٧/٦٠٣) ، المبسوط (٥/١٠٠) ، الإنصاف (٨/١٨٦) ، الأم (٥/٤٠) ، روضة القضاة وطريقة النجاة (١-٢/٩٠٢) ، المحلى (١٠/٥٨).

٣٨) روضة الطالبين (٥/٥٣٢).

٣٩) روضة الطالبين (٥/٥٣٢) نُقِلَ عن المزني من الشافعية ، وضعفه النووي في الروضة .

٤٠) روضة الطالبين (٥/٥٣٢).

٤١) المغني مع الشرح الكبير (٧/٦٠٦) ، الإقناع (٣/٣٥٩) ، حاشية الروض المربع (٦/٣٣٦) ، الإقناع (٣/٣٦١) ، الشرح الكبير (٧/٥٧١).

٤٢) حيث أنه ينكر تأجيل العنين البالغ ، فمن باب أولى الصغير . المحلي (١٠/٥٩).

٤٣) المغني مع الشرح الكبير (٧/٦٠٦)

٤٤) روضة الطالبين (٥/٥٣٢).

٤٥) الإقناع (٣/٣٥٩).

٤٦) المغني مع الشرح الكبير (٧/٦٠٦) ، الإقناع (٣/٣٦١).

٤٧) روضة الطالبين (٥/٥٣٢) .

٤٨) روضة الطالبين (٥/٥٣٢) الإنصاف (٨/١٩٢).

٤٩) روضة الطالبين (٥/٥٣٢).

٥٠) روي عن القاضي من الحنابلة ، راجع الإنصاف (٨/١٩٢).

٥١) المحلى (١٠/٥٩).

٥٢) ذكره ابن عقيل ، راجع الإنصاف (١٩٢/٨) قال المرداوي : وهو الصواب ، راجع الإقناع ( ٣٦٠/٣).

٥٣) روضة الطالبين (٥٣٢/٥).

٥٤) حاشية الروض المربع لابن قاسم (٣٣٦/٦).

٥٥) روضة الطالبين ( ٥٣٢/٥) ، التاج والإكليل (٤٨٥/٣) ، التلقين (٢٩٦/١).

٥٦) انظر : الأم (٤٠/٥) ، روضة الطالبين (٥٣٢/٥) ، الهداية شرح البداية ( ٢٧/٢) ، فتاوى السعدي (٢٠٤/١) ، المغني مع الشرح الكبير (٦٠٦/٧).

٥٧) قال ابن قدامة: وهو ظاهر كلام الخزقي ، المغني مع الشرح الكبير (٦٠٦/٧).

٥٨) (٤٠/٥) .

٥٩) روضة الطالبين (٥٣٢/٥).

٦٠) المحلى (٥٩/١٠).

٦١) الهداية (٢٧/٢) .

# المصادر والمراجع


١) **القرآن الكريم**

٢) **أسد الغابة في معرفة الصحابة** / لعلي بن محمد الجزي المعروف بابن الأثير، تحقيق عادل الرفاعي ، الطبعة الأولى١٤١٦هـ – دار إحياء التراث العربي بيروت .

٣) **الأعلام قاموس تراجم لأشهر الرجال والنساء من العرب والمستعربين والمستشرقين** /لخير الدين الزركلي ، طبع ونشر دار للملايين ، بيروت ، الطبعة الخامسة ١٩٨٠م .

٤) **الإفصاح عن معاني الصحاح** / ليحيى بن هبيرة ، المؤسسة السعودية ، الرياض ، ١٣٩٨هـ .

٥) **الإقناع لطالب الإنتفاع** / لموسى بن أحمد الحجّاوي ، تحقيق / د عبدالله التركي بالتعاون مع مركز البحوث بدار هجر ،هجر للطباعة والنشر ، الطبعة الأولى– ١٤١٨هـ .

٦) **الأم** / لمحمد بن إدريس الشافعي ، تحقيق محمد زهري النجار ، دار المعرفة ، بيروت ، الطبعة الثانية ١٣٩٣هـ .

٧) **الإنصاف في معرفة الراجح من الخلاف** / لعلي بن سليمان المرداوي ، تحقيق محمد بن حامد الفقي ، دار إحياء التراث العربي ، بيروت .

٨) **بداية المجتهد ونهاية المقتصد** / لمحمد بن أحمد بن راشد القرطبي ، تحقيق علي بن محمد وعادل بن أحمد بن عبدالوجود ، الطبعة الأولى ١٤١٦هـ ، دار الكتب العلمية بيروت لبنان .

٩) **البداية والنهاية** / لإسماعيل بن كثير الدمشقي — تحقيق مجموعة من الأساتذة ، الطبعة الأولى ، ١٤٠٨هـ ، دار الريان للتراث .

١٠) **بدائع الصنائع في ترتيب الشرائع** / لعلاء الدين الكاساني ، الطبعة الثانية ، دار الكتاب العربي ، بيروت لبنان ١٩٨٢م .

١١) **التاج والإكليل لمعرفة مختصر خليل** / لمحمد بن يوسف العيدري ، الطبعة الثانية ، دار الفكر بيروت لبنان .

١٢) **التلقين في الفقه المالكي** / لعبدالوهاب بن علي المالكي ، تحقيق محمد بن ثابت الغاني ، الطبعة الأولى ١٤١٥هـ ، المكتبة التجارية مكة المكرمة .

١٣) **تهذيب التهذيب** / لأحمد بن حجر العسقلاني ، الطبعة الأولى — ١٣٢٥هـ .

١٤) **الروض المربع مع حاشية ابن قاسم** / لمنصور البهوتي ، الطبعة الخامسة ، ١٤١٣هـ

١٥) **روضة الطالبين و عمدة المفتين** / ليحيى بن شرف النووي ، الطبعة الثانية ١٤٠٥هـ ، المكتب الإسلامي — بيروت لبنان .

١٦) **روضة القضاة وطريق النجاة** / لعلي بن محمد الرحبي السمنائي ، تحقيق د صلاح الناهي ، مؤسسة الرسالة بيروت لبنان ، الطبعة الثانية ١٤٠٤هـ .

١٧) **سنن ابن ماجة** /لمحمد بن يزيد القزويني ، تحقيق محمد فؤاد عبدالباقي ، دار الفكر، بيروت لبنان .

١٨) **سنن أبي داود** / لسليمان بن الأشعت أبو داود الجستاني / تحقيق محمد بن محي الدين عبدالحميد ، دار الفكر.

١٩) **الشرح الكبير مع الإنصاف والمقنع** / لعبدالرحمن بن محمد بن قدامة المقدسي ، تحقيق د. عبد الله بن عبد المحسن التركي ، الطبعة الأولى ١٤١٥هـ ، هجر للنشر والتوزيع .

٢٠) **شرح النووي على صحيح مسلم** / ليحيى بن شرف النووي — دار القلم — بيروت لبنان .

٢١) **صحيح البخاري** / لمحمد بن إسماعيل البخاري — مركز الدراسات الإسلامية و الإعلام ، دار إشبيليا ، الرياض.

٢٢) **صحيح مسلم** / لمسلم بن الحجاج القشيري — مطبعة محمد علي صبيح ومطبعة مصطفى البابي .

٢٣) **الفتاوى الهندية** / للشيخ نظام وجماعة من علماء الهند ، دار إحياء التراث العربي .

٢٤) **فتح الباري شرح صحيح البخاري** / لأحمد بن علي بن حجر العسقلاني ، دار المعرفة ، بيروت ، الطبعة الثانية .

٢٥) **فتح القدير** / لمحمد بن عبدالواحد المعروف بابن الهمام — الطبعة الثانية ، دار الفكر ، بيروت لبنان .

٢٦) **الكافي في فقه أهل المدينة** / ليوسف بن عبدالله بن عبدالبر القرطبي ، الطبعة الأولى ١٤١٢هـ ، دار الكتب العلمية — بيروت .

٢٧) **لسان العرب**/ لابن منظور ، اعتنى بها أمين عبد الوهاب و محمد العبيدي ، الطبعة الثانية ١٤١٧هـ ، دار إحياء التراث العربي ، بيروت لبنان .
٢٨) **المبدع في شرح المقنع** / لإبراهيم بن محمد بن مفلح الحنبلي ، المكتب الإسلامي ، بيروت لبنان ، عام ١٤٠٠هـ .
٢٩) **المبسوط** / لمحمد بن أسهل السرخسي ، دار المعرفة ، بيروت لبنان ، ١٤٠٦هـ .
٣٠) **المجموع شرح المهذب** / ليحيى بن شرف النووي ، دار الفكر .
٣١) **المحلى** / لعلي بن أحمد بن حزم الظاهري ، تحقيق لجنة إحياء التراث العربي ، دار الآفاق الجديدة ، بيروت لبنان .
٣٢) **مغني المحتاج إلى معرفة ألفاظ المنهاج** / لمحمد الخطيب الشربيني ، دار الفكر ، بيروت .
٣٣) **المغني مع الشرح الكبير** / لعبدالله بن أحمد بن قدامة ، دار الكتاب العربي ، بيروت لبنان .
٣٤) **المنتقى شرح موطأ الإمام مالك** / لسليمان بن خلف الباجي ، مطبعة السعادة ، مصر ، الطبعة الأولى ، ١٣٣١ هـ .
٣٥) **الهداية شرح البداية** /لعلي بن أبي بكر المرغباني ، المكتبة الإسلامية ، بيروت لبنان **الهداية مع فتح القدير** / لعلي بن أبي بكر المرغباني – دار الفكر ، الطبعة الثانية ، بيروت .
٣٦) **وفيات الأعيان وأبناء الزمان** / لأحمد بن محمد بن خلكان ، دار صادر ، بيروت لبنان .

*******************

# جدید مالیاتی ادارے اور تقسیم زکوٰۃ

## Modern Financial Institutions & Distribution of Zakat

ڈاکٹر محمد ادریس مفتی *

## ABSTRACT

One of the main features of the property that Islam does not allow the wealth is concentrated around few peoples; any group or class of society, but according to Islamic point of view money should be in circulation so that poor class of the society could enjoy this blessing from Almighty Allah.

Zakat Distribution System is a system of fair procedure for this world by Islam; if it is implemented with true spirit of Islam it can end poverty from the society. Islam obligate rich people of the society to distribute Zakat from their wealth amongst poor people however Islam has ordered not to receiver Zakat more than their needs so that it could be distribute to other poor people of the society.

Zakat is an important and has significance in Islam. Islamic law imposed the duty on the Islamic government to collect Zakat from the rich and distribute it to the poor of the society, which caused not only undermined the dignity of the poor.

Islamic law imposed the duty on Islamic government to take steps of receiving Zakat. If the government imposed the proper procedures in current banks and other financial institutions to receive Zakat from the rich people of the society and distribute it amongst the poor of the society than it could help to get rid of poverty from the society and it also help for the stability of the economy of any Country?

***Keywords:*** Distribution of Zakat, Money Circulation, Modern financial institutions, stability of the economy, duty of government.

---

* ایسوسی ایٹ پروفیسر، گورنمنٹ ماڈل کالج برائے طلبا، آئی ٹین ون اسلام آباد

اسلام کی بنیادی خصوصیات میں سے ایک خاصیت یہ بھی ہے کہ اسلام دولت کے چند ہاتھوں میں سمٹ کر رہ جانے کی اجازت نہیں دیتا، اور نہ ہی کسی گروہ یا خاص طبقے کے افراد کو یہ اجازت دیتا ہے کہ وہ معاشرے کی ساری دولت پر مسلط ہو کر اس کا خزانہ بنائے، بلکہ اسلامی نقطۂ نظر کے مطابق دولت کو مسلسل گردش میں رہنا چاہئے تاکہ معاشرے کے غریب طبقے کے افراد بھی اس نعمت خداوندی سے مستفید سکیں۔

اسلام کا نظام زکوٰۃ ایک ایسا منصفانہ نظام تقسیم ہے کہ اگر اس پر صحیح طریقے سے عمل کیا جائے تو معاشرے سے کافی حد تک غربت کا خاتمہ ہو سکتا ہے، اسلام نے ایک طرف اگر امیر کو اس بات کا پابند بنایا ہے کہ وہ اپنے مال کا متعین حصہ راہ خداوندی میں دے تو دوسری طرف زکوٰۃ وصول کرنے والے کو بھی اس بات کا تاکیدی حکم دیا ہے کہ وہ وصولیابی میں کسی قسم کی کوئی زیادتی یا بے انصافی کا ارتکاب نہ کرے۔

قرآن مجید میں ارشاد خداوندی ہے:

﴿وَفِيٓ أَمۡوَٰلِهِمۡ حَقّٞ لِّلسَّآئِلِ وَٱلۡمَحۡرُومِ﴾(۱)

ترجمہ: اور ان کے مال میں حصہ مانگنے والوں کا اور محروموں کا۔

علامہ ابن عاشور التونسی رحمۃ اللہ علیہ تحریر فرماتے ہیں:

**"فَلَمَّا جَاءَ الْإِسْلَامُ أَوْجَبَ عَلَى الْمُسْلِمِينَ هَذَا الْحَقَّ وَسَمَّاهُ حَقًّا كَمَا فِي قَوْلِهِ تَعَالَى: وَالَّذِينَ فِي أَمْوالِهِمْ حَقٌّ مَعْلُومٌ لِلسَّائِلِ وَالْمَحْرُومِ"**(۲)

ترجمہ: اسلام نے آکر مسلمانوں پر اپنے اموال میں سے ایک متعین حصے کو راہ خدا میں دینا واجب کر دیا، اور اس کو حق کے نام سے موسوم کر دیا۔

اور یہی حق حضرت قتادہ رحمۃ اللہ علیہ اور حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ کے قول کے مطابق زکوٰۃ ہے، چنانچہ ابو حفص سراج الدین ابن عادل رحمۃ اللہ علیہ "تفسير اللباب في علوم الكتاب" میں تحریر فرماتے ہیں: **"قال قتادة وابن سيرين رحمه الله عليه يريد زكوة المفروضة"**(۳)

گویا شریعت کے رُو سے زکوٰۃ دینے والا فقیر پر کوئی احسان نہیں کرتا، بلکہ یہ امیروں کے اموال میں غریبوں کے لئے ایک مقرر شدہ حصہ ہے، جس کی ادائیگی ہر حال میں ان کے ذمہ ضروری ہے، دوسری طرف اسلام نے زکوٰۃ وصول کرنے والوں کو بھی پابند کیا ہے کہ وہ اس وصولی میں کوئی زیادتی نہ کریں۔

امام بیہقی رحمۃ اللہ علیہ نے 'السنن الکبریٰ' میں حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ کی روایت نقل کی ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا فرمان نقل کیا ہے: ((**الْمُعْتَدِي فِي الصَّدَقَةِ كَمَانِعِهَا**))[۴] (زکوٰۃ وصول کرنے میں زیادتی کرنیوالا زکوٰۃ ادا نہ کرنے والے کی طرح گناہگار ہے)۔

جتنا زکوٰۃ کا نظام اہمیت کا حامل ہے، اتنا ہی شریعت نے اس نظام کو شفاف بنانے کی تاکید کی ہے، چنانچہ شریعت نے اسلامی حکومت کی ذمہ داری لگائی ہے کہ وہ امیروں سے زکوٰۃ وصول کر کے غریبوں پر تقسیم کرے، جس کی وجہ سے نہ صرف یہ کہ غریبوں کی عزت نفس مجروح ہونے سے بچے گی، بلکہ امیروں کو بھی اس حکم کے ماننے سے روگردانی کا موقع نہیں ملے گا۔

چنانچہ ارشاد خداوندی ہے:

﴿خُذْ مِنْ اَمْوَالِهِمْ صَدَقَةً تُطَهِّرُهُمْ﴾[۵]

ترجمہ: آپ ان کے مالوں سے صدقات لے لیا کریں۔

علامہ ابن ہمام رحمۃ اللہ علیہ لکھتے ہیں کہ "**ظاهرقوله تعالى﴿خُذْ مِنْ اَمْوَالِهِمْ صَدَقَةً تُطَهِّرُهُمْ﴾ توجب أخذ الزكوة مطلقا للإمام**"[۶] (اس آیت کے ظاہر سے معلوم ہوتا ہے کہ امام کے لئے زکوٰۃ کی وصولی مطلقاً (اموال ظاہرہ کا زکوٰۃ ہو یا باطنہ کا) واجب ہے)۔

اسی طرح علامہ البابرتی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: "**ظاهرقوله تعالى﴿خُذْ مِنْ اَمْوَالِهِمْ صَدَقَةً تُطَهِّرُهُمْ﴾يثبت للإمام حق الأخذ من كل مال**"[۷] (اس آیت کے ظاہر سے معلوم ہوتا ہے کہ امام کے لئے ہر قسم زکوٰۃ کی وصولی ثابت ہے)۔

یعنی شریعت نے حکومت وقت کو اس بات کا پابند بنایا ہے کہ وہ لوگوں سے زکوٰۃ کی وصولیابی کے لئے اقدامات کرے، موجودہ دور کے بینکوں اور دیگر مالیاتی اداروں میں زکوٰۃ کا نظام صحیح طریقہ سے نافذ ہو جائے اور حکومت وقت باقاعدگی سے خود ان اداروں سے زکوٰۃ وصول کر کے مستحقین کو دینے

کا اہتمام کرے تو یقینا اس سے نہ صرف یہ کہ غربت وافلاس کا خاتمہ ہو سکتا ہے بلکہ ملکی معیشت کی استحکام کی طرف بھی ایک اہم پیش رفت ثابت ہو گی، کیونکہ ہمارے زمانے میں نظام زکوٰۃ کے عملی نفاذ کی اہمیت پہلے کے مقابلے میں کہیں زیادہ ہے، آج جبکہ ہر طرف سے سرمایہ دارانہ نظام نے ہمارے ملک کو اپنے شکنجے میں جکڑا ہوا ہے ایک طرف اگر امیر روزبروز امیر سے امیر تر ہوتا جارہا ہے تو دوسری طرف غریب سطح انسانی سے بھی نچلی زندگی گزارنے پر مجبور ہورہا ہے، قومی دولت چندہاتھوں میں سمٹ رہی ہے، جیساکہ سرمایہ دارانہ نظام کی خاصیت ہے، ایسے ناگفتہ بہ حالات میں نظام زکوٰۃ کا مالیاتی اداروں میں عملی نفاذ نہ صرف امر خداوندی کی بجا آوری ہے، بلکہ ایک بہت بڑی انسانی خدمت بھی ہے، زیر نظر مقالہ میں زکوٰۃ کی مالیاتی اداروں میں عملی نفاذ کے بارے میں پیدا ہونے والے اشکالات کے حل کے متعلق بحث کریں گے۔

**اموال ظاہرہ اور باطنہ کی تعریف:**

اموال ظاہرہ اور باطنہ کی تعریف کرتے ہوئے محمد بن المختار الشنقیطی رحمۃ اللہ علیہ لکھتے ہیں:

**"أموال ظاهرة وأموال باطنة،الأموال الظاهرة عندهم كالزروع والدواب والمواشی والعقارات ونحوها من المنقولات الأخرى، وهی تكون فی المثمونات، وأما الأموال الباطنة فهی فی الذهب والفضة"(۸)**

ترجمہ: فقہاء کے ہاں اموال ظاہرہ کھیتیاں، چوپائے، مویشی، زمینیں اوراس جیسی دیگر منقولی اشیاء ہیں، اوراموال باطنہ سونا، چاندی وغیرہ ہیں۔

اسی طرح علامہ الماوردی رحمۃ اللہ علیہ لکھتے ہیں:

**أما زكوة الفطر فقد قال أصحابنا و هی جارية مجرى زكوة الأموال الظاهرة كالزروع والثمار والمواشی...(۹)**

مذکورہ بالا تصریحات سے معلوم ہوتا ہے کہ کھیتیاں، چوپائے اور دیگر منقولی اشیاء اموال ظاہرہ جبکہ سونا، چاندی اور نقدی وغیرہ اموال باطنہ ہیں۔

حکومت کو کس قسم کے اموال کی زکوٰۃ وصول کرنے کا حق حاصل ہے؟

اب یہاں پر یہ امر وضاحت طلب ہے کہ گورنمنٹ کو شریعت نے کس قسم کے اموال کی زکوٰۃ کی وصولی کا حق تفویض کیا ہے؟ آیا دونوں قسم کے اموال کی زکوٰۃ وصول کرنے کا حق حاصل ہے یا صرف اموال ظاہرہ کی زکوٰۃ کی وصولی کا؟

جناب نبی کریم ﷺ کے زمانہ مبارکہ میں اور آپ ﷺ کے بعد حضرات شیخین رضی اللہ عنہما زمانے میں دونوں قسموں کے اموال (اموال ظاہرہ وباطنہ) کی زکوٰۃ حکومت وصول کیا کرتی تھی۔

بعد میں جب حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کا دور آیا اور اسلامی فتوحات میں وسعت پیدا ہونے لگی اور دور دراز کے علاقے فتح ہونے لگے تو حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے اس وجہ سے کہ اگر اموال باطنہ کی زکوٰۃ حکومت وصول کرے گی تو اس سے لوگوں کے نجی مقامات کی تلاشی لینی پڑے گی، اور شخصی مقامات کی تفتیش کی وجہ سے لوگوں کو نہ صرف یہ کہ تکلیف ہوگی بلکہ ممکن ہے کہ کوئی فتنہ پیدا ہو جائے، تو آپ رضی اللہ عنہ نے فیصلہ فرمادیا کہ حکومت صرف اموال ظاہرہ کی زکوٰۃ وصول کریگی، اور اموال باطنہ کی زکوٰۃ مالکان خود ادا کریں، لیکن یہاں پر یہ وضاحت ضروری ہے کہ فقہاء کرام نے اس بات کی تصریح فرمائی ہے کہ امام کا حق اموال باطنہ سے زکوٰۃ کے حصول میں بالکلیہ ختم نہیں ہوا ہے، بلکہ اب بھی اگر حکومت وقت اگر کسی مصلحت کے تحت یا کسی ضرورت کی وجہ سے سے اموال باطنہ کی زکوٰۃ وصول کرنا چاہے تو کر سکتی ہے۔

ابن ہمام رحمۃ اللہ علیہ لکھتے ہیں:

**"ظاهرقوله تعالى:﴿خُذْ مِنْ اَمْوَالِهِمْ صَدَقَةً تُطَهِّرُهُمْ﴾الآية توجب حق أخذ الزكوة مطلقا للإمام وعلى هذا كان رسول اللهصلى الله عليه وسلم والخليفتان بعده فلما ولى عثمان وظهر تغيرالناس كره ان تفتش السعادة على الناس مستور أموالهم وفوض الدفع إلى الملاك نيابة عنه ولم تختلف الصحابة عليه فى ذلک و هذا لايسقط طلب الإمام أصلا ولذا لوعلم أن أهل بلدة يؤدون زكوتهم طالبهم بها......"(۱۰)**

علامہ ابن ہمام رحمۃ اللہ علیہ نے "وهذا لايسقط طلب الإمام أصلا" سے اس بات کی تصریح فرمادی ہے کہ امام کا حق اموال باطنہ سے زکوٰۃ کی وصولی کا ختم نہیں ہوتا۔

اسی طرح علامہ عبداللہ بن محمود الموصلی الحنفی رحمۃ اللہ علیہ لکھتے ہیں:

**لأن الأخذ كان للإمام وعثمان فوضه إلى الملاك وذلك لايسقط حق طلب الإمام حتى لو علم أن أهل بلدة يؤدون زكاتهم طالبهم بها...** (۱۱)

علامہ موصوف نے **وذلك لايسقط حق طلب الإمام** کہہ کر اس بات کی تصریح فرمادی ہے کہ اموال باطنہ سے زکوٰۃ کے حصول کا سرکاری حق ختم نہیں ہوتا۔

اسی بات کی وضاحت کرتے ہوئے صاحب الخلاصۃ لکھتے ہیں:

**"الزكوة بأنواعها التى يأخذها الإمام سواء كانت زكوة أموال ظاهرة أم باطنة من السوائم والزروع والنقود والعروض......"** (۱۲)

مذکورہ نصوص سے یہ بات واضح ہوجاتی ہے کہ اموال باطنہ سے امام کا حق بالکلیہ ختم نہیں ہوتا لہٰذا اگر امام مصلحت کی وجہ سے چاہے تو اموال باطنہ کی زکوٰۃ وصول کرسکتا ہے۔

## بینک اکاؤنٹس میں موجود رقم کی شرعی حیثیت :

بینکوں اور دیگر مالیاتی اداروں سے زکوٰۃ کی وصولی میں ایک سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ ان اداروں میں موجود رقم اموال ظاہرہ میں داخل ہے یا اموال باطنہ میں؟ کیونکہ ان اموال کو اگر اموال ظاہرہ میں شمار کیا جائے تو پھر تو گورنمنٹ کا ان سے زکوٰۃ لینے میں کوئی اشکال نہیں ہے، اور اگر ان کو اموال باطنہ میں شمار کیا جائے تو پھر حکومت کسی مصلحت یا ضرورت کی وجہ سے ان سے زکوٰۃ وصول کرسکتی ہے۔ اس بات کی وضاحت کرتے ہوئے دور حاضر کے محقق عالم شیخ الاسلام حضرت مولانا مفتی محمد تقی عثمانی صاحب دامت برکاتہم تحریر فرماتے ہیں:

> "نقد روپیہ اور سامان تجارت اس وقت تک اموال باطنہ رہتے ہیں جب تک وہ پوشیدہ نجی مقامات پر مالکان کے زیر حفاظت ہوں، ایسے اموال کی زکوٰۃ وصول کرنے میں چونکہ ان نجی مقامات میں دخل اندازی کرنی پڑتی ہے اسلئے انہیں حکومت کی وصولیابی سے مستثنیٰ رکھا گیا ہے، لیکن جب یہی اموال مالکان خود نجی مقامات سے نکال کر باہر لے آئیں، اور وہ

حکومت کے زیر حفاظت آجائیں تو وہ اموال ظاہرہ کے حکم میں آجاتے ہیں، اور حکومت کو ان سے زکوٰۃ وصول کرنے کا اختیار ہوجاتا ہے، گویا کسی مال کے اموال ظاہرہ میں شمار ہونے کے لئے دو بنیادی امور ضروری ہیں:
ایک یہ کہ وہ ایسے نجی مقامات پر رکھے ہوئے نہ ہوں جہاں سے ان کا حساب کرنے کے لئے نجی مقامات کی تفتیش کرنی پڑے، اور دوسرے یہ کہ وہ حکومت کے زیر حفاظت آجائیں۔ اگر اس معیار پر موجودہ بینک اکاؤنٹس کا جائزہ لیا جائے تو ان میں یہ دونوں باتیں پوری طرح موجود ہیں، ایک طرف تو وہ اموال ہیں، جنہیں ان کے مالکان نے اپنی حرز (حفاظت) سے نکال کر خود حکومت پر ظاہر کردیا ہے، اور ان کے حساب میں نجی مقامات کی تفتیش کی ضرورت نہیں ہے، دوسرے یہ کہ یہ اموال حکومت کے زیر حمایت ہی نہیں بلکہ زیر ضمانت آچکے ہیں، بالخصوص جب بینک سرکاری ملکیت میں ہیں اور ان کو جو سرکاری تحفظ حاصل ہے وہ عاشر پر گزرنے والے اموال کے مقابلے میں کہیں زیادہ ہے، اس لئے مجلس کی رائے یہ ہے کہ بینک اکاؤنٹس اور دوسرے مالیاتی اداروں میں رکھے ہوئے اموال، اموال ظاہرہ کے حکم میں ہیں، اور حکومت ان سے زکوٰۃ وصول کرسکتی ہے"(۱۳)

اور اگر بالفرض ان بینکوں اور دیگر مالیاتی اداروں میں موجود رقم کو اموال باطنہ ہی کہا جائے تو تب بھی حکومت کو یہ حق حاصل ہے کہ کسی مصلحت کے تحت یا خاص ضرورت کی وجہ سے ان کی زکوٰۃ وصول کرے، جیسا کہ ماقبل میں امام ابن ہمام رحمۃ اللہ علیہ اور دیگر فقہاء کرام کے حوالے سے یہ بات ذکر کی گئی ہے کہ اموال باطنہ سے زکوٰۃ لینے کا حق بالکلیہ ساقط نہیں ہوا ہے بلکہ امام کو اب بھی یہ حق حاصل ہے۔

دور حاضر میں یہ بات بالکل ظاہر ہے کہ غریب ہر طرف سے مصائب کا شکار ہے، سہولیات تو در کنار ہمارے وطن عزیز میں غریب عوام ضروریات سے بھی محروم ہیں، ہر طرف مہنگائی کا دور دورہ ہے، غریب کی آمدن اس کی ضروریات کی کفالت کے لئے ناکافی ہے، جبکہ دوسری طرف امیر طبقہ کے لوگ اپنی دولت کے نشے میں اتنے مست ہیں کہ ان کو غریبوں کی بدحالی کا احساس تک نہیں ہوتا۔

ایسی صورتحال میں اگر حکومت ان مالیاتی اداروں سے خود زکوٰۃ وصول کرے تو غریبوں کی حالت سدھرنے کی امید کی جاسکتی ہے، بینک اکاؤنٹس کے اموال ظاہرہ ہونے کی صورت میں (جیسا کہ مفتی تقی عثمانی صاحب مدظلہ کی تحقیق ہے) تو کوئی اشکال نہیں، لیکن اگر اسے اموال باطنہ بھی کہا جائے تب بھی فقہاء کی صراحت کے مطابق ضرورت کے وقت اموال باطنہ سے زکوٰۃ وصول کرنے کا حق حاصل ہے، اور مذکورہ بالا صورتحال ہی سب سے بڑی ضرورت ہے، لہٰذا حکومت کو ان مالیاتی اداروں اور بینک اکاؤنٹس سے زکوٰۃ کی وصول کا حق حاصل ہونا چاہئے۔

## زکوٰۃ کی ادائیگی اور نیت:

مالیاتی اداروں سے اگر حکومت زکوٰۃ وصول کرے گی تو سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ زکوٰۃ بھی دیگر عبادات کی طرح ایک عبادت ہے، لہٰذا اس کی ادائیگی کے لئے بھی نیت کی ضرورت ہوگی، اور جب حکومت زبردستی وصول کریگی تو نیت مفقود ہوگی، اس کا جواب یہ ہے کہ فقہاء کرام نے وضاحت کی ہے کہ حکومت کا زکوٰۃ وصول کرنا خودبخود نیت کے قائم مقام ہوجاتا ہے، چنانچہ علامہ الموصلی رحمۃ اللہ علیہ "الاختیار" میں لکھتے ہیں:

"ومن امتنع من أداء الزكوة أخذها الإمام كرها،و وضعها موضعها لقوله تعالىٰ:﴿خُذۡ مِنۡ أَمۡوَٰلِهِمۡ صَدَقَةٗ تُطَهِّرُهُمۡ﴾"[۱۴]

اسی طرح علامہ شامی رحمۃ اللہ علیہ لکھتے ہیں:

"وفي مختصر الكرخي إذاأخذها الإمام كرها فوضعا موضعها أجزأ لأن له أخذ الصدقات فقام أخذه مقام دفع المالك..."[۱۵]

## زکوٰۃ اور قرضہ جات:

موجودہ دور میں زکوٰۃ کی ادائیگی کے سلسلہ میں ایک اہم مسئلہ قرضہ جات کا بھی ہے، بڑے بڑے سرمایہ دار لوگ کروڑوں روپے کے مقروض ہوتے ہیں، اور یہ قرضے عام طور سے وہ لوگ کاروبار ہی کی غرض سے لیتے ہیں، اب اگر ان کے ان قرضہ جات کو منہا کیا جائے تو نہ صرف یہ کہ ان لوگوں پر زکوٰۃ واجب نہیں رہے گی، بلکہ بسااوقات وہ خود مستحق زکوٰۃ بن سکتے ہیں، اب سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ آیا ایسے

قرضوں کو منہا کیا جائے گا یا نہیں؟اس مسئلہ کا حل یہ ہو سکتا ہے کہ جہاں تک قرضوں کے منہا کرنے کی بات ہے وہ متفقہ فیصلہ نہیں، بلکہ حضرات فقہاء کرام کا اس میں اختلاف رہا ہے۔

چنانچہ حضرت مولانا مفتی محمد تقی عثمانی دامت برکاتہم ارشاد فرماتے ہیں:

"اس سلسلہ میں فقہاء امت کے مذاہب کا خلاصہ یہ ہے کہ امام ابو حنیفہ رحمۃ اللہ علیہ کے نزدیک ہر طرح کے قرضے زکوٰۃ سے اموال باطنہ کی زکوٰۃ سے مانع ہیں، اموال ظاہرہ کی زکوٰۃ سے نہیں، اور امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ کا قول جدید یہ ہے کہ کسی بھی طرح کا قرض زکوٰۃ سے منہا نہیں ہو گا۔[۱۶]

موجودہ حالات ایسے ہیں کہ جس کسی شخص نے اپنی ضروریات زندگی کے لئے کوئی قرض لیا ہو اس کو زکوٰۃ سے منہانہ کرنا اس شخص پر زیادتی ہو گی، البتہ یہ مسئلہ ہمیشہ اہل علم کے نزدیک زیر غور رہا ہے کہ آج کل بڑے بڑے سرمایہ دار اپنی پیداواری اغراض کے لئے جو قرضے لیتے ہیں اگر ان سب کو منہا کیا جائے تو ان پر بعض صورتوں میں شاید زکوٰۃ کبھی بھی واجب نہ ہو، جو مقاصد شریعت کے بالکل خلاف ہے، اسلئے اگر ایسے قرضوں کے بارے میں امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ کے مسلک پر عمل کرتے ہوئے یہ کہا جائے کہ وہ زکوٰۃ سے منہا نہیں کئے جائیں گے تو یہ مناسب ہے۔

## کیا بینک اکاؤنٹس قرضے ہیں؟

بینکوں سے زکوٰۃ کی وصولی کے بارے میں ایک بحث یہ بھی ہے کہ جب کوئی آدمی بینک میں اکاؤنٹ کھولتا ہے تو گویا وہ اپنے پیسے بینک کو قرض دیتا ہے، یہی وجہ ہوتی ہے کہ اگر بینک جل جائے یا کسی اور مالیاتی حادثہ کا شکار ہو جائے تو کاؤنٹ ہولڈر کی رقم پر اس کا کوئی اثر نہیں پڑتا، اس سے معلوم ہوتا ہے کہ یہ رقم بینک کے ذمہ اکاؤنٹ ہولڈر کا قرض ہوتا ہے، اور قرضوں کے بارے میں مسئلہ یہ ہے کہ جب تک وہ اصل مالک کو واپس نہ ملے اس وقت تک ان سے زکوٰۃ کی ادائیگی لازم نہیں ہوتی، تو جب حکومت بینکوں سے زکوٰۃ وصول کریگی تو اس کا مطلب یہ ہو گا کہ گورنمنٹ زکوٰۃ کی ادائیگی واجب ہونے سے پہلے وصول کر رہی ہے، جو کہ کسی بھی طریقہ سے درست نہیں ہے، اس کا حل یہ ہو سکتا ہے کہ جہاں تک اس بات کا تعلق ہے کہ دائن کو مال واپس ملنے سے پہلے آیا اس پر اس مال کی زکوٰۃ کی ادائیگی واجب ہوتی

ہے یا نہیں؟ تو اس کا جواب مطلق نفی میں دینا درست نہیں، بلکہ نصوص میں غور و فکر کرنے سے معلوم ہوتا ہے کہ دین (قرض) کی دو قسمیں ہیں:

۱- ایسا دین جس کا ملنا یقینی ہو۔

۲- ایسا دین جس کا ملنا یقینی نہیں بلکہ مظنون ہو۔

چنانچہ امام بیہقی نے حضرت عبد اللہ بن عمر رضی اللہ عنہ کی روایت نقل کی ہے:

"زَكُّوا مَا كَانَ فِي أَيْدِيكُمْ، وَمَا كَانَ مِنْ دَيْنٍ فِي ثِقَةٍ فَهُوَ بِمَنْزِلَةِ مَا فِي أَيْدِيكُمْ وَمَا كَانَ مِنْ دَيْنٍ ظَنُونٍ فَلَا زَكَاةَ فِيهِ حَتَّى يَقْبِضَهُ " (۱۷)

اس روایت سے مذکورہ بالا دونوں قسمیں معلوم ہوتی ہیں۔ جہاں تک قسم اول کے دین کا تعلق ہے سو اس کے بارے میں امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ کا مذہب یہ ہے کہ قبضہ سے پہلے اس کی زکوٰۃ ادا کرنی ضروری ہے، کیونکہ اس کا ملنا یقینی ہے۔ حضرت عبد الرحمان بن عبد القاری جو کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے عہد میں بیت المال کے نگران تھے، فرماتے ہیں۔

"كَانَ النَّاسُ يَأْخُذُونَ مِنَ الدَّيْنِ الزَّكَاةَ، وَذَلِكَ أَنَّ النَّاسَ إِذَا خَرَجَتِ الْأَعْطِيَةُ حَبَسَ لَهُمُ الْعُرَفَاءُ دُيُونَهُمْ وَمَا بَقِيَ فِي أَيْدِيهِمْ أُخْرِجَتْ زَكَاتُهُمْ قَبْلَ أَنْ يَقْبِضُوا ......" (۱۷)

حضرت امام ابو حنیفہ رحمۃ اللہ علیہ کا اس قسم کے دیون کے بارے میں مسلک یہ ہے کہ قبضہ سے پہلے ان سے زکوٰۃ کی ادائیگی واجب نہیں ہوتی، کیونکہ اگرچہ ان کا ملنا یقینی ہے پھر بھی کسی نہ کسی حد تک اس میں نہ ملنے کا احتمال موجود ہے، لہٰذا وہ اس قسم اول کو قسم دوم پر قیاس کرتے ہوئے فرماتے ہیں کہ اس سے بھی زکوٰۃ کی ادائیگی قبضہ سے پہلے واجب نہیں ہوتی۔

چنانچہ امام ابو یوسف رحمۃ اللہ علیہ ''کتاب الآثار'' میں حضرت علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہ کا قول نقل کرتے ہیں: ((أَنَّهُ قَالَ فِي الرَّجُلِ يَكُونُ لَهُ الدَّيْنُ فَيَقْبِضُهُ، قَالَ: «يُزَكِّيهِ لِمَا كَانَ مَضَى»)) (۱۸)

لیکن موجودہ دور کے بینک اکاؤنٹس کے بارے میں اگر غور کیا جائے تو یہ نہ صرف یہ کہ قسم اول کے دیون میں شامل ہے بلکہ اس کا یقینی ہونا اور بھی زیادہ واضح ہے، چنانچہ حضرت مولانا مفتی محمد تقی عثمانی صاحب بینک اکاؤنٹس کے یقینی ہونے پر بحث کرتے ہوئے فرماتے ہیں:

"جب ہم اس نکتہ نظر سے بینک اکاؤنٹس کا جائزہ لیتے ہیں تو وہ دین ہونے کے باوجود اس معاملہ میں دوسرے عام دیون سے ممتاز نظر آتا ہے، جس کی وجوہ مندرجہ ذیل ہیں:

۱- عام قرضوں کا حال یہ ہوتا ہے کہ مقرض کے قبضہ سے نکلنے کے بعد ان پر مقرض کا کوئی تصرف باقی نہیں رہتا، بلکہ وہ مقروض کے رحم و کرم پر ہوتا ہے کہ وہ جب چاہے اسے ادا کرے، اس کے برعکس بینک اکاؤنٹس میں مقرض کے طلب کرنے پر فوری ادائیگی نہ ہونے کا سوال ہی نہیں پیدا ہوتا، اور یہ بینک کی طرف صرف زبانی اقرار نہیں ہوتا بلکہ بینکوں کا مسلسل بلا تخلف طرز عمل یہی ہے، جس کے بغیر بینک چل ہی نہیں سکتے، لہٰذا یہ قرض کی وہ قسم ہے جس میں مقرض اپنی رقم جب چاہے فوراً بلا تخلف واپس لے سکتا ہے، اور عملاً وہ ایسے ہی قابل اعتماد ہے جیسے اپنی تجوری میں رکھی ہوئی رقم، بلکہ اس سے بھی زیادہ کہ تجوری کی رقم میں ہلاک ہونے کا خطرہ ہے لیکن بینک اکاؤنٹ میں ایسا خطرہ نہیں ہے۔

۲- بینک اکاؤنٹس میں رکھی ہوئی رقم پر ہر اکاؤنٹ ہولڈر ٹھیک اسی طرح تصرف کرتا ہے، جس طرح اپنی الماری میں رکھی ہوئی رقم پر تصرف کرتا ہے، اس وقت تجارت کا سارا کاروبار بینک اکاؤنٹس ہی پر چل رہا ہے، اور بیشتر ادائیگیاں بینک ہی کے ذریعے ہوتی ہیں۔

۳- عرف عام میں بھی بینک میں رقم رکھوانے کے بعد کوئی شخص یہ نہیں سمجھتا کہ اس نے یہ رقم کسی کو قرض دیدی ہے، بلکہ وہ اسے اپنی ہی رقم سمجھتا ہے، اور اسکے ساتھ اپنی رقم ہی کا سا معاملہ کرتا ہے، جب کوئی شخص اپنے حاضر و غائب مال کی فہرست بناتا ہے تو بینک اکاؤنٹس کو مال حاضر میں شمار کیا جاتا ہے، مال غائب میں نہیں۔

۴- عام قرضوں کا حال یہ ہے کہ معاہدہ قرض کا محرک مستقرض ہوتا ہے، لیکن یہاں محرک مقرض ہوتا ہے، اور اس کا اصل منشا قرض دینے کے بجائے اپنے مال کی حفاظت ہوتا ہے [۱۹]۔

اس ساری صورتحال کو سامنے رکھتے ہوئے اگر یہ کہا جائے کہ اس مسئلہ میں امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ کے قول پر عمل کر کے زکوٰۃ وصول کی جائے تو یہ مناسب ہے، اوراس صورت میں حضرت امام ابو حنیفہ رحمۃ اللہ علیہ کے قول کی مخالفت بھی لازم نہیں آتی، کیونکہ امام صاحب رحمۃ اللہ علیہ نے اس احتمال کی وجہ سے کہ ممکن ہے کہ وہ دین واپس نہ ملے، یہ قول اختیار فرمایا تھا، اور موجودہ بینک اکاؤنٹس (جیسا کہ ظاہر ہے اس وقت نہیں تھے) میں یہ احتمال بالکل نہیں ہوتا لہٰذا اس صورت کو اختیار کرنے میں امام صاحب رحمۃ اللہ علیہ کے قول کی مخالفت نہیں ہوگی۔

مذکورہ بالا بحث و تمحیص کو دیکھتے ہوئے اس بات کا کھلے عام ثبوت ملتاہے کہ دولت کا چند افراد کے ہاتھوں میں رہنا کسی طرح مناسب نہیں، جبکہ اسلام کا نظام مالیت اس بات کا متدعی ہے کہ مال و دولت سب کے لئے یکساں مفید ہو، اور مذکورہ بالا دلائل سے بھی یہی بات پایہ ثبوت کو پہنچتی ہے کہ ادائے زکوٰۃ کا فریضہ اگر تمام اہل ثروت صحیح طریقہ سے ادا کریں، تو تعلیمات اسلامیہ کے مطابق ہر آدمی مکمل طور پر فیض یاب ہو سکتاہے۔ اور اگر اہل ثروت خود اس فریضہ کی ادائیگی میں کوتاہی کرتے ہوں تو مذکورہ بالا تحقیق کے نتیجے میں حکومت وقت کو یہ حق حاصل ہے کہ خود تغلباً ان سے زکوٰۃ وصول کر کے مستحقین میں تقسیم کرے، اسی طرح جدید مالیاتی اداروں اور بینکوں میں موجود رقم سے بھی گورنمنٹ خود زکوٰۃ وصول کر کے مصارف میں لگائے اس سے نہ صرف یہ کہ ایک امر خداوندی کی بجا آوری ہوگی بلکہ یہ امر ملکی معیشت کے استحکام کے لئے ایک اہم پیش رفت ثابت ہوگا۔ واللہ اعلم

# حواشی وحوالہ جات

۱) سورۃ المعارج:۲۴

۲) ابن عاشور التونسی، محمد الطاہر، التحریر والتنویر المعروف بتفسیر ابن عاشور مؤسسۃ التاریخ العربی بیروت، ص:۷/۹۰

۳) ابن عادل الحنبلی الدمشقی النعمانی، ابو حفص سراج الدین عمر بن عادل، تفسیر اللباب فی علوم الکتاب، ص:۱/۱۵

۴) البیہقی، ابو بکر احمد بن الحسین بن علی، السنن الکبریٰ، مجلس دائرۃ المعارف النظامیۃ حیدر آباد، ص : ۴/۹۷

۵) سورۃ التوبۃ:۱۰۳

۶) ابن ھمام، کمال الدین محمد بن عبد الواحد، فتح القدیر، دار الفکر بیروت، ص:۲/۱۶۲

۷) البابرتی، محمد بن محمد ، العنایۃ شرح الہدایۃ، ص:۲/۵۳

۸) الشنقیطی، محمد بن محمد المختار، شرح زاد المستقنع، ص:۸/۹۰

۹) ابو الحسن علی بن محمد بن محمد بن حبیب البصری البغدادی، الحاوی فی فقہ الشافعی، ص: ۳/۳۸۹

۱۰) ابن ھمام، کمال الدین محمد بن عبد الواحد، فتح القدیر، دار الفکر بیروت، ص:۳/۴۷۸

۱۱) الموصلی البغدادی، عبد اللہ بن محمود بن مودود، الاختیار لتعلیل المختار، دار الکتب العلمیۃ ، ص:۱/۱۰۷

۱۲) علی بن نایف الشحود، الخلاصۃ فی احکام الذمۃ،، ص: ۱/۲۵۷

۱۳) العثمانی، المفتی محمد تقی عثمانی حفظہ اللہ، فقہی مقالات، میمن اسلامک پبلشر ، ص:۲/۷۳

۱۴) الموصلی البغدادی، عبد اللہ بن محمود بن مودود، الاختیار لتعلیل المختار، دار الکتب العلمیۃ، ص:۱/۱۱۱

۱۵) ابن عابدین حاشیہ رد المحتار، طبع: دار الفکر للطباعۃ والنشر ، ص:۲/۲۹۰

۱۶) العثمانی، المفتی محمد تقی عثمانی حفظہ اللہ، فقہی مقالات، میمن اسلامک پبلشر ، ص:۲/۷۳

۱۷) البیہقی، ابو بکر احمد بن الحسین بن علی، السنن الکبریٰ، مجلس دائرۃ المعارف النظامیۃ حیدر آباد، ص:۴/۱۵۰

۱۸) البیہقی، ابو بکر احمد بن الحسین بن علی، السنن الکبریٰ، مجلس دائرۃ المعارف النظامیۃ حیدر آباد، ص:۴/۹۷

۱۹) امام ابو یوسف، کتاب الآثار، باب الزکوٰۃ، دار الکتب العلمیۃ ، ص:۱/۸۸

*******************

# الہامی مذاہب میں مشترکہ اخلاقیات کا تصور

# Common Ethical concepts of Revealed Religions

ڈاکٹر آسیہ رشید*

## ABSTRACT

The purpose of this paper is to guide about the main reason of clashes between revealed religions in the society. We do not clarify our vision regarding religion. People do not know about the basic ethics of our religions. So, it creates moral illness in the society. We have narrow approaches about religion and took it in very conservative thoughts. For getting out of extreme level of destruction and moral degradation it is necessary to build a universal society which consists of those social values which are common in all religions. People are inclined towards ills and far away from God that is why our society is a victim of destruction. These ills made them to go far away from God and religion. In the present era the situation is the same, people do not understand the religion properly. Only through this proper understanding, destruction, prejudice, extremism and cruelty can be removed from the society.

All the religions have some common features as justice, honesty, courtesy, patience etc these features are the ethical as well as religious codes of a society and if all people follow these features an ideal society can be established. This study covers revealed religions all around the world.

***Keywords:*** Justice, Piety, Honesty, Patience, Courtesy, Ethics.

---

* لیکچرار شعبہ علومِ اسلامیہ، نیشنل یونیورسٹی آف ماڈرن لینگویجز، اسلام آباد

بنی نوع انسان کی رشد و ہدایت کے لئے انبیاء کرام علیہم السلام کی بعثت کا مقصدِ عظیم انسانی ذہنوں کی تربیت اور اصلاح معاشرہ تھا جو اخلاق حسنہ کے ذریعے سے ہی حاصل کیا جا سکتا ہے۔ اس کی تعلیم تمام انبیاء کرام نے دی چونکہ اخلاق حسنہ سے مزین افراد کی ہر معاشرے کو ضرورت ہوتی ہے چنانچہ اسی مقصد کے لئے انبیاء تشریف لائے عصر حاضر میں الہامی مذاہب کے پیروکار اللہ کی دی ہوئیں، تعلیمات سے دور ہیں بین الاقوامی معاشرہ کے بگاڑ کی ایک بنیادی وجہ یہ بھی ہے۔

انتہا درجے کی بگاڑ کی سطح اور اخلاقی تنزلی و پستی سے نکلنے کے لئے ضروری ہے کہ ایسے بین الاقوامی معاشرے کا قیام عمل میں لایا جائے جو اوصاف حمیدہ سے مزین ہو، مشترکہ اخلاقی اقدار جس کی تعلیم تمام الہامی مذاہب نے دی، پر عمل ہی معاشرے کے افراد کے سکون اور امن کا ضامن ہو سکتا ہے اور بین الاقوامی معاشرے میں بگاڑ، تعصب، انتہا پسندی اور ظلم کا خاتمہ کر سکتا ہے۔ حسن اخلاق سے آراستہ ہونا اعلیٰ صفت انسانی ہے ضروری ہے کہ الہامی مذاہب کے پیروکار حسن اخلاق کا مظاہرہ کریں۔

## اخلاق کا مفہوم:

**لغوی تعریف:** اخلاق کا مادہ خلق (خ۔ل۔ق) ہے۔ اخلاق خلق کی جمع ہے جسکے معنی عادات و کردار طبیعت، مروت و عادت کے ہیں۔

ابن منظور لسان العرب میں اخلاق کے معنی اس طرح بیان کرتے ہیں:

**"وَهُوَ الدِّين والطبْع وَالسَّجِيَّةُ، وَحَقِيقَتُهُ أَنه لِصورة الإِنسان الْبَاطِنَةِ وَهِيَ نفْسه وأَوصافها وَمَعَانِيهَا المختصةُ بِها"[۱]**

ترجمہ: خلق کا معنی ہے دین فطرت اور طبیعت اور یہ انسان کی اندرونی کیفیت ہے اور اس کو اس کے اوصاف اور مخصوص معنی کو خلق کہتے ہیں جس طرح کہ اس کی ظاہری شکل و صورت کو خلق کہا جاتا ہے۔

**تاج العروس میں ہے۔ "الخَلِيقَةُ: الطَّبِيعَةُ يُخْلَقُ بهَا الإِنْسانُ"[۲]**

ترجمہ: خلیقہ کی جمع خلائق ہے اس کا معنی طبیعت ہے جس پر انسان کو پیدا کیا گیا ہے۔

**اصطلاحی تعریف:** شاہ ولی اللہؒ اخلاق کی تعریف یوں بیان کرتے ہیں کہ:

"خلق انسان کی اس کیفیت کا نام ہے جو اس کی طبیعت کے مختلف اوصاف و حالات کو جدوجہد کر کے اپنی جانب راجع کرے۔"(۳)

امام رازیؒ فرماتے ہیں:

**"الْخُلُقُ مَلَكَةٌ نَفْسَانِيَّةٌ يَسْهُلُ عَلَى الْمُتَّصِفِ بِهَا الْإِتْيَانُ بِالْأَفْعَالِ الْجَمِيلَةِ"**(۴)

ترجمہ: خلق ایسی باطنی کیفیت اور ملکہ کو کہتے ہیں جس سے پاکیزہ اعمال صادر ہوتے ہیں۔

ماوردی کے نزدیک:

**"الأخلاق غرائز كامنة ، تظهر بالاختيار ، وتقهر بالاضطرار"** (۵)

سید شریف جرجانی اس کی اصطلاحی تعریف بیان کرتے ہوئے لکھتے ہیں:

**"عبارة عن هيئة للنفس راسخة تصدر عنها الأفعال بسهولة ويسر من غير حاجة إلى فكر ورويَّة، فإن كان الصادر عنها الأفعال الحسنة كانت الهيئة خلقًا حسنًا، وإن كان الصادر منها الأفعال القبيحة سميت الهيئة التي هي مصدر ذلك خلقًا سيئًا"** (۶)

ترجمہ: خلق نفس کی اس راسخ کیفیت کا نام ہے جس سے بغیر سوچے سمجھے بڑی آسانی سے افعال صادر ہوتے ہیں اور اگر یہ کیفیت ایسی ہے کہ اس سے عقلی اور شرعی لحاظ سے آسانی کے ساتھ خوبصورت اعمال صادر ہوں تو ایسی کیفیت " اچھا خلق" کہلاتی ہے اور اگر اس سے اعمال برے صادر ہوں تو ایسی کیفیت "برا خلق" کہلاتی ہے۔

جاحظ فرماتے ہیں:

**"حال النفس، بها يفعل الإنسان أفعاله بلا روية ولا اختيار"**(۷)

ترجمہ: خلق نفس کی وہ حالت ہے جس کی وجہ سے انسان بغیر سوچے سمجھے اور بغیر اختیار کے کام کرے۔

وارث سرہندی کے بقول:"اخلاق خلق کی جمع ہے اس سے مراد عادتیں، خصلتیں، خوش خوئی، ملنساری، کشادہ پیشانی سے ملنا، خاطر مدارت، آؤ بھگت، اور علم الاخلاق سے مراد وہ علم جس میں معاد و معاش تہذیب نفس سیاست مدن وغیرہ کی بحث ہو۔" (۸)

گویا اخلاق سے مراد عادات حسنہ اور اعلیٰ کردار ہے، ایک مخصوص طرزِ حیات، قاعدہ قرینہ اور وضع بود و باش ہے۔ اخلاقیات کے متعلق الہامی مذاہب کی کتب کیا ہدایات لکھی گئی ہیں یا ان کے پیروکار کس قسم کی اخلاقیات اپنانے کے پابند ہیں اس کا تذکرہ تینوں مذاہب کی موجودہ کتب میں بھی ملتا ہے اسلئے کہ اخلاقیات بہتر کرنے سے یہ ایک دوسرے کو برداشت کرنے کی صلاحیت پیدا کر کے معاشرے کی بھلائی میں مدد و معاون ثابت ہو سکتے ہیں چنانچہ تینوں مذاہب کی مشترکہ اخلاقیات کا مفصل تذکرہ کچھ یوں ہے۔

## یہودی نظام اخلاق:

یہودیت ایک الہامی مذہب ،اس کا منبع اور اسلام کا منبع ایک ہی ہے۔ اسلام اور یہودیت کی تعلیمات میں مماثلت ہے، فرق صرف اتنا ہے کہ یہودیت تدریجی مراحل کا ایک مرحلہ اور اسلام اس تدریج کی انتہا ہے۔ یہودی مذہب کی رو سے انسان مجبور نہیں بلکہ خود مختار ہے کہ چاہے وہ نیکی کی طرف چلے یا برائی کی راہ پر گامزن ہو۔ یہودیوں کی اخلاقیات کی عمارت دینیات کے ستونوں پر قائم تھی اور اس کی بنیاد مذہبی رنگ کے اصول پر یہودیت نے آئین و قوانین، تنظیم الہی کا خلاصہ ما حصل، نتیجہ یا اوامر ایزدی کی تعمیل، مفہوم اخلاق کو قرار دیا تھا اور اسی بنا پر یہ خیال پھیل گیا کہ کردار انسانی کی رہبری کیلئے وضع کردہ قانون و آئین و قواعد کی پیروی لازم و واجب ہے۔ یہودیت کی رو سے فضائل اخلاق و رزائل اخلاق کا مختصر تذکرہ کچھ یوں ہے۔ حضرت موسیٰ علیہ السلام کے احکام عشرہ ( Ten commandments) جو انہیں کوہ سینا پر عطا ہوئے یہ احکام عشرہ یہودی مذہب کی بنیاد ہیں جو درج ذیل ہیں:

۱۔ خدا کے سوا کسی کو معبود نہ بنانا۔

۲۔ کسی جاندار کی صورت نہ بنانا اور نہ اسے سجدہ کرنا۔

۳۔ خدا کے نام کی تعظیم کرنا، بے فائدہ اس کا نام نہ لینا۔

۴۔ سبت کے دن کی تعظیم کرنا، چھ دن کام اور ساتویں دن کوئی کام نہ کرنا۔

۵۔ خون نہ بہانا۔

۶۔ ماں باپ کی عزت کرنا۔

۷۔ زنا نہ کرنا۔

۸ ۔چوری نہ کرنا۔

۹۔ اپنے پڑوسی کے خلاف جھوٹی گواہی نہ دینا۔

۱۰۔ اپنے پڑوسی کے مکان، بیوی، خادم، خادم، مویشی اور چیز کی طرف لالچ کی نگاہ نہ ڈالنا [۹]۔

یہ احکام عشرہ سادہ تھے اور ان پر عمل کرنے کا مقصد یہ تھا کہ خدا کی وحدانیت کو قائم کیا جائے اور ایسے معاشرے کی تشکیل کی جائے جس میں انسان کی عزت اور پڑوسی کے حقوق کی حفاظت ہوتی ہو [۱۰]۔یہ احکام عشرہ یہودی مذہب کی جڑ ہیں اللہ نے موسی علیہ السلام کو سب سے پہلے یہی احکام نازل کئے تھے اس لئے یہود میں ان کی بہت اہمیت ہے اور قرآن پاک آیات سے با قاعدہ ہمیں ان کی تصدیق بھی مل جاتی ہے، جب ہم وسیع النظر سے دیکھیں تو دنیا کے تمام ممالک سے یہود کے روابط چاہے وہ مسلم ممالک کی شکل میں ہوں یا غیر مسلم ممالک یا دیگر یہود کو انہی احکام عشرہ کی تلقین کی گئی ہے، تالمود تو بعد کی بات ہے یہود کو ان احکام عشرہ پر عمل کر کے دنیا کے تمام ہمسایہ ممالک کو مزید کسی ایسی مشکل میں ڈالنے سے گریز کرنا چاہئے جس سے دیگر اقوام کی دل آزاری ہوتی ہو یا ظلم ہو، کیونکہ یہود جس کتاب پر آج عمل کرتے ہیں وہ عہد نامہ قدیم ہے۔احکام عشرہ اور عہد نامہ قدیم میں جابجا ہمیں فضائل اخلاق کا تذکرہ ملتا ہے جن میں سے چند اہم فضائل اخلاق کا تذکرہ درج ذیل ہے۔

☆ **والدین کی عزت و تکریم:** بائبل مقدس کے مطابق آدمی کے والدین قادر مطلق خدا کے ساتھ برابر کی عزت و تعظیم کے مستحق ہیں یہودی مذہب میں اولاد و والدین کے باہمی تعلقات پر مثبت زور دیا گیا ہے اولاد کے لئے ماں باپ کی فرمانبرداری لازمی قرار دی گئی۔خروج میں لکھا ہے "تو اپنے باپ اور ماں کی عزت کرنا تا کہ تیری عمر۔۔ دراز ہو" [۱۱]۔ اسی طرح کتاب احبار میں ہے: "اور جو کوئی اپنے ماں باپ پر لعنت کرے وہ۔۔مارا جائے اس نے اپنے ماں یا باپ پر لعنت کی ہے........." [۱۲] ربیون نے کہا: آدمی کے تین دوست ہوتے ہیں خدا، باپ اس کی ماں وہ جو اپنے والدین کی عزت کرتا ہے وہ میری عزت کرتا ہے" [۱۳]

☆ **عدل و انصاف:** عدل دنیا کے تمام معاشروں اور ریاستوں کی ضرورت ہے اسی لئے اس کا ذکر ہمیں دنیا کے تقریباً ہر مذہب میں ملتا ہے اسی طرح یہودی مذہب کی تعلیمات میں بھی ملتا ہے مثلاً مقدمات میں عدل و

انصاف کا حکم دیا گیا اور فیصلہ امانت داری اور راستی سے کرنے کا حکم ہے "تو اپنے کنگال لوگوں کے مقدمے میں انصاف کا خون نہ کرنا' جھوٹے معاملے سے۔ اور بے گناہوں اور صادقوں کو قتل نہ کرنا" (۱۴)

ہر انسان اپنے عمل کا خود ذمہ دار ہے اور یہ عین عدل ہے اس کی تعلیم ہمیں یہودیت میں بھی ملتی ہے۔ "بیٹا باپ کے گناہ کا بوجھ نہ اٹھائے گا اور نہ باپ بیٹے کے گناہ کا بوجھ' صادق کی صداقت اسی کے لئے ہو گی" (۱۵)۔ اسی طرح عادل بادشاہ کی خوبی بھی بتائی گئی کہ "بادشاہ عدل سے اپنی مملکت کو قیام بخشتا ہے" (۱۶)۔

☆ **حلم و ہمدردی:** ایک انسان کو دوسرے انسان کے دکھ درد میں سے ہمدردی کرنی چاہئے اور حلم کا مظاہرہ بھی اپنے عمل سے کرنا چاہیے۔ "اور تم مسافر کو نہ توستانا، نہ اس پر ستم کرنا اس لئے کہ تم بھی ملک مصر میں مسافر تھے۔ تم کسی بیوہ یا یتیم لڑکے کو دکھ نہ دینا اگر تم ان کو کسی طرح سے دکھ دے اور وہ مجھ سے فریاد کرے تو میں ضرور ان کی فریاد سنوں گا" (۱۷)۔ "اور تم، خداوند اپنے خدا کی عبادت کرنا تب وہ تیری روٹی اور پانی پر برکت دے گا۔ اور میں تیرے بیچ سے بیماری کو دور کر دوں گا۔ میں ان سب لوگوں کو جن کے پاس تو جائے گا شکست دوں گا۔۔ کہ تیرے سب دشمن تیرے آگے اپنی پشت پھیر دیں گے" (۱۸)

☆ **دشمن سے حسن سلوک** "اگر تیرے دشمن کا بیل یا گدھا تجھے بھٹکتا ہوا ملے تو ضرور اسے اس کے پاس لے آنا' اگر تو اپنے دشمن کے گدھے کو بوجھ کے نیچے دبا ہوا دیکھے اور اس کی مدد کرنے کو جی بھی نہ چاہتا ہو تو بھی اسے ضرور مدد دینا" (۱۹)۔

☆ **احسان کرنا** "اگر راہ چلتے اتفاقاً کسی پرندہ کا گھونسلا درخت یا زمین پر بچوں یا انڈوں سمیت تجھ کو مل جائے اور ماں بچوں یا انڈوں پر بیٹھی ہوئی ہو تو بچوں کو ماں سمیت نہ پکڑ لینا۔ بچوں کو تو لے لے، پر ماں کو ضرور چھوڑ دینا تاکہ تیرا بھلا ہو اور تیری عمر دراز ہو۔ جب تو کوئی نیا گھر بنائے تو اپنی چھت پر منڈیر ضرور لگانا تاکہ یہ نہ ہو کہ کوئی آدمی وہاں سے گرے اور تیرے سبب سے وہ خون تیرے ہی گھر والوں پر ہو" (۲۰)

☆ **پڑوسی سے حسن سلوک:** پڑوسی کو ہر مذہب اہمیت دیتا ہے اور ممالک بھی پڑوسی ہیں، چنانچہ لکھا ہے: "تو اپنے پڑوسی کے خلاف جھوٹی گواہی نہ دینا، تو اپنے پڑوسی کے گھر کا لالچ نہ کرنا۔ تو اپنے پڑوسی کی بیوی کا لالچ نہ کرنا۔ اور نہ اس کے غلام اور اس کے لونڈی اور اس کے بیل اس کے گدھے کا اور نہ اپنے پڑوسی کی کسی اور چیز کا لالچ کرنا" (۲۱)

☆ **بیوی سے سلوک:** "خدا فرماتا ہے میں طلاق سے بیزار ہوں اور اس سے بھی جو اپنی بیوی پر ظلم کرتا ہے اسلئے رب الافواج فرماتا ہے تم اپنے نفس سے خبر دار رہو تا کہ بیوفائی نہ کرو"(۲۲)

☆ **صدقہ و خیرات کی تعلیم:** "جب تم خداوند کے شکرانے کا ذبیحہ قربانی کرو تو اسے اس طرح قربانی کرنا کہ تم مقبول ٹھہرو"(۲۳)

تالمود میں ربیوں کی تعلیم میں لکھا گیا ہے:

" ایک شخص کے ساتھ کسی امید یا واپسی کی خواہش کے بغیر ہمدردی کرنا احسان اور فیض رسانی کا ایک عمل ہے۔۔ کسی شخص پر احسان کرنا جس کی ہم مدد کرنے پر مجبور نہیں ہیں ہیں اور اپنی مشکل میں کسی شخص پر احسان کرنا اور اسے فائدہ پہنچانا جس کا وہ مستحق ہے"(۲۴)

خیرات فیض رسانی کی ایک قسم ہے، لیکن یہ صرف غریب اور محتاج کے لئے ہوتی ہے جبکہ فیض رسانی غریب امیر اور بلند و پست مرتبے والے کے لئے۔۔ تین طرح سے فیض رسانی خیرات سے بہتر ہے۔ جیسا کہ یہ لکھا ہے: "خداوند نے بیمار کی تیمارداری کی' خداوند ممرے کے بلوتوں میں نظر آیا۔۔ اس لئے ہمیں اسی طرح کرنا چاہیے۔ خداوند ماتم کرنے والے کو تسلی دیتا ہے اور ابراہیم کی وفات کے بعد خدا نے اس کے بیٹے اسحاق کو برکت بخشی۔۔ ایک اور ربی نے کہ "جو اپنی استطاعت کے مطابق خیرات نہیں کرتا سزا پائے گا"(۲۵)

☆ **مہمان نوازی اور شکر گزاری:** مہمان نوازی فیض رسانی کا دوسرا وصف ہے۔ ابراہیم نے اپنے گھر کو مسافروں کے لئے کھولا اور ان کی مہمان نوازی کی۔ میرا شکر یہ ادا نہ کرو کیونکہ میں اس جگہ کا مالک نہیں ہوں بلکہ خدا کا شکر ادا کرو جس نے زمین اور آسمان بنائے۔ ایک اور ربی نے کہا: یہ خدا کی نظر میں بھلا ہے اگر ہم مسافروں کے ساتھ مہمان نوازی اور مہربانی سے پیش آئیں جیسے ہم صبح سویرے اس کی شریعت کا مطالعہ۔۔ اس نے یہ بھی کہا جو اپنے ساتھیوں سے مہربانی سے پیش آتا ہے اس کے گناہ معاف ہو جاتے ہیں(۲۶)۔

☆ **خدا کا خوف:** ربی حنا کے بیٹے نے کہا کہ "وہ جو خدا کے خوف کے بغیر اس کی شریعت پر عمل کرتا ہے وہ مانند ہے جس کے پاس خزانے تھے' اندرونی دروازے کی کنجی تو ہو لیکن ان دروازوں کی کنجیاں نہ

ہوں جو اس دروازے تک پہنچاتے ہیں۔" ربی سکندر نے کہا کہ "وہ جو دنیاوی حکمت رکھتا ہے اور خداوند کا خوف نہیں۔۔مانند ہے جو ایک گھر کی تعمیر کا منصوبہ رکھتا ہے اور صرف اس کے دروازے مکمل کرتا ہے جیسے داؤد' کہتا ہے کہ "خداوند کا خوف حکمت کا آغاز ہے"(۲۷)۔

☆ **خوش اخلاقی:** ابایاہ نے درج ذیل اپنی بہترین نصیحت کو پیش کیا: "اسے خوش اخلاق بھی ہونا چاہیے اور سب لوگوں کے درمیان شفیق باتوں کو سرانجام دینا چاہیے اسطرح کہ وہ خود بھی اپنے کاموں سے خدا اور اس کی مخلوق سے محبت حاصل کرے"(۲۸)۔

☆ **طہارت :** طہارت کو اسلام میں بے حد اہمیت حاصل ہے۔ اگر ہم یہودی مذہب کی موجودہ تعلیمات پر بھی غور کریں تو معلوم ہوتا ہے کہ گو کہ موسوی شریعت اپنی اصلی حالت میں موجود نہیں لیکن جس انداز میں بھی موجود ہے اس میں بھی طہارت پر زور دیا گیا ہے۔ کتاب احبار میں ہے: "تم بنی اسرائیل کو ناپاک کرنے والی چیزوں سے ہمیشہ دور رکھنا تاکہ وہ میرے مقدس کو جو ان کے درمیان ہے ناپاک کرنے کی وجہ اپنی نجاست میں ہلاک نہ ہوں"(۲۹)۔

## رذائل اخلاق

جھوٹ تمام برائیوں کی جڑ قرار دیا گیا ہے اور رذائل اخلاق میں بڑی برائیوں میں شمار ہوتی ہے عہد نامہ قدیم میں موجودہ تورات کے حوالے سے اس کا ذکر واضح طور پر ملتا ہے :

☆ **جھوٹ:** کتاب احبار میں لکھا ہے کہ "نہ ایک دوسرے سے جھوٹ بولنا"(۳۰)

☆ **شراب نوشی کی ممانعت:** اسلام کی طرح یہودیت میں بھی شراب واضح طور پر حرام ہے، اس کے باوجود آج پوری دنیا میں سب سے زیادہ اس کا کاروبار کرنے والے یہود ہی ہیں چنانچہ اس کا ذکر بھی واضح طور پر موجودہ تورات میں بھی ملتا ہے باوجود اس کے کہ اس میں معنوی لفظی تحریف ہے اس کے باوجود اللہ کا قانون تبدیل نہیں کر سکے اس لئے کہ اصل طاقت اور قانون اس کا ہے، شراب کی ممانعت کا ذکر تورات میں یوں ملتا ہے۔" تو یا تیرے بیٹے مَے یا شراب پی کر۔۔داخل نہ ہونا.. نسل در نسل ہمیشہ ایک قانون رہے گا"(۳۱)۔

☆ **سود کی ممانعت:** سود جو تمام معیشت کو تباہ کرتا ہے اسی لئے آج ہمیں دنیا کا کوئی ملک ایسا نہیں ملتا جہاں کا کاروبار اس سے پاک ہو تبھی دنیا آج ایک دوراہے پر کھڑی ہے۔ شراب کی طرح سود کی لعنت میں

دنیا کو مبتلا کرنے والے اور اس کی چکاچوند سے دنیا کو بیوقوف بنانے والے یہ یہود ہی ہیں۔ جب کہ قرآن حکیم کی طرح ان کی موجودہ تورات میں بھی اس کی حرمت کا واضح حکم ملتا ہے۔ مثلاً "تو اپنے بھائی کو سود پر قرض نہ دینا خواہ وہ روپے کا سود ہو یا اناج کا سود یا کسی ایسی چیز کا سود ہو جو بیاج پر دی جاتی ہے "(۳۲)۔

☆ **قتل کی ممانعت:** قتل ان دس احکام عشرہ میں سے ایک ہے جو اللہ تعالیٰ نے حضرت موسیٰ علیہ السلام کو سب سے پہلے عطا کئے، اس سے انسان کی اہمیت و عظمت کا پتہ چلتا ہے اس پر یہود کو غور کرنا چاہیے کیا تالمود، تورات سے زیادہ اہمیت رکھتی ہے؟ جو اس کے قوانین پر عمل تورات سے زیادہ ہوتا ہے موجودہ تورات میں قتل کی ممانعت کرتے ہوئے لکھا ہے کہ "تو خون نہ کرنا "(۳۳)

☆ **چوری:** چوری جیسی بری عادت سے رکنے کی تاکید کی گئی لکھا ہے کہ "تو چوری نہ کرنا"(۳۴)۔ "اگر کوئی اپنے ہمسائے کو نقد یا جنس رکھنے کو دے اور۔۔ اگر چور پکڑا جائے تو دونا اس کو بھرنا پڑے گا"(۳۵)

☆ **خیانت:** "ہر قسم کی خیانت کے معاملے میں خواہ بیل کا، گدھے کا یا بھیڑ یا کپڑے یا کسی اور کھوئی ہوئی چیز کا جس کی نسبت کوئی بول اٹھے کہ وہ چیز یہ ہے تو فریقین کا مقدمہ۔۔ جسے خدا مجرم ٹھہرائے وہ اپنے ہمسایے کو دونا بھر کر دے "(۳۶)

☆ **رشوت:** آج دنیا کا ایک بڑا مسئلہ رشوت بھی ہے اس کی بھی ہمیں تورات میں اسکی ممانعت ملتی ہے رشوت کے بہت سے نقصانات کے متعلق ہمیں عہد نامہ قدیم سے پتہ چلتا ہے: "رشوت نہ لینا کیونکہ رشوت بیناؤں کو اندھا کر دیتی ہے "(۳۷) اسی طرح کہا گیا: " تو نہ کسی کی رو رعایت کرنا اور نہ رشوت لینا کیونکہ رشوت دانشمند کی آنکھوں کو اندھا کر دیتی ہے"(۳۸) رشوت کا ذکر ہمیں عہد نامہ قدیم سے بکثرت ملتا ہے اور یہ بہت بری خصلت ہے اسے یہودی مذہب میں ناپسندیدہ کہا گیا ہے۔

☆ **زنا کی ممانعت:** زنا سے رکنے کا کہا گیا تو کہا: "تو زنا نہ کرنا "(۳۹)

☆ **ظلم:** ظلم انتہائی بری عادت ہے اس کی مذمت ہر مذہب میں کی گئی ہے۔ چنانچہ کہا گیا ہے کہ "پردیسی، محتاج خادم اور اپنے پڑوسی پر ظلم نہ کرنا"(۴۰) ایک اور جگہ لکھا ہے کہ: "سنو! بنی اسرائیل کہ ہمارا خداوند ایک ہی ہے۔۔ "اخوت انسانی" کے بارے میں فرمایا اور اپنے پڑوسی سے اسی طرح محبت کرنی چاہیے جس طرح تم اپنی ذات سے پیار کرتے ہو "(۴۱)۔ اخوت معاشرے کے انسانوں میں محبت کی اور ظلم اس کے متضاد لے جاتا ہے۔

## عیسائی نظام اخلاق:

عیسائیت نے یہودی نظریہ اخلاق کی اصلاح کی اس مذہب نے اخلاق کے بندھے نئے قوانین کو ختم کر دیا۔ خواہشات فطری و جسم کو فروتر قرار دے کر ان دونوں پر روح کی فرمانبر داری قائم کی۔ عیسائیت نے یہ نظریہ پیش کیا کہ نیکی بذات خود کوئی حیثیت نہیں رکھتی کیونکہ نیکی انسان کو معبود سے ملانے پر قاصر ہے جب تک کہ خدا خود بندے کی داخلی زندگی میں انقلاب پیدا نہ کر دے جس کے ذریعے سے نیک اعمال خود بخود وقوع پذیر ہونے لگے۔ اخلاق پر مذہبی زندگی کا انحصار ہے۔

عیسائیت میں اخلاقی زندگی انسان کی نیک سرشت کی تربیت دینے اور سنوارنے کا نام نہیں بلکہ اس زندگی کے حصول کے لئے بنیادی تبدیلی نئ زندگی کا آغاز ہے۔ عیسائیت کی اخلاقی تعلیمات پر عمل پیرا ہونا فی الحقیقت قوت بشریٰ سے بالاتر ہے۔ حضرت مسیح علیہ السلام نے خدا کی محبت پر بہت زور دیا اور اسے بعض اچھوتی تمثیلوں کے ذریعہ بیان کیا، فرماتے ہیں "مبارک ہیں جو دل کے قریب ہیں جو حلم ہیں، راست بازی کے بھوکے۔۔۔۔ راست بازی کے سبب ستائے گئے "(۴۲)۔

حضرت عیسیٰ علیہ السلام فرماتے ہیں: "خبردار اپنی راست بازی کے کام آدمی کے سامنے دکھانے کے لیے نہ کریں، نہیں تو تمہارے باپ کے پاس جو آسماں میں ہے۔۔۔ بلکہ جب تو خیرات کرے۔ تو جو تیرا دایاں ہاتھ کرتا ہے اسے تیرا بایاں ہاتھ نہ جانے تاکہ تیری خیرات پوشیدہ رہے اس صورت میں تیرا باپ جو پوشیدگی میں دیکھتا ہے تجھے بدلہ دے گا "(۴۳)۔

حضرت مسیح علیہ السلام کی تعلیم برحق تھی انھوں نے مادہ پرستی اور شکم پروری کا رد کر کے خدا پرستی کا تصور راسخ کرنے کی کوشش کی، توکل کی تعلیم بھی دی۔ فرماتے ہیں: "اور تم سن چکے ہو۔۔ کہ خون نہ کرنا اور جو کوئی خون کرے گا وہ عدالت کی سزا کے لائق ہو گا۔۔ کہ تم سے کہا گیا تھا کہ آنکھ کے بدلے آنکھ دانت کے بدلے۔۔ بلکہ جو کوئی تیرے دائیں گال پر طمانچہ مارے تو دوسرا بھی اس کی طرف پھیر دے ۔۔ جو تجھ سے قرض مانگے اسے دے دے اور جو قرض چاہے اس سے منہ نہ موڑ "(۴۴)۔

**والدین کا احترام:** انسانی رشتوں میں سب سے بڑا رشتہ جس کا درجہ اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد سب سے بڑا ہے، وہ والدین کا ہے۔ چنانچہ متی میں لکھا ہے: "تو اپنے باپ کی اور ماں کی عزت کرنا اور جو

باپ یا ماں کو برا کہے وہ ضرور جان سے مارا جائے"[۴۵]۔ غرض والدین کا درجہ بہت بلند ہے اسی لئے ان کے ادب کی تاکید ہمیں عیسائیت میں بھی ملتی ہے۔

**پڑوسی کی عزت کرنے کی تعلیم:** تم سن چکے ہو کہ کہا گیا تھا کہ اپنے پڑوسی سے محبت رکھ اور اپنی دشمنوں سے عداوت۔ لیکن میں تم سے کہتا ہوں کہ اپنے دشمنوں سے محبت رکھو اور ستانے والوں کے لئے دعا کرو تاکہ تم اپنے باپ کے جو آسمان میں ہے بیٹے ٹھہرو [۴۶]۔

**نرم مزاجی** ": مبارک ہیں جو حلیم ہیں کیونکہ وہ زمین کے وارث ہوں گے"[۴۷]۔

**امن پسندی:** امن اقوام عالم کی ضرورت ہے چنانچہ لکھا ہے کہ "مبارک ہیں وہ جو صلح کراتے ہیں کیونکہ وہ خدا کے بیٹے کہلائیں گے"[۴۸]۔

**عفوودرگزر:** اگر تم آدمیوں کے قصور معاف کروگے تو تمہارا آسمانی باپ بھی تم کو معاف کرے گا"[۴۹]۔

**غیر محرم عورت کے متعلق تعلیم:** فرمایا گیا: آپ اگلے لوگوں سے سن چکے ہو کہ زنا بہت پاپ ہے لیکن میں کہتا ہوں کہ جو شخص پرائی عورت کی طرف بری نظر سے دیکھتا وہ دل میں زنا کا مرتکب ہو چکا اس لئے تمہاری آنکھ یا۔۔ کاٹ کر پھینک دیں [۵۰]۔

**بری خواہش نہ کرنا:** "جس کسی نے بری خواہش سے کسی عورت پر نگاہ کی وہ دل میں اس کے ساتھ زنا کر چکا۔ پس اگر تیری داہنی آنکھ تجھے ٹھوکر کھلائے تو اسے نکال کر اپنے پاس سے پھینک دے۔۔۔۔ اور تیرا سارا بدن جہنم میں نہ ڈالا جائے"[۵۱]۔

**خیرات وصدقہ کی تعلیم:** خیرات کی تعلیم یوں فرماتے ہیں: "ایک دولت مند شخص حضرت مسیح علیہ السلام کے پاس آیا اور پوچھا کہ اے نیک استاد میں کون سا نیک کام کروں کہ ہمیشہ کی زندگی پاؤں۔ آپ علیہ السلام نے جواب دیا" اگر تو کامل ہونا چاہے تو جا کر سب کچھ جو تیرا ہے بیچ ڈال اور محتاجوں کو دے۔ تجھے آسمان پر خزانہ ملے گا تب آکر میرے پیچھے ہولے" [۵۲] اسی طرح کہا گیا: "مال اپنے واسطے زمین پر جمع نہ کرو۔ جہاں کیڑا خراب کرتا ہے اور جہاں چور لے جاتے ہیں بلکہ اپنا مال آسمان پر جمع کرو جہاں نہ کیڑا خراب کرتا ہے اور نہ چور چراتا ہے"[۵۳]۔

عیسائیت کی اخلاقی تعلیمات میں رہبانیت اور تجرد کا پہلو واضح طور پر پایا جاتا ہے جو کہ اخلاق حسنہ کے منافی ہے۔

سید سلیمان ندوی لکھتے ہیں:

"مذہب عیسائیت کی اولین کمزوری یہ ہے کہ ایک انجان اور نوخیز ذہن روزمرہ زندگی کے مسائل ومعاملات اور مذہبی تعلیمات میں کوئی ہم آہنگی نہیں پاتا۔ بلکہ عیسائی مذہب زندگی کو دو الگ الگ حصوں میں تقسیم کرتا ہے۔۔۔ جس کے نتیجے میں انسان کی روزمرہ زندگی اور معاملات سے بیدخل والا تعلق رہ گیا ہے" (۵۴)

## رذائل اخلاق:

**ظلم سے پرہیز:** ظلم ناپسندیدہ اخلاق میں سے ایک ہے اس سے بچنے سے موجودہ عیسائیت میں بھی منع کیا گیا ہے جیسا کے لوقا میں ہے: "نہ کسی پر ظلم کرو"(۵۵)۔ رحم اپنانا چاہئے تا کہ اللہ آپ پر بھی رحم کرے اور بے انصافی سے بچنا چاہئے جیسا کہ یعقوب میں لکھا ہے۔ "جس نے رحم نہیں کیا اس کا انصاف بغیر رحم کے ہوگا رحم انصاف پر غالب آتا ہے"(۵۶)۔

**جھوٹ:** جھوٹ بہت بری عادت ہے اور جھوٹی قسم بھی نہیں کھانی چاہیے جیسا کہ ایک جگہ لکھا ہے کہ": ایک دوسرے سے جھوٹ نہ بولو (۵۷)۔ جھوٹی قسم کھانے کی ممانعت کرتے ہوئے تاکید کی کہ: "جھوٹی قسم نہ کھانا"(۵۸)۔

خلاصہ یہ کہ عیسائیت تواضع اور انکساری کا تصور دیتی ہے۔ خودداری او عزت نفس کا نہیں۔ عفو ودرگزر کا درجہ بلند ہے بالکل اسی طرح عدل وانصاف بھی معاشرے کی فلاح کے لئے ضروری ہے۔ پروٹسٹنٹ فرقے میں یہ صفات کافی حد تک پائے جاتے ہیں جب کہ کیتھولک فرقے میں یہ صفات صفر ہیں۔ حرف آخر کے طور پر ہم یہ کہہ سکتے ہیں کہ موجودہ عیسائیت بھی یہودیت کی طرح فکر وعمل میں حسن اخلاق کی نشوونما سے غافل اور رسوم ظاہری کی بندشوں میں پھنسی ہوئی ہے جو کسی بھی معاشرے کے لئے انتہائی نقصان دہ ہے

## اسلامی نظام اخلاق:

۱۔ انسان اپنے وہ اعمال جو وہ ارادہ سے کرتا ہے اور ان کے نتائج پر غور و فکر کرنے کے بعد کرتا ہے۔ یہ اچھے ہیں یا برے اور ان ہی کے متعلق انسان سے باز پرس کی جاتی ہے اور وہ ان ہی امور میں جوابدہ ہوتا ہے (۵۹)۔

۲۔ زندگی کی وہ اقدار اور وہ معنوی زریں اصول جن پر انسان کی عمومی اور اجتماعی زندگی کا دارومدار ہے۔ مثلاً سچ، عفو درگزر، عدل و احسان، صبر وغیرہ۔ ان کو فضائل اخلاق کے نام سے یاد کیا جاتا ہے اور اس کے مقابلے میں جن چیزوں سے روکا جاتا ہے، مثلاً جھوٹ، خود غرضی، دھوکا، ملاوٹ وغیرہ۔ ان کو رزائل اخلاق کا نام دیا گیا ہے [۶۰]۔

۳۔ انفرادی طور و اطوار کو باحسن طریق انجام دینا، مثلاً کھانا، پینا، سونا، جاگنا، چلنا پھرنا، ہنسنا بولنا انہیں آداب کہا جاتا ہے۔ قرآن کریم اور احادیث مبارکہ میں اس کی بے شمار مثالیں ہیں۔ اسلام نے جس عمل کو نیکی قرار دیا ہے اس کے لیے دل کی خوشی کو بھی لازم ٹھہرایا۔ حضرت نواس بن سمعان انصاری رضی اللہ عنہ نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے نیکی اور گناہ کے متعلق دریافت کیا تو نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ((الْبِرُّ حُسْنُ الْخُلُقِ، وَالْإِثْمُ مَا حَاكَ فِي نَفْسِكَ وَكَرِهْتَ أَنْ يَطَّلِعَ عَلَيْهِ النَّاسُ))[۶۱] (نیکی حسن اخلاق کا نام ہے اور گناہ وہ ہے جو تمہارے دل میں کھٹک جائے اور تجھ کو پسند نہ ہو کہ تمہارے اس کام کو لوگ جانیں)۔ مزید ارشاد مبارک ہے:((إن المؤمن إذا أذنب ذنباً نكتت نكتة سوداء في قلبه فإن تاب ونزع واستغفر صقل قلبه منها وإذا زاد زادت حتى تعلو قلبه))[۶۲](بندہ جب غلطی کرتا ہے تو اس کے دل میں ایک سیاہ نکتہ پڑ جاتا ہے۔ اگر وہ استغفار اور توبہ کر لیتا ہے تو اس کا دل صاف ہو جاتا ہے اور اگر غلطی دہراتا ہے تو نکتوں میں اضافہ ہو جاتا ہے، حتیٰ کہ پورا دل سیاہ ہو جاتا ہے)۔

ایک اور جگہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: ((إِذَا سَرَّتْكَ حَسَنَتُكَ، وَسَاءَتْكَ سَيِّئَتُكَ فَأَنْتَ مُؤْمِنٌ)) [۶۳] (جب نیکی تجھے خوشی دے اور برائی تجھے بری لگے تو تو مومن ہے۔)

اللہ تعالیٰ کی رضا کا حصول ظاہر ہے کسی ایسے عمل سے ممکن نہیں جس کے عمل کے پس منظر میں کہیں بھی کھوٹ شامل ہو۔ اس لیے اس کے حصول کے لیے بے غرضی، حسن نیت اور اخلاق بھی ضروری ہے اور یہی درحقیقت اعمال کی جان ہے جسے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے حدیث پاک میں یوں بیان فرمایا ہے:

(( إِنَّمَا الْأَعْمَالُ بِالنِّيَّاتِ وَإِنَّمَا لِكُلِّ امْرِئٍ مَا نَوَى، فَمَنْ كَانَتْ هِجْرَتُهُ إِلَى اللَّهِ وَرَسُولِهِ فَهِجْرَتُهُ إِلَى اللَّهِ وَرَسُولِهِ، وَمَنْ كَانَتْ هِجْرَتُهُ إِلَى دُنْيَا يُصِيبُهَا أَوِ امْرَأَةٍ يَتَزَوَّجُهَا فَهِجْرَتُهُ إِلَى مَا هَاجَرَ إليه))[۶۴]

ترجمہ: انسان کے اعمال اس کی نیت پر موقوف ہیں اور ہر شخص کے لیے وہی ہے جس کی وہ نیت کرے تو جس کی ہجرت خدا اور اس کے رسول ﷺ کی طرف ہے تو اس کی ہجرت خدا اور اس کے رسول ﷺ کی طرف ہے، اور جس کی ہجرت دنیا کمانا ہو یا کسی عورت کو پانا ہو کہ اس سے نکاح کرے تو اس کی ہجرت اس کی طرف ہے جس کی غرض سے اس نے ہجرت کی۔

## اخلاق کی اقسام:

انسان جو کام بھی کرتا ہے، یا جو بات بھی کہتا ہے اس کی کوئی نہ کوئی غرض ضرور ہوتی ہے۔ خواہ یہ غرض دنیاوی ہو یا آخرت میں اپنے رب سے اجر و ثواب کے لیے ہو۔ بہر حال غرض کوئی نہ کوئی ضرور ہتی ہے۔ اس لحاظ سے اخلاق کی بھی قسمیں ہیں۔ مثلاً:

۱۔ کاروباری اخلاق

۲۔ نمائشی اخلاق

۳۔ اسلامی اخلاق [۶۵]

اسلام کی اخلاقی تعلیم کا بنیادی نکتہ ہے کہ طبعی جذبات کو کچلنا خوبی نہیں گویا اسلام نے انسانی قوتوں کے استیصال کی تعلیم نہیں دی بلکہ بتایا ہے کہ کوئی قوت فی نفسہٖ بُری نہیں بلکہ وہ موقع و محل کے خلاف استعمال کی وجہ سے بُری کہلاتی ہے۔ اس نے غصے کو ضبط کرنے والے کی تعریف کی ہے۔ غصے کے مٹا دینے والے کی نہیں۔ اسلام نے جو قانون اخلاق پیش کیا ہے اس کا کبھی یہ منشا نہیں ہوا کہ اس قسم کے جذبات کو نابود ہی کر دیا جائے بلکہ اس نے فطری قویٰ کی تعدیل و تربیت پر زور دیا ہے

**خوش خلقی:** حسن اخلاق اسلام کی بہترین خوبی ہے قرآن مجید میں ارشاد ہوتا ہے:

﴿صِبْغَةَ اللّٰهِ وَمَنْ اَحْسَنُ مِنَ اللّٰهِ صِبْغَةً﴾ [۶۶]

ترجمہ: اللہ تعالیٰ کے رنگ سے بہتر کوئی رنگ نہیں۔

جو اخلاق، اخلاق الٰہیہ سے مطابقت رکھیں، وہ اچھے ہیں اور جو ان کے منافی ہوں، وہی برے۔ اسلام ہمیں ایک متعین ماخذ دیتا ہے یعنی کتاب اللہ اور سنت رسول ﷺ جس سے ہم کو ہر حال اور ہر زمانے میں اخلاقی ہدایات ملتی ہیں اور یہ ہدایات ایسی ہیں جو زندگی کے ہر معاملے میں ہماری رہنمائی کرتی

ہیں (۶۷)۔ جیسا کہ حضور اکرم ﷺ نے فرمایا: ((إِنَّمَا بُعِثْتُ لِأُتَمِّمَ مَكَارِمَ الأَخْلَاقِ))(۶۸) (میں تو اس لیے بھیجا گیا کہ اخلاق حسنہ کی تکمیل کروں)۔

اسلام کی اخلاقی تعلیم روح و اعضاء کے ساتھ وہ دل و دماغ کو بھی پابند کرتی ہے۔ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں:

﴿وَلَا تُصَعِّرْ خَدَّكَ لِلنَّاسِ وَلَا تَمْشِ فِي الْأَرْضِ مَرَحاً إِنَّ اللهَ لَا يُحِبُّ كُلَّ مُخْتَالٍ فَخُورٍ وَاقْصِدْ فِي مَشْيِكَ وَاغْضُضْ مِن صَوْتِكَ﴾ (۶۹)

ترجمہ: اور غرور میں آکر لوگوں کی طرف سے اپنا منہ کج نہ کر لیا کرو اور زمین پر اکڑ کر نہ چل بے شک اللہ تعالیٰ ہر چالباز فخر کرنے والے کو پسند نہیں فرماتا۔ اپنی رفتار میں میانہ روی رکھ، اپنی آواز کو پست و نرم رکھ۔

پس خلیق ہونے کے لیے یہ ضروری ہے کہ صاحب خلق کا طرز عمل اور طریق ادب آمیز ہو۔ حسن خلق اللہ تعالیٰ کی صفات کے مظاہر ہیں اور چونکہ اس کی ذات کی طرح صفات و اخلاق کا علم بواسطہ پیغمبر ﷺ سے ملا ہے، اس لیے حسن اخلاق پیغمبر ﷺ اور اس کی تعلیمات سے ربط و تعلق کے بغیر نہ قابل اعتماد ہے، نہ قابل اعتبار۔

## فضائل اخلاق:

اخلاق حسنہ کی جزئیات کثرت سے بیان کی ہیں ان کا احاطہ کرنا بھی مشکل ہے۔ قدیم حکماء اخلاق کی دو قسمیں بیان کرتے ہیں: ۱۔ امہات اخلاق، ۲۔ فروع اخلاق

**۱۔ امہات اخلاق:** اس سے مراد اخلاق کے وہ جوہری ارکان جن کی کمی بیشی سے اخلاق کی مختلف قسمیں پیدا ہوتی ہیں، اور انہی کے اعتدال سے فضائل اخلاق پیدا ہوتے ہیں۔ اسلامی نظام اخلاق انسان کو تقوی، اخلاص، صدق، عفت، دیانت داری، عدل و انصاف اور احسان کا درس دیتا ہے اور یہ وہ بنیادی اقدار ہیں جو کسی بھی معاشرہ کی اصلاح کا سبب بنتی ہیں لہذا پوری دنیا کی فلاح بھی اسی میں مضمر ہے کہ ان قدروں کو انسانی زندگی کا مقصد بنایا جائے اسلام میں عبادات کا مقصد ہی اخلاقی درستگی قرار دیا گیا ہے (۷۰)۔

**ا) تقویٰ:** تقویٰ اس قلبی کیفیت کا نام ہے جس کی وجہ سے انسان خدا کی ہر نافرمانی سے بچنے اور اس کے احکامات کو بجالانے کی کوشش کرتا ہے۔ متقی کی مثال اُس سمجھدار کسان کی ہے جو اچھی فصل کے لئے ایک طرف زمین کو اس

کی خرابیوں سے پاک کرتا ہے' اس کی ناہمواریوں کو ہموار کرتاہ اور اس کی سختی کو نرمی میں تبدیل کرتا ہے۔ دوسری طرف وہ اس کی آبیاری اور اچھے بیج کا بندوبست کرتا، صرف یہی نہیں بلکہ فصل کے تیار ہونے تک وہ مسلسل نگہداشت کرتا ہے۔ یہ نفی واثبات کا عمل اس کو کھلیان گھر لے جانے کے قابل بناتا ہے (۷۱)۔

**۲۔احسان :** اسلامی اخلاق کی بلند ترین منزل احسان ہے جو اسلام سے والہانہ محبت کا تقاضا کرتی، ایسی محبت جس میں ایک انسان تن من دھن قربان کر کے بھی یہ سمجھتا ہے کہ اس سے بندگی ٔرب کا حق ادا نہیں ہوا۔ وہ صرف فرائض کی بجا آوری ہی نہیں کرتا بلکہ نیکی کے مواقع تلاش کرتا رہتا ہے بقول اقبال اس کے دل سے پکار اٹھتی ہے کہ:

تیرے عشق کی انتہا چاہتا ہوں

میری سادگی دیکھ میں کیا چاہتا ہوں (۷۲)

اسلام نے اخلاقیات کی تعمیر "ایمان" سے شروع کی تھی اس کو اسلام اور تقوی کے مراحل سے گزار کر "احسان" کے ایسے بلند مقام پر پہنچادیا کہ اس کے بعد کوئی بلندی نہیں رہتی۔ احیاء العلوم میں امام غزالیؒ نے اس پر بھی روشنی ڈالی ہے اور بتایا ہے کہ "جو صفت بھی قلب میں پیدا ہو گی، لا محالہ اس کا اثر اعضاو جوارح پر ہو گا۔ گویا تمام اعضاء اپنی حرکت میں قلب کے فیصلے کے منتظر رکتے ہیں۔ اسی طرح جو فعل اعضاء سے سرزد ہو گا اس کا کچھ نہ کچھ اثر قلب پر ضرور پڑے گا۔ غذاؤں کا بھی انسان کے اخلاق پر اثر پڑتا ہے۔ قرآن مجید میں جو بعض غذاؤں کی حرمت کا ذکر ہے اس کے پیچھے ایک حکمت یہ بھی ہے کہ ان کے استعمال سے انسان بعض اعلیٰ اخلاق سے محروم رہ جاتا ہے (۷۳)۔

**۳۔اعتدال پسندی:** اعتدال کے معنی ہیں برابر ہونا، یہ لفظ عدل سے مشتق ہے۔ عدل کا مطلب ہے توازن، مساوات، افراط و تفریط اجتناب، انصاف، تناسب اور لوگوں کے تعلقات ان بنیادوں پر قائم کرنا، جس سے ہر شخص کو اس کا جائز حق مل جائے۔ قرآن حکیم میں عدل کے مترادف الفاظ قسط، وسط اعتدال، میزان، مستقیم اور تقدیر وغیرہ وارد ہوئے ہیں۔۔ اسلامی فکر اپنے تمام دائروں میں وسعت و جامعیت اور توازن و اعتدال کا حسین امتزاج ہے۔ کشادگی، آسانی، تخفیف، دفع ضرر، اعتدال اور مصلحت کا اطلاق اسلامی احکام کے تمام دائروں عبادات مناکحات، عقود، تصرفات، عقوبات اور قضاد و افتاد کے سب گوشوں تک وسیع ہے (۷۴)۔

مسلمان کی خوبی یہ بھی ہے کہ نہ تو اسراف کرتے ہیں اور نہ بخل سے کام لیتے ہیں، بلکہ درمیانی راہ اختیار کرتے ہیں۔ جیسا کہ فرمان الٰہی ہے:

﴿وَالَّذِيْنَ اِذَآ اَنْفَقُوْا لَمْ يُسْرِفُوْا وَلَمْ يَقْتُرُوْا وَكَانَ بَيْنَ ذٰلِكَ قَوَامًا﴾ (۷۵)

ترجمہ: اور جو خرچ کریں تو فضول خرچی نہ کریں اور نہ بہت تنگی کریں اور ہے اس کے بیچ ایک سیدھی راہ۔

**عدل وانصاف:** جن امور پر اسلام نے سب سے زیادہ زور دیا ہے ان میں سے ایک عدل وانصاف ہے۔ یہ دراصل سچائی اور راست بازی کی ایک شکل ہے اس کا مطلب یہ ہے کہ ہر شخص کے ساتھ بلا رورعایت وہ معاملہ کیا جائے۔ اسی عدل وانصاف پر دنیا کا نظام قائم ہے۔۔ چنانچہ قرآن کریم میں ہدایت کی گئی ہے کہ معاملات میں عدل وانصاف کو اپنا اصول اور نصب العین بنالو۔ اسلام کی خصوصیت ہے کہ وہ دشمنوں کے ساتھ بھی عدل وانصاف کی تاکید کرتا ہے (۷۶)۔

**صبر و تحمل اور رواداری:** اسلام نے صبر و تحمل اور رواداری پر بڑا زور دیا ہے اور یہ مومنین کی اعلیٰ ترین صفات اور خوبیوں میں سے ایک ہے انبیاء کرام علیہم السلام نے بھی اس کا درس دیا ہے (۷۷)۔ اصطبر کا معنی بھی صبر کرنا ہے۔ قرآن پاک میں ہے:

﴿فَاعْبُدْهُ وَاصْطَبِرْ لِعِبَادَتِهٖ﴾ (۷۸)

ترجمہ: اس کی عبادت کرو اور اس کی عبادت کے سلسلے میں صبر کرو۔

**تحمل** کے لئے فارسی میں "برداشت" کا لفظ ہے۔ یہ لفظ "بر" اور "داشت" کا مرکب ہے۔ "بر" کا مطلب ہے "بوجھ" اور "داشت" کا مطلب ہے "رکھنا"۔ برداشت کا لغوی مفہوم کسی بوجھ کو سنبھالنا ہوگا۔ "عربی میں " تحمل" اور " تسامح" بھی مشتمل ہے اور انگلش میں "Tolerance" کا لفظ استعمال ہوا ہے (۷۹)۔

**رواداری کا مفہوم:** روداری کے معنی صبر وبرداشت کے ہیں۔ اور مذہبی رواداری کا مطلب یہ ہے کہ مذہب سے متعلق جو افکار اور نظریات ہیں ان کا احترام کریں۔ ارشاد باری تعالیٰ ہے: ﴿لَآ اِكْرَاهَ فِي الدِّيْنِ﴾ (۸۰) (دین میں کوئی جبر نہیں)۔

اسلام چونکہ دین انسانیت ہے لہٰذا وہ انسانی معاشرے کے اندر تمام انسانوں کو اجتماعیت میں پرونا چاہتا ہے۔ اور اس تناظر میں اجتماعی عدل کو اسلام کی روح قرار دیا ہے۔ وہ اپنے پیروکاروں کے اندر

صبر و برداشت پیدا کرنا چاہتا ہے تاکہ وہ آپس میں متحد اور بھائی چارے کی فضا میں رہ کر اس خلق کو اپنے اندر اتنی وسعت دیں تاکہ آگے چل کر پورے معاشرے کے اندر اخوت کی فضا قائم کر سکے [۸۱]۔

تحمل، برداشت اور حلم و بردباری کی تعلیم عام ہو اسلامی تعلیمات کا امتیازی پہلو ہے۔ اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا: ﴿وَلَمَنۡ صَبَرَ وَغَفَرَ اِنَّ ذٰلِكَ لَمِنۡ عَزۡمِ الۡاُمُوۡرِ﴾ [۸۲] (اور البتہ جس نے برداشت کیا اور معاف کیا تو بے شک مدت کے کام ہیں)۔

انسانی تاریخ میں فتح مکہ کی رواداری، وسعت نظری، انسانی دوستی کا وہ عظیم واقعہ ہے جس کی مثال کہیں اور نہیں دکھائی دیتی۔ اسے روشن خیال اور انصاف پسند غیر مسلم مفکرین نے بھی تسلیم کیا ہے۔ اور حضرت محمد ﷺ کی رواداری اور صلح جوئی کا کھلے دل سے اعتراف کیا ہے آج بھی صرف یہی طریق محمد ﷺ امن عالم کا ضامن ہے [۸۳]۔

**ایفائے عہد:** ایفائے عہد سے مراد ہے قول و قرار کا پورا کرنا۔ یعنی اگر کسی سے کوئی وعدہ کیا ہے تو اس پر مکمل طور پر عمل کرنا اور اپنی زبان کا پاس کرنا۔

قرآن مجید میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے:﴿اِنَّ اللّٰہَ لَا یُخۡلِفُ الۡمِیۡعَادَ﴾ [۸۴] (بے شک اللہ تعالیٰ اپنے وعدوں کی خلاف ورزی نہیں کرتا)۔

**صدق:** صدق صفات ربانی میں سے بھی سب سے بڑی صفت ہے اور یہ انبیاء کی صفت ہے۔ صدق کے معنی سچ بولنا۔ صادق سچے کو اور صدیق ہمیشہ سچ بولنے والے کو کہتے ہیں۔ صدق ہر قسم کی سچائی کو کہتے ہیں، خواہ اس کا تعلق زبان سے ہو، قلب سے ہو، یا عمل سے ہو۔ اسلام میں صفتِ صدق کو اخلاقیات کے اصول اور اساس میں شمار کیا جاتا ہے۔

قرآن کریم اللہ تعالیٰ کے سب سے زیادہ سچے ہونے کا ذکر ان الفاظ میں کرتا ہے:

﴿وَمَنۡ اَصۡدَقُ مِنَ اللّٰہِ حَدِیۡثًا﴾ [۸۵] (اور بات میں اللہ تعالیٰ سے زیادہ سچا کون ہے)۔

آنحضرت ﷺ نے فرمایا

((إِنَّ الصِّدْقَ يَهْدِي إِلَى البِرِّ، وَإِنَّ البِرَّ يَهْدِي إِلَى الجَنَّةِ، وَإِنَّ الرَّجُلَ لَيَصْدُقُ حَتَّى يَكُونَ صِدِّيقًا. وَإِنَّ الكَذِبَ يَهْدِي إِلَى الفُجُورِ، وَإِنَّ الفُجُورَ يَهْدِي إِلَى النَّارِ، وَإِنَّ الرَّجُلَ لَيَكْذِبُ حَتَّى يُكْتَبَ عِنْدَ اللَّهِ كَذَّابًا)) [۸۶]

ترجمہ: سچ بولنا نیکی کا راستہ بتاتا ہے اور نیکی جنت کی طرف لے جاتی ہے اور آدمی سچ بولتا جاتا ہے یہاں تک کہ خدا کے ہاں صدیق لکھا جاتا ہے اور جھوٹ برائی کا راستہ بتاتا ہے اور برائی دوزخ کی طرف لے جاتی ہے۔اور ایک آدمی جھوٹ بولتا رہتا ہے یہاں تک کہ وہ خدا کے ہاں جھوٹا لکھا جاتا ہے۔

## رذائل اخلاق:

**جھوٹ:** عربی میں اس رزیلت کو "کذب" کہا جاتا ہے اسلام نے جس طرح سچائی کو تمام اچھائیوں کی بنیاد بتایا، اسی طرح جھوٹ کو تمام برائیوں کی جڑ سمجھا ہے۔ جھوٹ کے متعلق حضور ﷺ کا ارشاد پاک ہے: ((كَفَى بِالْمَرْءِ كَذِبًا أَنْ يُحَدِّثَ بِكُلِّ مَا سَمِعَ)) (۸۷) (آدمی کے لیے یہ جھوٹ کافی ہے کہ جو سنے اسے کہتا پھرے)۔

**ظلم:** ظلم ایک سنگین جرم ہے، جس کی سزا دنیا میں بھی ہے اور آخرت میں بھی ہے۔ قرآن مجید میں ہے: ﴿فَاِنْ بَغَتْ اِحْدٰىهُمَا عَلَى الْاُخْرٰى فَقَاتِلُوا الَّتِیْ تَبْغِیْ حَتّٰى تَفِیْٓءَ اِلٰۤى اَمْرِ اللّٰهِ﴾ (۸۸) (اگر ایک جماعت دوسری جماعت پر ظلم وزیادتی کرے تو باغی اور ظالم جماعت سے لڑو اور قتل کر ڈالو یہاں تک کہ اللہ تعالیٰ کے حکم کی طرف لوٹ آئے)۔

ایک حدیث میں آیا ہے:((يَا عِبَادِي إِنِّي حَرَّمْتُ الظُّلْمَ عَلَى نَفْسِي، وَجَعَلْتُهُ عَلَيْكُمْ مُحَرَّمًا،فَلَا تظْلِمُوا الْعِبَادَ)) (۸۹) (اے میرے بندو! میں نے اپنے اوپر ظلم کو حرام کر لیا ہے اور تمہارے درمیان بھی اس ظلم کو حرام کر دیا ہے۔ لہٰذا تم آپس میں ایک دوسرے پر ظلم نہ کرو)۔

**تکبر:** رزائل اخلاق میں سے ایک ہے۔ عبد اللہ انطاکیؒ فرماتے تھے کہ انسان کو عبادات میں سخت نقصان دینے والی وہ چیز ہے، جو بد اعمالیوں کو بھلاوے اور صالحات کی یاد دلائے، جس سے وہ شخص تکبر اور غرور میں پڑ جائے گا اور آخرت میں نیکی اور ثواب سے محروم رہے گا۔ حالانکہ وہ اپنے آپ کو صالحین میں شمار کرتا ہے۔ حضور ﷺ نے ارشاد فرمایا: ((لَا يَدْخُلُ الْجَنَّةَ مَنْ كَانَ فِي قَلْبِهِ مِثْقَالُ حَبَّةٍ مِنْ خَرْدَلٍ مِنْ كِبْرٍ)) (۹۰) (جس شخص کے دل میں رائی برابر بھی تکبر ہو گا، وہ جنت میں نہیں جائے گا)۔

**زنا:** زنا یہ بڑی برائی ہے جس سے مسلمانوں کو روکا گیا ہے۔ وہ باتیں جو زنا کی طرف راغب کرتی ہیں، اسلام میں ممنوع قرار دی گئی ہیں۔ مثلاً کسی غیر محرم کی طرف للچائی نظروں سے دیکھنا، تنہائی میں ملنا جلنا نامحرم عورتوں سے بے تکلف ہونا وغیرہ کی سختی سے ممانعت کی گئی ہے[۹۱]۔

**غصہ:** غصہ حرام ہے غصہ سے ہی تکبر اور عداوت پیدا ہوتی ہے۔

اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں:

﴿ وَإِذَا مَا غَضِبُوا هُمْ يَغْفِرُونَ ﴾[۹۳]

ترجمہ: اور جب ان کو غصہ آتا ہے تو معاف کر دیتے ہیں۔

حضور ﷺ سے کسی نے نصیحت پوچھی تو آپ ﷺ نے فرمایا: ((لاَ تَغْضَبْ فَرَدَّدَ مِرَارًا، قَالَ: لاَ تَغْضَبْ))[۹۲] (غصہ نہ کیا کر، تو اس شخص نے بار بار دہرائی، آپ ﷺ نے فرمایا: غصہ نہ کیا کر)۔

خلاصہ کلام یہ کہ یہودیت اور عیسائیت کی اخلاقیات کی اہم اخلاقی قدریں قرآن پاک میں بھی ملتی ہیں جیسے قرآنی احکام عشرہ جو قرآن مہیا کرتا ہے وہ مختصراً یہ ہیں جو یہود اور عیسائیت کی اصل تعلیمات سے مشترک ہیں: شرک نہ کرنا، والدین کے ساتھ احسان کرنا اور حس سلوک کا مظاہرہ کرنا، مفلسی کے ڈر سے اولاد کا قتل کی ممانعت، فحش اور بے حیائی کے قریب نہ جانا، انسانی جان کی حرمت، یتیم کا مال ناحق طریق سے نہ کھانا، ناپ تول میں کمی نہ کرنا، اانصاف سے کام لینا، عہد کا پورا کرنا، اللہ کے احکامات اور دی ہدایت پر چلنا۔ قرابت داروں کو ان کا حق دینا، غربا اور مساکین کی مدد، اسراف اور تبذیر اور بخل سے پرہیز، زنا سے بچنا، قتل نفس سے بچنا، مظلوم کا قصاص و دیت، آخرت کی باز پرس ان میں سے زیادہ مشترک ہیں[۹۴]۔

حرف آخر کے طور پر کہا جا سکتا ہے کہ اسلام ایک ایسے اخلاقی نظام کا موسس ہے جس کا مآخذ وحی ربانی ہے۔ اس لئے اس میں غلطی کا احتمال نہیں۔ قرآن نے نہ صرف ان تعلیمات کو مکمل کیا بلکہ اپنے کمال تک پہنچایا۔ اس لئے یہ قدیم اور جدید مذہبی و عقلی اور وصفی تمام محاسن رکھتا ہے۔ تمام مذاہب اور تہذیبوں کے نظام میں اخلاقی تعلیمات موجود ہیں۔ آج کا دور احیاء اسلام کا دور ہے۔ اس لئے اللہ کی بھیجی تعلیمات پر اخلاص سے عمل کی اشد ضرورت ہے۔ یہودیت اور نصرانیت کی تعلیمات نصائح پر مبنی ہیں جبکہ اسلام نے اس کی گرفت بھی کی۔ اسلام کا نظام صرف تھیوری ہی نہیں بلکہ آزمایا ہوا آئین ہے۔

اسلام میں عدل وانصاف کا حسین امتزاج ہے جبکہ نصرانیت میں صرف احسان ہے اور یہودیت میں صرف قانون ہے۔یعنی ایک قانون اوردوسرا اخلاق ہے۔اور اسلام میں یہ دونوں موجود ہیں۔اسلام میں افراط و تفریط نہیں بلکہ اعتدال ہے اس لئے اس کی تعلیمات پر عمل پیرا ہونے میں عافیت ہے۔غرض کہ اگر اخلاق حسنہ پر عمل کیا جائے تو اور رزائل اخلاق سے بچا جائے تو دنیا میں امن وسکون کا راج ہو۔جب ہم اسلام کی طرف نظر دوڑائیں تو پتہ چلتا ہے کہ اسلام کا نظام اخلاق مستحکم بنیادوں پر استوار ہے اس سے ثابت ہوتا ہے کہ تینوں الہامی مذاہب کی اخلاقی تعلیمات کتنی ملتی جلتی ہیں کاش تینوں مذاہب کے ماننے والے اللہ کا خوف رکھ کر ان فضائل اخلاق پر عمل کریں اور رزائل سے بچیں تو معاشرے سے بہت سی بنیادی برائیوں کا جڑ سے خاتمہ ہو سکتا ہے۔

# حواشی وحوالہ جات


۱) ابن منظور، لسان العرب، ۱۰/ ۸۶،۸۵، دار احیا التراث العربی، بیروت لبنان ۱۳۹۰ھ
نیز مزید تفصیل کے لئے دیکھئے راغب اصفہانی، مفردات القران، ص:۱/ ۳۱۸، شیخ شمس الحق لاہور
الأزدی، جمہرۃ اللغۃ، طبع: دار الکتب العلمیہ، ۲۰۰۰ء، ص:۱/ ۳۴۷
الأزہری، معجم تہذیب اللغۃ، ص:۱۰۹۳ ، دار الکتب العلمیہ
جرجانی، سید شریف ، کتاب التعریفات، ص:۴۷، مکتبہ رحمانیہ لاہور، ۱۹۹۹ء

۲) زبیدی، تاج العروس، ص:۱۳/ ۱۲۰، دار الفکر بیروت لبنان،
لوئیس معلوف، المنجد، دار الاشاعت کراچی، ص:۱۹۴

۳) شاہ ولی اللہ، حجۃ اللہ البالغہ، مکتبہ رحمانیہ لاہور، ص:۲/ ۴۰۱
Encyclopedia of Philosophy, vol: 3, p: 81

۴) امام فخر الدین رازی، تفسیر الکبیر، دار الکتب العلمیہ، بیروت لبنان ، ص:۱۵/ ۴۳۵

۵) ماوردی، ابو الحسن علی بن محمد، تسہیل النظر و تعجیل الظفر، دار النشر بیروت لبنان، ص:۵

۶) جرجانی، سید شریف علی بن محمد، کتاب التعریفات، ص:۴۷ ، مکتبہ رحمانیہ لاہور۔ نیز مزید تفصیل دیکھیے امام غزالی، احیاء علوم الدین، دار الاشاعت کراچی، ص:۳/ ۵۲

۷) الجاحظ، ابی عثمان عمرو، تہذیب الاخلاق، دار الصحابہ للتراث، ط ۱۹۸۹ ص:۱۲

۸) جمیل جالبی ' قومی اردو لغت 'ص:۸۷، مقتدرہ قومی زبان اسلام آباد، نیز دیکھئے سید احمد دہلوی ، فرہنگ آصفیہ ، ص:۱۲۷، ۱۲۸، مکتبہ حسن لمیٹڈ، لاہور

۹) کتاب خروج، ۲۰ : ۱ تا ۱۴، کتاب مقدس، انارکلی لاہور۔

۱۰) جے سموئیل، عہد نامہ عتیق کا تاریخی سفر ، طبع: خاطر پرنٹرز، لاہور ، ص:۱۵، ۱۹۹۴ء

۱۱) کتاب خروج، ۲۰: ۱۲

۱۲) ایضاً، ۲۰ : ۹

۱۳) تالمود' ص:۱۵۶، سٹیفن بشیر، مکتبہ عناویم گوجرانوالہ پاکستان

۱۴) کتاب خروج:۶:۲۳

۱۵) کتاب حزقی ایل:۸ ۱:۲۰

۱۶) کتاب امثال:۲۹ :۴

۱۷) کتاب خروج، ۲۲: ۲۱، ۲۲

۱۸) کتاب خروج،۲۵:۲۳تا ۴۰، نیز دیکھئے کتاب گنتی،۲۹:۱۱اور تالمود ' ص:۱۵۳

۱۹) کتاب خروج: ۲۳ : ۵،۴

۲۰) کتاب استثنا،۲۲: ۶ ،۸۷

۲۱) کتاب خروج،۱۷،۱۶:۲۰

۲۲) کتاب پیدائش،۲۴:۲۔، نیز دیکھئے، کتاب ملاکی،۱۶:۲

۲۳) کتاب احبار،۲۹:۲۲

۲۴) تالمود:۱۵۱

۲۵) ایضاً

۲۶) تالمود:۱۵۲۔۱۳۵۔ نیز دیکھئے کتاب پیدائش،' ۱۸:۳

۲۷) زبور، ۱۱۱: ۱۰، نیز دیکھئے کتاب گنتی،۱۱: ۹ ۲اور تالمود ص: ۲۳

۲۸) تالمود، ص:۱۵۷

۲۹) کتاب احبار ۱۰: ۹ '۱۰،اور باب ۱۵ نیز دیکھئے کتاب استثنا' ۲۳اور کتاب سموئیل دوم باب ۱۱

۳۰) کتاب احبار،۱۹: ۱۱۔ امثال ۱۳: ۵،۱۴: ۵

۳۱) کتاب احبار،۱۰: ۹،۱۰۔ نیز دیکھئے کتاب خروج،۷:۲۰

۳۲) کتاب استثنا،۲۳: ۱۹

۳۳) کتاب خروج،۲۰: ۱۲

۳۴) کتاب خروج، ۲۰: ۱۵

۳۵) کتاب خروج،۲۳: ۷

۳۶) کتاب خروج۲۳: ۹

۳۷) کتاب خروج،۲۳: ۸

۳۸) کتاب استثنا،۱۶: ۱۹، نیز دیکھئے تواریخ دوم، ۱۹ :۷

۳۹) کتاب خروج،۲۰: ۱۴

۴۰) کتاب خروج۲۳: ۹۔ نیز دیکھئے کتاب استثنا،۱۹: ۱۳،اور اسی کا باب۲۴: ۱۴ اور کتاب احبار،۱۹: ۱۳

۴۱) کیرن آرم سٹرانگ، خدا کی تاریخ، مترجم منصور طاہر، ص:۱۰،ادارہ تحقیقات لاہور،۲۰۰۳ء
مسلم بخش، کتاب الاخلاق، مکتبہ میری لائبریری، لاہور۱۹۸۷، ص:۲۵۱

۴۲) کتاب متی، ۵:۳، تا۹،۶

۴۳) کتاب متی، ۶:۴،۳

۴۴) کتاب متی، ۵ :۴۲

۴۵) کتاب متی، ۱۵: ۴

۴۶) کتاب متی، ۱۵ :۴۳، ۴۴

۴۷) کتاب متی،۵:۵ نیز دیکھئے کتاب یوحنا ۱۳: ۳۴

۴۸) کتاب متی،۵:۹

۴۹) کتاب متی،۶: ۱۴

۵۰) کتاب متی باب۵

۵۱) کتاب متی، ۵: ۲۷،۲۹

۵۲) کتاب متی ۱۸: ۲

۵۳) کتاب متی،۶: ۲۰

۵۴) سید سلیمان ندوی، شبلی نعمانی، سیرت النبی، ص:۶ / ۸۲، الفیصل ناشران و تاجران لاہور

۵۵) کتاب لوقا، ۳ : ۱۴

۵۶) کتاب یعقوب، ۱۳:۲

۵۷) ایضاً، نیز دیکھئے کتاب کلسیوں، ۳: ۹، اور کتاب یعقوب، ۳:۱۴

۵۸) کتاب متی،۵: ۳۳

۵۹) حفظ الرحمن سیوہاروی، اخلاق اور فلسفہ اخلاق، الفیصل ناشران و تاجران کتب لاہور ۲۰۰۰ء، ص:۷۰

۶۰) محمد ہارون یحییٰ، اسلامی اخلاق کے رہنما اصول، دار الاشاعت کراچی، ۲۰۰۷ء، ص:۳۵

۶۱) امام مسلم بن حجاج ، الجامع الصحیح، باب تفسیر البر والاثم، رقم الحدیث:۶۵۱۶ ، دار السلام ریاض، ۲۰۰۰ء

۶۲) امام ترمذی، محمد بن عیسی، سنن ترمذی، ابواب التفاسیر ، تفسیر سورۃ المطففین، رقم الحدیث:۳۳۳۴
دار السلام ریاض، سعودی عرب، ۲۰۰۷

۶۳) امام حاکم نیشاپوری، مستدرک حاکم، کتاب الایمان، دار الکتب العربی بیروت لبنان، ۱۴۱۱ھ رقم الحدیث:۱/۳۳

۶۴) امام بخاری، الجامع الصحیح، کتاب بدأ الوحی، کیف کان بدأ الوحی، رقم حدیث : ۱ ۔
امام مسلم، الجامع الصحیح ، کتاب الامارۃ، باب قولہ ﷺ انما الاعمال بالنیات، رقم حدیث:۴۹۲۷

۶۵) محمد ہارون یحییٰ، اسلامی اخلاق کے رہنما اصول، ص:۳۵

۶۶) سورۃ البقرۃ:۱۳۸

۶۷) ڈاکٹر نصیر احمد ناصر، اسلامی معاشرے کی تعمیر نو، فیروز سنز لاہور، ص:۱۲۴
محمد موسیٰ خان جلالزئی، اسلامی فلسفہ حیات، ص:۵۶

۶۸) متقی الہندی، کنز العمال، دار الکتب العلمیہ، بیروت ۱۹۹۸ء، ص:۱/ ۵
امام احمد بن حنبل، مسند احمد، ص: ۲/ ۲۸۱، موسسۃ الرسالۃ البیروت، ط:ثانیہ، ۲۰۰۷ء
۶۹) سورۃ لقمان:۳۱، ۳۲
۷۰) شبلی نعمانی، سیرت النبی، ص:۶/ ۴۱۷
۷۱) محمد ہارون یحییٰ، اسلامی اخلاق کے رہنما اصول، ص:۳۵
۷۲) علامہ اقبال، کلیات اقبال، بانگ درا "عشق کی انتہا"، اقبال اکیڈمی لاہور، ص:۱۳۱/ ۱۱۵
۷۳) اردو دائرہ معارف اسلامیہ، پنجاب یونیورسٹی لاہور، ص:۱/۱۹۳
۷۴) مفتی محمد شفیع، معارف القرآن ص:۱/ ۱۹۸، ۳۶۶۔ ادارۃ المعارف کراچی، ۲۰۰۷ء
شہاب الدین السید محمد آلوسی، روح المعانی، ص:۱۸/۲۱۷، دار احیاالتراث العربی لبنان
۷۵) سورۃ الفرقان:۶۷
۷۶) ابن ہمام، فتح القدیر ص:۲/ ۱۴۵، بولاق مصر، نیز امام احمد بن حنبل، مسند احمد ص:۱/ ۲۴۷
۷۷) خورشید احمد، اسلامی نظریہ حیات، ص:۳۹۵۔ نیز مزید تفصیل کے لئے ملاحظہ ہو
ڈاکٹر خالد علوی، انسان کامل، الفیصل ناشران و تاجران کتب خانہ لاہور اگست ۲۰۰۲ء، ص:۲۳۴
۷۸) سورۃ مریم:۶۵ نیز دیکھئے سورۃ البقرۃ:۴۵
۷۹) نسیم امروہی، نسیم اللغات، ص:۱۹۷۰، ۴۵۴ء، شیخ غلام علی اینڈ سنز لاہور اور ملاحظہ ہو انٹرنیشنل انسائیکلوپیڈیا آف سوشل سائنس، ص:۱۲/ ۴۳۹
۸۰) سورۃ البقرۃ:۲۵۴
۸۱) رئیس احمد جعفری، اسلام اور رواداری، ص:۹۴، ادارہ ثقافت اسلامیہ، لاہور
۸۲) سورۃ الشوریٰ:۴۰
۸۳) محمد حافظ ثانی، رسول اکرم ﷺ اور رواداری، فضلی سنز کراچی، ۱۹۹۸ء، ص:۱۷۵
قاضی محمد سلیمان رحمۃ للعالمینؐ، ص:۳۱۵
۸۴) سورۃ آل عمران ۹ : ۹۳۔ نیز دیکھئے جاوید ریاض، اسلامی تعلیمات، مکتبہ دانیال لاہور، ص:۱۸۲
۸۵) تفصیل کے لئے ملاحظہ ہو درج ذیل آیات اور کتب سورۃ النساء:۱۲۲، ۸۷، سورۃ الانعام:۱۴۶، الزمر:۳۳، یس:۵۲، سورۃ آل عمران:۱۷، سورۃ التوبہ:۱۹، سورۃ الاحزاب:۲۴، ۳۵۔ سورۃ النساء:۸۷،
جاوید ریاض، اسلامی تعلیمات، ص:۱۸۲۔
شبلی نعمانی، سیرت النبی، ص:۶/۴۲۱ تا ۴۲۳، ۴۲۷، ۴۲۶، خورشید احمد، اسلامی نظریہ حیات، ص:۳۹۵
۸۶) امام مسلم، صحیح مسلم، کتاب الادب، باب فتح الکذب، رقم الحدیث:۶۶۳۷۔ نیز دیکھئے عبد القیوم ناطق، تعلیمات

اسلام، مکتبہ اسلامیہ لاہور، ص:۱۴۴، ۱۴۳

۸۷) ابو داؤد، سنن ابو داؤد، باب التشدید فی الکذب، دارالسلام ریاض، ۱۴۲۷ھ، رقم الحدیث: ۴۹۹۲

۸۸) سورة الحجرات:۹

۸۹) امام مسلم، الجامع الصحیح، کتاب البر والصلة، باب تحریم الظلم، رقم الحدیث:۲۵۷۷

۹۰) امام مسلم، الجامع الصحیح، کتاب الایمان، باب تحریم الکبر وبیانہ، رقم الحدیث: ۱۴۷، ۱۴۹

۹۱) محمد فؤاد عبد الباقی، اللؤلؤوالمرجان، دار الحدیث قاہرہ مصر، ص:۱٦۸، ۱٦۹

۹۲) امام بخاری، الجامع الصحیح، کتاب الادب، باب الحذر من الغضب، رقم الحدیث:٦۱۱٦

۹۳) سورة الشوریٰ: ۳۷۔ نیز دیکھئے سورة آل عمران: ۱۳۴

۹۴) سورة الانعام: ۱۵۱ تا ۱۵۳، سورة بنی اسرائیل: ۲۳ تا ۳۹، تعارف الفرقان، فضلی سنز کراچی، ص: ۲/ ۴۹۱

*******************

# پاکستان میں رائج زرعی نظام کا شرعی جائزہ
# Prevailing Agricultural System in Pakistan (A Study in Islamic Perspective)

ڈاکٹر زاہدہ پروین*

## ABSTRACT

Islam has provided guidance in agriculture like any other field of life. Agriculture provides food and nourishment to men, animals and birds.

Pakistan is an agricultural land. Out of total grass root of Pakistan economy, 80% depends upon the agriculture. Agriculture is the production of food, feed and fiber by the systematic harvesting of plants and animals. The history of agriculture is a central element of human history.

The article deals with the study of Muslims' contribution to agriculture especially the Prophetic and four caliphs' time. The Prophet ﷺ initiated the development of a sophisticated system of irrigation, and the Caliphs Hazrat Umar R.A and Hazrat Uthman R.A suggested revolution in agricultural reforms.The Islamic rules on land ownership and labor rights, alongside the recognition of private ownership and introduction of share cropping created by incentives to engage in agriculture.

The present system prevailing in Pakistan has several short comings. Landlordism and poverty of cultivators who are generally uneducated, absence of heavy machinery for cultivation and small holdings also create problem.

***Key words:*** Pakistan, agriculture, human history, land ownership.

* لیکچرار اسلامیات، گورنمنٹ پوسٹ گریجویٹ کالج برائے خواتین وقار النساء، راولپنڈی

انسان نے خوراک حاصل کرنے اور جسم وروح کا رشتہ بر قرار رکھنے کیلئے پہلے شکار کا پیشہ اختیار کیا اور پھر گلہ بانی۔ تیسرے مرحلہ پر اس نے زراعت کو اپنایا۔ انسانی معاشرت کا آغاز زراعت سے وابستہ ہے۔

حضرت آدم علیہ السلام نے خود زراعت کی اور پھر یہی فن اپنی اولاد میں بھی منتقل کیا۔ زراعت کی ابتدائی شکل کیا تھی؟ کونسی فصل کس طرح سے بوئی گئی؟ ہو سکتا ہے کہ پھل دار درختوں کی حفاظت اور آبیاری کی صورت میں ہو یا زمین کو پھاڑ کر اس میں بیج ڈالنے کا طریقہ انسان نے بہت بعد میں سیکھا ہو۔ (۱)

زراعت کے آثار ہمیں قومِ نوحؑ میں بھی ملتے ہیں۔ قومِ عاد بھی زرعی زمینوں کے مالک تھے (۲)۔ عرب میں 'ذی زرع وادیاں' بھی تھیں اور عرب اس سے آشنا تھے۔ کعبۃ اللہ کی تعمیر کے بعد حضرت ابراہیمؑ نے جو دعا فرمائی اس میں یہ الفاظ تھے۔

﴿رَبَّنَآ اِنِّيْٓ اَسْكَنْتُ مِنْ ذُرِّيَّتِيْ بِوَادٍ غَيْرِ ذِيْ زَرْعٍ عِنْدَ بَيْتِكَ الْمُحَرَّمِ ۙ رَبَّنَا لِيُقِيْمُوا الصَّلٰوةَ فَاجْعَلْ اَفْىِٕدَةً مِّنَ النَّاسِ تَهْوِيْٓ اِلَيْهِمْ وَارْزُقْهُمْ مِّنَ الثَّمَرٰتِ لَعَلَّهُمْ يَشْكُرُوْنَ﴾ (۳)

ترجمہ: اے ہمارے رب! میں نے اپنی اولاد ایک ایسی وادی میں جہاں کھیتی نہیں تیرے عزت و ادب والے گھر کے پاس لا بسائی ہے۔ اے پروردگار تاکہ یہ نماز قائم کریں، پس لوگوں کے دلوں کو ان کی طرف مائل کر دے اور انہیں پھلوں سے رزق دے تاکہ وہ شکر کریں۔

## زراعت کا لغوی مفہوم:

زراعت، باب مفاعلہ کا مصدر ہے جس کا مادہ زَرَاعَۃٌ یا زَرْعٌ ہے۔ زرع کا معنی ہے "اگانا" زمین میں بیج ڈالنا، تخم ریزی کرنا، کھیتی کرنا وغیرہ۔ ابن منظور زَرَاعَۃُ کا مفہوم بیان کرتے ہیں۔

"الزَّرَّاعةُ بِفَتْحِ الزَّايِ وَتَشْدِيدِ الرَّاءِ، قِيلَ هِيَ الأَرض الَّتِي تُزْرَعُ" (۴)

ترجمہ: زراعۃ سے مراد ہے زمین کا بونا اور کاشت کرنا ہے۔

باب مفاعلہ کی اصل خاصیت مشارکت ہے یعنی دو اشخاص کا کسی فعل میں ایک دوسرے کے ساتھ شریک ہونا۔ لہذا زراعت کے معنی ہوئے دو افراد کا زراعت یا زرع کے عمل میں ایک دوسرے کے ساتھ شریک ہونا۔ زراعت کے عمل میں بھی دو افراد شریک ہوتے ہیں۔ ایک زراعت کے لئے زمین پیش کرتا ہے اور دوسرا اپنی محنت۔ زراعت کے لغوی معنی اور اصطلاحی مفہوم میں کامل ہم آہنگی پائی جاتی ہے۔

**زراعت کا اصطلاحی مفہوم:**

اصطلاح میں زراعت سے باہمی کھیتی باڑی کا ایک معاہدہ ہے جو مالک زمین اور کاشتکار کے درمیان بعض پیداوار پر طے پاتا ہے۔ کتاب الہدایہ میں مزارعت کی حسب ذیل تعریف دی گئی ہے:

"وَفِي الشَّرِيعَةِ: هِيَ عَقْدٌ عَلَى الزَّرْعِ بِبَعْضِ الْخَارِجِ"(۵)

ترجمہ: شریعت میں زراعت پیداوار کے کچھ حصہ کے عوض کاشتکاری کا معاہدہ ہے۔

**زراعت کی فضیلت واہمیت قرآن وسنت کی روشنی میں:**

زراعت ایک قدیم پیشہ ہے اور یہ انبیاء سے منسوب ہے جنہوں نے خود بھی کاشت کاری کی اور دوسروں کو اس کی ترغیب دی۔ مقدمہ ابن خلدون میں ہے کہ یہ زراعت ایک سادہ، صاف اور فطری پیشہ ہے اس میں زیادہ علم و نظر کی ضرورت نہیں اس لیے یہ پیشہ حضرت آدمؑ کی طرف منسوب ہے آپؑ ہی اس کے بتانے اور سکھانے والے ہیں۔ آپؑ ہی نے سب سے پہلے کھیتی باڑی کی اس سے معلوم ہوتا ہے کہ یہ روزی کمانے کا سب سے پرانا طریقہ ہے(۶)۔

کاشتکاری ایک مقدس پیشہ ہے اس کی فضیلت اور تقدس اس وقت بہت بڑھ جاتا ہے جبکہ خود ہاتھ سے محنت کر کے کاشت کاری کی جائے۔ نبی اکرم ﷺ کی متعدد احادیث میں ہاتھ سے محنت کر کے کمانے کی فضیلت بیان کی ہے۔ ایک حدیث میں ہے:((إِنَّ أَطْيَبَ مَا أَكَلَ الرَّجُلُ مِنْ كَسْبِهِ)) (۷)

ترجمہ: کسی شخص نے ہاتھ کی محنت سے بہتر روزی نہیں کھائی۔

نبی اکرم ﷺ نے خود کاشت کرنے کی فضیلت بیان فرمائی۔ حضرت انس سے روایت ہے کہ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا:

((مَا مِنْ مُسْلِمٍ يغْرِسُ غَرْسًا أو يزْرَعُ زَرْعًا فَيأْكُلُ مِنه طَيرٌ أَوْ إِنْسَانٌ أَوْ بهيمة إِلاَّ كَانَ له به صَدَقة)) (۸)

ترجمہ: جو مسلمان درخت بوتا ہے یا کھیتی باڑی کرتا ہے اور اس سے پرندہ، انسان یا جانور اپنی خوراک حاصل کرتے ہیں تو یہ عمل اس کے حق میں صدقہ بنتا ہے۔

نبی اکرم ﷺ کے اس فرمان سے یہ حقیقت واضح ہو جاتی ہے کہ کاشتکار کو صرف فعل زراعت کی وجہ سے ثواب ملتا ہے۔ اس کی نیت ثواب حاصل کرنے کی ہو یا نہ ہو۔ جب تک بونے یا کھیتی

سے فائدہ اٹھایا جاتا ہے ثواب جاری رہتا ہے خواہ پودا لگانے والا وفات پا چکا ہو یا اس کی ملکیت کسی دوسرے کی طرف منتقل ہو چکی ہو۔

علماء کا یہ کہنا ہے کہ اللہ تعالیٰ کی فیاضی سے یہ بعید نہیں کہ وہ ایسے شخص کو مرنے کے بعد بھی نوازتا رہے جس طرح اس کی زندگی میں نوازتا رہا ہے یعنی چھ باتوں کے سلسلہ میں ایک صدقہ جاریہ، دوسرا وہ علم جس سے پورا فائدہ اٹھایا جائے۔ تیسرے نیک اولاد جو اپنے والدین کیلئے دعا کرے، چوتھا پودا، پانچواں کھیتی اور چھٹا پاسبانی یعنی دشمنوں کے مقابلہ میں سرحد وغیرہ کی حفاظت کرنا[۹]۔

رسول اللہ ﷺ کی زرعی حکمت عملی کا ایک اہم پہلو یہ ہے کہ جو لوگ مسلمان ہو گئے ان کی سابقہ املاک کو بحال رکھا گیا۔ مثلاً آپ ﷺ جب مدینہ پہنچے تو انصارؓ کو ان کی زمینوں پر بحال رکھا گیا۔ بنی نضیر کی مدینہ بدری کے بعد ان کی املاک بحق سرکار ضبط کر لی گئیں[۱۰]۔

مدینہ، بحرین، طائف اور یمن کی زمینوں کے مالکان مسلمان ہو گئے تو رسول اللہ ﷺ نے انہیں جائیدادوں پر بحال رکھا اور زمینوں پر عشر عائد کر دیا[۱۱]۔

فتح مکہ کے بعد بہت سے قبائل اسلام لے آئے جو افراد و قبائل مسلمان ہو گئے، ان کی جائیدادوں سے کوئی تعرض نہیں کیا گیا۔ رسول اللہ ﷺ کی اس پالیسی کا مقصد اسلام کی ترغیب، عدل و انصاف کا قیام، معاشرتی استحکام اور عرب کی زمین کی آبادکاری تھا[۱۲]۔

خلاصہ یہ کہ آپ ﷺ نے مسلمان ہونے والے افراد و قبائل کو سابقہ املاک پر بحال رکھا اور جو لوگ مسلمان نہیں ہوئے ان کی املاک بحق سرکار ضبط کر لی گئیں اور مسلمان ہونے والے افراد میں بطور عطیہ تقسیم کر دی گئیں۔

وہ اموال جن کو ان کے مالکوں نے مصارف خیر اور رفاہ عامہ کیلئے وقف کر دیا ہو ایسے اموال کسی کی ملکیت نہیں ہوتے؛ نہ کوئی ان کو بیچ سکتا ہے، نہ کوئی خرید سکتا ہے اور نہ ہی ہبہ کر سکتا ہے، ان اموال کو صرف ان مصارف میں خرچ کیا جائے گا جن کیلئے وہ وقف ہوئے ہیں۔ وقف اراضی کے احکامات بھی اسی طرز پر ہیں۔

آنحضرت ﷺ نے صحابہ کرامؓ میں وقف کی ایک تحریک پیدا کر دی تھی۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے آپ کی پیروی کرتے ہوئے اپنا خیبر کا حصہ فی سبیل اللہ وقف کر دیا تھا[۱۳]۔

حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے وادی عتیق کا مشہور کنواں (بئر رومہ) بہت مہنگے داموں خرید کر عام مسلمانوں کیلئے وقف کر دیا تاکہ ان کو پانی کی تنگی نہ ہو[۱۴]۔

غرض یہ کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم اور صحابہ کرامؓ نے اراضی اور کنویں بڑی تعداد میں وقف کئے جن سے خلق خدا کو فائدہ پہنچا۔

## زراعت کا جواز:

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے زراعت کی اجازت بھی دی ہے۔ اور اس پر عمل بھی کیا ہے چند احادیث روایات زراعت کے جواز میں پیش کی جاتی ہیں۔

۱۔ حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ ہم اپنی زمینوں کو عہد رسول صلی اللہ علیہ وسلم میں کرایہ پر دیا کرتے تھے[۱۵]۔

۲۔ حضرت حنظلہ بن قیس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ میں نے رافع بن خدیج رضی اللہ عنہ سے پوچھا کہ کُراء الارض کے بارے میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا کیا حکم ہے تو انہوں نے کہا کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے منع فرمایا ہے میں نے کہا کہ نقد لگان، سونے چاندی کے بدلے بھی منع کیا ہے تو انہوں نے کہا کہ اس میں کوئی حرج نہیں[۱۶]۔

۳۔ حضرت ابو جعفرؒ کہتے ہیں کہ ((كَانَ أَبُو بَكْرٍ الصِّدِّيقُ يُعْطِي الْأَرْضَ عَلَى الشَّطْرِ))[۱۷]
ترجمہ: حضرت ابو بکر رضی اللہ عنہ اپنی زمین نصف بٹائی پر دیتے تھے۔

۴۔ ابن ابی شیبہؒ نے حضرت علی رضی اللہ عنہ کی رائے نقل کی ہے: ((لَمْ يَرَ بَأْسًا بِالْمُزَارَعَةِ عَلَى النِّصْفِ))[۱۸] ترجمہ: حضرت علی رضی اللہ عنہ زمین کو نصف پر بٹائی پر دینے میں کوئی حرج نہیں سمجھے تھے۔

۵۔ حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ عہد رسول صلی اللہ علیہ وسلم اور عہد خلافت راشدہ میں تہائی اور چوتھائی پیداوار کے عوض بٹائی پر زمین دیتے رہے[۱۹]۔

۶۔ حضرت موسیٰ بن طلحہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ میں نے سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ اور عبد اللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کو اپنی اراضی تہائی اور چوتھائی پیداوار کے عوض دیتے ہوئے دیکھا ہے[۲۰]۔

۷۔ حضرت ابو جعفر فرماتے ہیں کہ مدینہ منورہ میں مہاجرین کا کوئی گھر ایسا نہ تھا جو تہائی یا چو تھائی حصہ کی بٹائی پر زمین کی کاشت نہ کرتا ہو۔ حضرت علی، حضرت سعد بن مالک، عبد اللہ بن مسعود رضی اللہ عنہم، عمر بن عبد العزیز، قاسم، عروہ، آل ابو بکر، آل عمر، آل علی اور ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہم یہ سب اپنی زمینیں اسی طرح کاشت پر دیا کرتے تھے(۲۱)۔

۸۔ حضرت عبد اللہ بن عمر رضی اللہ عنہ عہد نبوی تا ابتدائے عہد امیر معاویہ تک اپنی زمینیں زراعت پر دیتے رہے مگر جب رافع رضی اللہ عنہ کی حدیث سنی تو اس خوف سے ترک کر دیا کہ شائد نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے آخری عمر میں منع کر دیا ہو(۲۲)۔

۹۔ خیبر کی مثال: واقعہ خیبر ۷ھ عہد نبوت و خلافت کے مشہور ترین واقعات میں سے ہے۔ خیبر کا معاملہ اول و آخر زراعت کا معاملہ تھا۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنا حصہ بھی بٹائی پر دیا۔ حکومت کا حصہ بھی نصف پر دیا اور پندرہ سو مجاہدین کی ظرف سے بھی زراعت پر زمین دی۔ اس طرح زراعت پر زمین دینا آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی سنت ٹھہری۔

**زراعت سود نہیں ہے:**

زراعت کی بعض اقسام یثرب کے جاہلی معاشرے میں رائج تھیں۔ جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مدینہ پہنچ کر وہاں کی زمینوں کی آباد کاری کیلئے منصوبہ بندی کی اور اس منصوبہ پر عمل در آمد شروع کیا تو ان مختلف اقسام زراعت سے بھی واسطہ پیش آیا۔ زراعت کی وہ صورتیں ربوٰا سے مشابہ اور ظلم و استحصال کا ذریعہ تھیں آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کو ممنوع قرار دیدیا اور زراعت کی عام اور سادہ صورت کو جاری رہنے دیا۔ زراعت اپنی اصل کے لحاظ سے ربوا سے کوئی مماثلت نہیں رکھتی۔ ربوا کا تعلق سرمایہ و دولت سے ہے اور اس میں سرمایہ دار صرف نفع میں شریک ہوتا ہے نقصان میں نہیں۔ وہ کسی قسم کے خطرے میں شامل نہیں ہوتا۔ جبکہ زراعت میں مالک اور مزارع دونوں نفع و نقصان میں شریک ہوتے ہیں۔ اگر فصل خراب ہو جائے تو دونوں کو نقصان ہوتا ہے نیز حصوں کی مقدار معین نہیں ہوتی جتنی فصل ہو، اسے مقررہ حصوں کے مطابق تقسیم کر لیا جاتا ہے۔ اس لئے ربوا حرام ہے اور زراعت جائز ہے۔

حضرت عبد اللہ بن عباس رضی اللہ عنہ کی روایات اس کی تائید کرتی ہیں۔ حضرت ابن عباسؓ سے مروی ہے: ((لَمْ يُحَرِّمِ الْمُزَارَعَةَ، وَلَكِنْ أَمَرَ أَنْ يَرْفُقَ بَعْضُهُمْ بِبَعْضٍ))(۲۳) ترجمہ: بے شک آنحضرت

ﷺ نے زراعت کو حرام نہیں کیا۔ بلکہ آپ ﷺ نے یہ حکم دیا کہ لوگ آپس میں نرمی اور رفاقت کا سلوک کریں۔

## زراعت کے جواز میں چند اہم نکات:

گذشتہ صفحات میں جو نظائر و شواہد پیش کئے گئے ہیں ان سے یہ بات پایہ ثبوت کو پہنچتی ہے کہ اسلام میں زراعت اپنی اصل کے لحاظ سے ممنوع اور حرام نہیں ہے۔ یہ عہد نبوت اور عہد خلافت راشدہ میں رائج رہی ہے اور مملکت اسلامیہ کا پورا معاشی و معاشرتی ڈھانچہ زراعت کو جائز سمجھتا تھا۔ زراعت کے جواز میں چند اہم نکات بیان کئے جاتے ہیں۔

☆ رسول اللہ ﷺ صرف معلم و مبلغ ہی نہ تھے بلکہ ملک کے حاکم و فرماں روا تھے۔ اگر زراعت حرام ہوتی تو آپ ﷺ اس کا واضح طور پر اعلان فرماتے اور اس کی ہر نوع کو بند کر دیتے جس طرح سود کو آپ ﷺ نے نہ صرف حرام قرار دیا بلکہ مسلمان معاشرے سے اس کا نام و نشان مٹا دیا۔ لیکن زراعت کا عمل آپ ﷺ کے عہد اور اس کے بعد بھی جاری رہا۔ یہ معاملہ چند افراد سے متعلق نہ تھا بلکہ پوری مملکت کے نظم و نسق سے تعلق رکھنے والی چیز ہے۔ اگر آپ ﷺ نے اسے حرام قرار دیا ہوتا تو یہ معروف و مشہور بات ہونی چاہیے تھی، لیکن ایسا نہیں ہے۔ آنحضرت ﷺ کی سیرت اور خلفائے راشدین کی عملی زندگی قول و فعل میں مطابقت کا بہترین نمونہ تھی۔ یہ گمان ہی نہیں کیا جا سکتا کہ آپ ﷺ اور آپ ﷺ کے خلفاء راشدین ایک بات کو غلط کہیں اور اسے رائج بھی رہنے دیں۔

☆ اسلام کے نظام ملکیت میں مردوں کے ساتھ بچوں، عورتوں اور بوڑھوں کو بھی حق ملکیت حاصل ہوتا ہے قانون میراث کے تحت ایک شخص کے مرنے پر ترکہ بچوں، عورتوں اور بوڑھوں میں بٹ جاتا ہے۔ اس میں بیٹوں کیلئے بھی حصہ ہوتا ہے اور بیٹیوں و بیوی کیلئے بھی۔ اگر ملکیت زمین کے ساتھ "خود کاشتی" کی شرط عائد کر دی جائے تو نظام ملکیت اور نظام زراعت میں ایک تضاد اور تناقض کی کیفیت پیدا ہو جائے گی۔ اسلام اس قسم کے تضاد سے پاک ہے۔ اسی لئے وہ زراعت کو جائز قرار دیتا ہے۔

☆ اسلام کا قانون بیع و شراء جائز اشیاء کی خرید و فروخت کے سلسلہ میں کسی قسم کی پابندی نہیں لگاتا اور نہ ہی انسان کو تصرف کے حق سے محروم کرتا ہے۔ پھر زمین کے سلسلہ میں پابندی کیوں عائد کی جاتی۔

☆ اسلام نے تجارت، صنعت اور معاشی کاروبار کے تمام شعبوں میں نفع و نقصان کی شراکت پر دوسروں کے ساتھ کاروبار کرنے کی اجازت دی ہے۔ زمین بھی سرمایہ کی طرح ایک عامل پیدائش ہے اس کا مالک شراکت اور مضاربت کے اصول پر زراعت پر کاشت کیوں نہیں کرا سکتا۔

☆ مدینہ اور عرب کے دیگر زرعی علاقوں میں غلاموں سے کھیتی کروانے یا اجرت پر کھیت میں کام کروانے کا رواج عام تھا۔ یہ رواج ظہور اسلام کے بعد بھی جاری رہا۔ اسی لئے آپ ﷺ نے مزدوروں کے حقوق کی پُرزور تاکید کی ہے کہ ان سے بیگار نہ لو اور ان کی مزدوری پسینہ خشک ہونے سے قبل ادا کرو۔ زمین پر مزارع کا کام بھی اجرت پر مزدوری جیسا ہے۔ فرق صرف یہ ہے کہ مزدور کو روزانہ اجرت دی جاتی ہے اور مزارع چھ ماہ بعد فصل کٹنے پر اپنی مزدوری لیتا ہے۔ دونوں معاملات اپنی نوع کے لحاظ سے ایک جیسے ہیں پھر ایک کے جائز اور دوسرے کے ناجائز ہونے کا کیا مفہوم ہوا۔

**پاکستان میں رائج زرعی نظام:**

پاکستان کا اراضی نظام صدیوں سے چلا آ رہا ہے اس میں تغیرات زمانہ سے انقلابات آتے رہے مگر مجموعی طور پر اس کی حالت میں کوئی خاص فرق نہ آیا۔ آج تک کم و بیش پاکستان کا زمینداری نظام درج ذیل اقسام پر مشتمل رہا ہے:

۱۔ **نجی زرعی نظام:** اس نظام کے تحت اراضی کی بڑی بڑی جائیدادیں جن کے مالک انفرادی زمیندار ہیں گائوں کی آبادی زیادہ تر ان مزارعین پر مشتمل ہوتی ہے جو اراضی کو کاشت کرتے ہیں[۲۴]۔

اس نظام میں زمیندار کلی طور پر بڑے بڑے قطعات اراضی کے مالک ہوتے ہیں وہ اراضی کا مالیہ ادا کرتے ہیں، خود کاشت نہیں کرتے بلکہ مزارعین کو کاشت کے لیے ملازم رکھتے ہیں اور بسا اوقات اپنی زمینیں مزارعوں اور ہاریوں کو پٹہ پر دے دیتے ہیں فصل کٹنے پر اپنا طے شدہ حصہ وصول کر لیتے ہیں۔

۲۔ **خود کاشتکاری نظام:** اس سے مراد وہ زمیندار ہیں جو نسبتاً چھوٹے رقبوں کے مالک ہیں جن کو وہ اپنے افراد خاندان یا اجیر کارکنوں کی مدد سے کاشت کرتے ہیں یہ مالکان اراضی علی العموم دیہاتی برادریوں کی شکل میں آباد ہیں[۲۵]۔

۳۔ **رعیت داری نظام:** اس نظام کے ماتحت اراضی براہ راست حکومت سے بنیاد مزارعت پر حاصل کی جاتی ہے لیکن عملاً اس کا استقلال پوری طرح محفوظ ہوتا ہے قابض کاشتکار کو آزادی حاصل ہے کہ جس

اراضی کو چاہے چھوڑ دے اور مالگزاری ادا کرنے کی ذمہ داری سے بچ جائے دخیل کار کو موروثی اور انتقالی حقوق حاصل ہوتے ہیں جن کی وجہ سے وہ عملاً مالک ہی کی حیثیت رکھتا ہے۔ یہ نظام صوبہ سندھ میں رائج ہے[۲۶]۔

۴۔ **محل واڑی نظام:** اس نظام کے تحت حکومت پورے گاؤں کو ایک وحدت قرار دے کر گاؤں کے تمام لوگوں پر بحیثیت مجموعی لگان عائد کر دیتی ہے جس کی ادائیگی انفرادی یا اجتماعی طور پر پورے گاؤں پر عائد ہوتی ہے۔ اس نظام میں نمبر دار کی وساطت سے حکومت کو مالیہ ادا کیا جاتا ہے۔ اس نظام کو بھائی چارہ نظام بھی کہتے ہیں۔ یہ نظام صوبہ پنجاب اور خیبر پختونخواہ کے اکثر علاقوں میں رائج ہے[۲۷]۔

**پاکستان میں بڑی زمینداریاں:**

پاکستان میں زمین کی ملکیت کے حالات یکساں نہیں ہیں بلکہ ہر صوبہ کے حالات میں فرق ہے۔

**پنجاب:** پنجاب میں جاگیر داری صوبائی عصبیت کی گود میں پروان چڑھی۔ مشرقی پنجاب سے آئے ہوئے چھوٹے بڑے زمینداروں نے علاقے الاٹ کروالیے، کافی زمینوں پر مقامی لوگوں نے قبضہ کر لیا تھا اور یہ سب مال مفت دل بے رحم کے مقولے پر کاربند ہو کر پیداوار بڑھانے اور مزارعین کی حالت بہتر بنانے کے قائل نہیں[۲۸]۔

**سندھ:** سندھ میں ابھی تک بڑی زمینداری موجود ہے جس کے باعث صوبوں کے دیہی اور شہری حالات میں واضح معاشرتی اور اقتصادی تفریق موجود ہے صوبوں کے مابین کشمکش کا بڑا سبب بھی یہی زمینداری نظام رہا ہے۔ "سندھ کے پورے رقبہ کا اسی فیصد حصہ قلیل التعداد جاگیر داروں کے قبضہ میں ہے"[۲۹]۔ ان کی اراضی کو مزارعین کاشت کرتے ہیں جو ہاری کہلاتے ہیں اور ملکیت زمین کے بارے میں ان کی یہ حالت ہے کہ سندھ میں پچیس لاکھ ہاری ہیں جن کے پاس ایک ایکڑ زمین بھی نہیں ہے[۳۰]۔

**خیبر پختونخواہ:** صوبہ خیبر پختونخواہ میں زمین کے مسائل کی نوعیت سندھ اور پنجاب سے جدا ہے۔

انیس فاطمہ کے بقول:

"یہاں ابھی تک انگریزوں کے زمانہ کے قوانین کا نفاذ ہے جس کی رو سے وہاں کا مزروعہ علاقہ انہوں نے چند لوگوں کو ان خدمات کے عوض دیا تھا جنہوں نے ۱۸۵۷ء کی جنگ آزادی کی

جدوجہد میں دیسیوں کے خلاف انجام دیں تھیں۔ یہ لوگ بالعموم انعام دار کہلاتے ہیں ہندوؤں کی چھوڑی ہوئی زمینوں پر بھی زیادہ تر انہی لوگوں کا قبضہ ہے"۔ (۳۱)

**بلوچستان:** بلوچستان کے حالات ملک کے دوسرے حصوں کے مقابلہ میں بڑی حد تک نیم جاگیر دارانہ نظام سے مشابہ ہیں کیونکہ آبادی کی ساخت قبائل ہے۔ پورے صوبہ میں جاگیر داری نظام اپنی بھرپور شدتوں اور ہولناکیوں کے ساتھ موجود ہے۔ سارے مزروعہ علاقوں پر چند قبائلی سرداروں کا قبضہ ہے جن سے وہ اور ان کے اقرباء فائدہ اٹھا رہے ہیں۔ (۳۲)

## پاکستان میں بڑی بڑی زمینداریاں کیسے وجود میں آئیں:

ہمارے ملک کی اکثر بڑی زمینداریاں و جاگیریں اس قبیل سے تعلق رکھتی ہیں جو انہیں عوام دشمنی یا وطن فروشی کے عوض عطا ہوئیں۔ عوام کو ایک پسماندہ نو آبادیاتی نظام کی زنجیروں میں جکڑنے اور اس نظام کو عوامی غصہ کے پر شور طوفانوں سے محفوظ رکھنے کیلئے انگریزوں کو ایک مضبوط اور وفادار طبقہ کی حمایت درکار تھی۔ چنانچہ انہون نے وطن فروش، غدار، نوابوں، راجوں، مہاراجوں، افسروں، پیروں، سجادہ نشینوں، مذہب کے ٹھیکیدار علماء سُوء کو اور اپنے وفاداروں کو بڑی بڑی جاگیریں دے کر انہیں اپنی حکومت اور نو آبادیاتی نظام کا ستون بنایا۔

عقیل عباسی اس بارے میں لکھتے ہیں:

> "اپنی قومی غیرت بیچ کر انگریزی حکومت کے لیے خدمات انجام دیں فوجیں بھرتی کرائیں مجاہدین آزادی کو کچلنے میں ان کا ساتھ دیا، محبّان وطن کی پھانسیوں میں ممد و معاون ثابت ہوئے اور ان کارناموں کے بدلہ میں انہوں نے بڑی بڑی جاگیریں پائیں، انعام و اکرام سے سرفراز ہوئے"۔ (۳۳)

انگریز اس سرزمین پر قدم رکھتے ہیں تو ہمارے علماء کرام بھی دو حصوں میں بٹ جاتے ہیں ایک طبقہ انہیں کافر، دجّال قرار دے کر علم جہاد بلند کرتا اور دوسرا طبقہ ان کی خدمت و خوشامد کو اپنا شعار بنالیتا ہے اور جاگیر داری نظام اور انگریزی حکومت کے حق میں فتوے دیتا ہے۔ پہلے طبقہ کو اپنے عقائد کی سزا بھگتنی پڑی، ان راہنماؤں کو توپوں کے منہ سے باندھ کر اڑا دیا گیا جبکہ دوسرا طبقہ فائدہ میں رہا اس نے دین

فروشی کے عوض بڑی جاگیریں، زمینیں اور جائیدادیں انعام میں پائیں۔ موجودہ پیروں اور پیرزادوں کی جاگیریں بھی اس طرح ناجائز ذرائع سے حاصل کی گئی ہیں۔

مشائخ کا اثر ورسوخ قبائلی سرداروں سے بھی زیادہ ہے ایک طرف ان کی بڑی بڑی گدیاں ہیں جن کے ساتھ ہزاروں ایکڑ اراضی ہے اس کے علاوہ عقیدت مندوں کا ایک وسیع سلسلہ ہے جو بعض حالات میں ہندوستان تک پھیلا ہوا ہے۔ (۳۴)

خلاصۂ کلام یہ کہ پاکستان میں پائی جانے والی اکثر و بیشتر بڑی زمینداریاں انگریزوں کی عنایت خسروانہ ہے اور ملک و قوم سے غداری کا صلہ ہے۔

## پاکستان کے زرعی نظام کے اثرات:

پاکستان کا زمینداری نظام جو کہ دوسرے لفظوں میں جاگیرداری نظام ہے۔ ہماری بہت سی قومی وملی برائیوں کا اہم سبب ہے۔ جاگیرداری نظام جہاں بھی رائج ہو وہاں معاشرتی اور معاشی پسماندگی عوام کا مقدر بن جاتی ہے۔

آیئے اب یہ دیکھیں کہ ہمارے ملک میں زمینداری یا جاگیرداری نظام کن کن خرابیوں اور برائیوں کا ذریعہ بنا ہوا ہے۔ تفصیل حسب ذیل ہے:

### 1۔ معاشرتی اثرات:

ہمارا زمینداری نظام معاشرہ سے چمٹی ہوئی وہ جونک ہے جو اس کا خون مسلسل چوس رہی ہے' معاشرہ میں افراط و تفریط کی صورت پیدا ہو چکی ہے۔ معاشرہ دو حصوں میں بٹ چکا ہے۔ اس نظام نے ملکی امن وامان کی صورت حال کو تباہی کے کنارے پہنچا دیا ہے۔ جرائم میں روز بروز اضافہ ہوتا چلا جارہا ہے۔ اس ساری معاشرتی تباہی و بربادی کا باعث یہی زمینداری و جاگیرداری نظام ہے۔

#### ا۔ طبقاتی تقسیم:

موجودہ زمینداری سے زراعت اور زرعی معیشت سے تعلق رکھنے والے لوگ دو مختلف طبقات میں منقسم ہو گئے ہیں۔ ایک طبقہ جاگیردار اور زمیندار کہلاتا ہے اور دوسرا مزارعین و کاشتکار؛ اول الذّکر طبقہ کو کسی نہ کسی جائز و ناجائز طریقہ سے زرعی زمینوں سے متعلق حق ملکیت حاصل ہوتا ہے۔ لیکن وہ اپنی

مملوکہ زمینوں کو خود کاشت نہیں کر رہا ہوتا، بلکہ دوسروں سے بٹائی اور مزارعت پر کاشت کرواتا ہے یا پیداوار کے ایک حصہ کی بجائے کاشتکار سے بطور کرایہ نقد رقم وصول کرتا ہے اور ثانی الذّکر طبقہ ایسے افراد پر مشتمل ہے جو اپنی زیر کاشت اراضی کے مالک نہیں ہوتے لیکن زراعت و کاشتکاری کی جملہ مشقتیں و صعوبتیں وہی برداشت کرتے ہیں اور اس کے عوض پیداوار کا ایک معمولی حصہ پاتے ہیں۔

اس زمینداری نظام نے صرف مالکان اراضی اور کاشتکاروں پر مشتمل دو طبقات کو ہی وجود نہیں بخشا بلکہ مجموعی طور پر معاشرہ کو دو حصوں میں تقسیم کر دیا ہے ایک اَپر کلاس سوسائٹی جو اپنی بود و باش ' رہن سہن ' رسم و رواج اور طور طریقوں سے بالکل ایک مختلف مخلوق ہے۔ اس طبقہ کے روح رواں یہی زمیندار ہیں اور دوسرا طبقہ کمتر حیثیت کے مالک لوگوں کا ہے جنہیں کسی طرح بھی قابل التفات نہیں سمجھا جاتا حالانکہ ان پر آبادی کا کثیر حصہ مشتمل ہے۔

اس طبقہ نے تعلیم کو بھی دو حصوں میں تقسیم کر دیا ہے۔ ملک میں قائم ہونے والے تعلیمی ادارے دو قسم کے ہیں ایک امراء اور خوش حال طبقہ کے لیے اور دوسرے پسماندہ طبقات کے لیے۔

## ۲۔ مزارع کی معاشرتی حالت:

کسان یا مزارع کی معاشرتی حالت کو حسب ذیل عنوانات کے تحت بیان کیا جا سکتا ہے۔

غلامی: اللہ تعالی نے ہر انسان کو آزاد پیدا کیا ہے مگر دنیا کے ظالم جاگیر دار و زمیندار اپنے مزارعوں کو پیدا ہوتے ہی اپنا غلام سمجھنا شروع کر دیتے ہیں۔ دیہاتوں میں عملاً وڈیروں ' جاگیر داروں اور سرداروں کی عملداری یا دوسرے الفاظ میں حکومت ہوتی ہے مزارعین، اہل حرفہ اور کھیت مزدور اپنے بیوی بچوں سمیت ان کے محکوم اور غلام ہوتے ہیں۔

بیگار: بیگار کے کام دینا بھی مزارع کی قسمت کا حصہ ہے زمیندار کسی وقت بھی ہاری سے کنویں سے پانی نکالنے ' اپنا مکان بنانے یا اس قسم کی کوئی دوسری بیگار لے سکتا ہے۔

رحمت اللہ طارق ' بیگار کے متعلق لکھتے ہیں:۔

> "بیگار کی لعنت ہمارے زمیندار طبقہ میں اس قدر راسخ ہو چکی ہے کہ رفتہ رفتہ مفت کام لینے کو اپنا پیدائشی حق سمجھنے لگے ہیں پاؤں دبوانا ہو یا جسم مالش کروانا ہو حقہ بھروانا ہو خواہ گھر کا تمام کام کاج کروانا صرف غریب کسان ہی کے واجبات میں یہ ڈیوٹی شامل ہے۔

بلکہ اس کی بہو' بیٹیاں اور بیوی پر بھی یہ فرض عائد ہوتا ہے کہ خلوت ہو خواہ جلوت زمیندار کی خدمت گزاری سے انکار کی مجال نہیں کر سکتیں"۔ (۳۵)

بے بسی اور لاچاری: زمیندار کے سامنے مزارع بالکل بے بس ہوتا ہے اگر وہ اپنی پیداوار ایک نکمے زمیندار کو نہ دے جس کا نام سرکاری کاغذوں میں بطور مالک لکھا ہوتا ہے تو اسے سزا ملتی ہے، ذلیل وخوار کیا جاتا ہے، اس کی عزت و آبرو لوٹی جاتی ہے۔

ہاری جو کئی نسلوں کے لیے زمین کاشت کرتا ہے اسے اس بات کا پتہ نہیں ہوتا کہ وہ کب تک اس زمین پر ٹھہر سکے گا۔ ڈر اس کی زندگی کا ایک حصہ ہے' قید کا خوف' زندگی' زمین یا بیوی کا خوف۔ ہو سکتا ہے کہ زمیندار اس سے ناراض ہو جائے اور اسے نکال باہر کرے۔ (۳۶)

پاؤں چھونا: ہاری آکر زمیندار کے پاؤں کو ہاتھ لگائے، اس کا مقصد دراصل صرف یہ بتاتا ہے کہ ہاری ایک پنچ مخلوق ہے جو زمیندار کے آگے جھکتی ہے اور اس کے رحم و کرم پر رہتی ہے ہاری زمیندار کے پاؤں چھوتا ہے تو اس کے ذہن میں مالک کل ہوتا ہے کیونکہ ساری زمین کا مالک زمیندار ہوتا ہے جو اسے بھوکا مار سکتا ہے اور بعض حالات میں اس کی جان بھی لے سکتا ہے۔ (۳۷)

جہالت: ہمارے معاشرہ میں مزارع، ہاری، کاشتکار کو سوچ سمجھ کر ناخواندہ رکھا جاتا ہے اسے تعلیم و تنظیم سے الگ تھلگ رکھا جاتا ہے وڈیرے کے اپنے بچے تو یورپ میں پڑھیں گے مگر خود اس کے گاؤں میں پرائمری سکول تک نہ ہو گا۔

اس کے حلقۂ رعیت میں کاشتکار زیور تعلیم سے آراستہ نہ ہو سکیں بلکہ وہ اس کے دست نگر رہیں کیونکہ اس کے خیال میں تعلیم بغاوت کے جراثیم پیدا کرتی ہے اور تعلیم حاصل کرنے والی آبادی ان کی ناجائز اور ظالمانہ روش کے ساتھ کبھی سمجھوتہ نہ کر سکے گی۔ (۳۸)

### ۳۔ زمیندار کی معاشرتی حیثیت:

کسانوں سے بٹائی لینے والے اور ان کا استحصال کرنے والے مالکان امراء کہلاتے ہیں۔ وہی حکومت کا نظام چلاتے ہیں اور اشراف کہلاتے ہیں۔ (۳۹)

یہ وہ طبقہ ہے انصاف جس کی مٹھی میں بند ہوتا ہے روپے سے وفاداریاں خرید تا ہے۔ طاقت کے زور پر من مانیاں کرتا ہے۔ دولت پر ایک مخصوص طبقہ کی گرفت سے استحصال کا دور شروع ہو جاتا ہے

۔ محنت کی کمائی پر عیش پرستوں کا قبضہ ہو جاتا ہے غربت چوراہوں پر دندناتی پھرتی ہے ۔ ضمیر مردہ ہو جاتے ہیں حوّا کی بیٹیوں کی سرعام تذلیل ہوتی ہے قانون کی دھجیاں سرعام اڑائی جاتی ہیں۔

ہمارے مزارع اور ہاری جانتے ہیں کہ فلاں راجہ، فلاں چوہدری، فلاں مالک اور پیر زادہ وڈیرہ، خان، سردار بدکردار اور بداخلاق ہے لوگوں کی عزتوں سے کھیلتا ہے لیکن اس کے باوجود معاشی لحاظ سے مجبور ہیں کہ اسی کو ووٹ دیں اور اپنا لیڈر بنائیں۔

ان زمینداروں کا اپنا ایک الگ کلچر ہوتا ہے جس سے ہٹنا ان کے لئے ممکن نہیں۔ ان کی اعلی تعلیم اگرچہ معاشرتی معقول اقدار اور انسانیت کی شائستہ ارتقاء سے وابستہ اصولوں پر مبنی ہوتی ہے لیکن یہ لوگ اس پر عمل نہیں کرتے۔ ندائے کسان میں ہے:

> ''آکسفورڈ، ہارورڈ، بارکلے اور سوربون کی تعلیم بھی اگر یہ لوگ حاصل کرلیں تو اس کا اثر اپنے فیوڈل مزاج پر نہیں ہونے دیتے۔ فیوڈل معاشرت اور اس کے سماجی سٹرکچر پر ان کا ایمان اعلی تعلیم کے بعد کچھ زیادہ ہی مستحکم ہو جاتا ہے'' اور بھی جان پڑگئی دیدہ امتیاز میں۔(۴۰)

پاکستانی معاشرہ میں سرمایہ دارانہ طرز استحصال کے مقابلہ میں زمیندارانہ ظلم وجور اور جاگیر دارانہ زراعت اور مزارعت کے ''طریق واردات'' سے ہونے والے جبر واستحصال کی مقدار بہت زیادہ ہے لہذا یہاں کسی سماجی انصاف تک کا تصور نہیں کیا جاسکتا جب تک زمینداری وجاگیرداری کے موجودہ نظام کو ختم کر کے ایک بالکل نئے اور منصفانہ بندوبست اراضی کی صورت پیدا نہ کی جائے اس لئے جب تک یہ نظام موجود ہے ستر پچھتر فیصد انسان جاگیرداروں، وڈیروں اور بڑے زمینداروں اور قبائلی سرداروں کے زیر نگین ہیں، دستور مملکت میں درج حقوق شہریت بے معنی ہیں۔

**۲۔ سیاسی اثرات:**

پاکستان ایک اسلامی جمہوری ملک ہے، جس کا سیاسی نظام عوامی انتخاب پر مبنی جمہوری نظام ہے لیکن کیا واقعی پاکستان میں جمہوریت ہے؟ جمہوریت کیا ہے؟

Democracy is Government of the people, by the people, for the people.

لیکن پاکستان میں پائی جانے والی جمہوریت نہ تو عوام کی ہے نہ عوام پر مشتمل ہے اور نہ عوام کے لئے بنی ہے بلکہ پاکستان کی جمہوریت اس طبقہ کے مفادات کے تحفظ کا ذریعہ ہے جسے زمیندار' جاگیردار یا Orestocracy کہا جاتا ہے۔

درحقیقت سیاسی نظام خواہ کسی بھی ملک کا ہو وہ ہمیشہ معاشی نظام کے تابع ہوتا ہے، پیداواری ذرائع کی ملکیت محنت کشوں کے پاس ہے تو جمہوریت عوامی ہو گی اور اگر پیداواری ذرائع کی ملکیت سرمایہ داروں اور جاگیرداروں کے پاس ہو گی تو جمہوریت بھی سرمایہ دارانہ و جاگیردارانہ ہو گی اگر معاشی نظام نیم سرمایہ دارانہ اور نیم جاگیردارانہ ہے تو جمہوریت بھی نیم دروں اور نیم بروں ہو گی۔

۱۹۴۷ء سے آج تک پاکستان سیاسی تجربات کی بھٹی بنا رہا ہے جمہوریت، مارشل لاء، کنٹرولڈ جمہوریت، جماعتی انتخاب، غیر جماعتی انتخاب؛ غرض کون سا ایسا نظام ہے جو ہم نے نہیں اپنایا مگر کسی بھی سیاسی تجربہ سے ہمیں صحیح اور صحت مند سیاسی قیادت مہیا نہ ہو سکی۔ لوگ آتے جاتے رہے لیکن قیادت میں تسلسل اور استحکام پیدا نہ ہو سکا اور نہ قیادت میں داخلی اور بیرونی چیلنجوں سے عہدہ برا ہونے کی سکت پیدا ہو سکی۔ حالانکہ قیام پاکستان کے وقت یہاں کے لوگوں میں جوش، جذبہ، ایثار و قربانی جیسی صفات کی کمی نہ تھی جو کہ ایک زندہ قوم کے لئے درکار ہوتی ہیں۔ تحریک خلافت سے تحریک پاکستان تک ہر مرحلہ پر جاگیردار طبقہ کے مقابلہ میں عوام اور متوسط طبقہ کے نمائندہ افراد سیاست پر چھائے رہے لیکن جب پاکستان بن گیا تو وہ سب زمیندار و جاگیردار، خان، سردار جو عوام یا متوسط طبقہ کے ہاتھوں پٹ گئے تھے بساط سیاست پر نہ صرف نظر آنے لگے بلکہ روز بروز ان کا اقتدار اور اختیار بڑھتا گیا اور بڑھتا چلا جا رہا ہے۔

موجودہ زمینداری نظام کے سیاسی اثرات کو ذیل کے عنوانات سے واضح کیا جاتا ہے۔

## جمہوریت کی ناکامی:

قیام پاکستان کو ۷۴ برس کا عرصہ بیت چلا ہے اس دوران تقریباً کئی سال ہم نے مارشل لاء کے تحت گزارے اور باقی کئی سال لولی لنگڑی جمہوریت رہی جبکہ اس کے مقابل ہمارے ہمسایہ ملک بھارت میں جمہوریت کی جڑیں بہت مضبوط ہیں اس کی وجہ وہاں جاگیرداری نظام کا خاتمہ ہے، قیادت اہل لوگوں کے ہاتھوں میں آئی۔ سرداریاں ختم ہو گئیں اور اچھے لوگ سامنے آ رہے ہیں۔

### اقتدار پر قبضہ:

پاکستانی سیاست پر ہمیشہ سے جاگیر داروں وزمینداروں کا قبضہ رہا ہے۔اسمبلیوں میں ان کی نشستیں، جائیداد کی طرح محفوظ ہوتی ہیں۔ وڈیرے ' جاگیر دار اور زمیندار چونکہ اپنے علاقوں کے آمر ہوتے ہیں اس لئے وہاں صرف وہی الیکشن لڑتے ہیں اور کامیاب ہو کر وفاقی اور صوبائی اسمبلیوں میں جاتے ہیں۔ اپنی مرضی سے وزارتیں بناتے ہیں اور دیہاتوں کے علاوہ شہروں پر بھی حکومت کرتے ہیں۔

### مشرقی پاکستان کی علیحدگی:

پاکستان ۱۹۷۱ء میں انہی جاگیر داروں وزمینداروں کی وجہ سے اپنا ایک بازو کھو بیٹھا۔ مشرقی پاکستان میں ۱۹۵۰ء کی زرعی اصلاحات پر صرف ایک سال بعد ہی عملدرآمد شروع ہو گیا جس کے تحت ملکیت ارض اور قبضہ کے نظام میں بہت سی ترقی پسندانہ اصطلاحات شامل کی گئیں اس قانون کی دفعات کے تحت کاشتکار مزارعین اور مملکت کے مابین لگان وصول کرنے والے مفادات موقوف ہو گئے اور آئندہ اس قسم کے مفادات کا دوبارہ سر اٹھانے کا سدّباب کر دیا گیا، اراضی کے قبضۂ خاص کی زیادہ سے زیادہ حد مقرر کر دی گئی جس کا نتیجہ یہ ہوا کہ وہاں سرداریاں ختم ہو گئیں اور سیاست میں ترقی پسند اور انقلابی طبقہ کے عمل دخل کا روز افزوں اضافہ ہوا، یہ امر مغربی پاکستان کے حکمرانوں کیلئے پریشانی کا باعث تھا۔

مختلف طبقوں کے نمائندوں کی حیثیت سے مشرقی اور مغربی پاکستان کے رہنما متضاد نظریات اور عزائم کے حامل تھے اور ان کے لئے ایک دوسرے کے مسائل کی صحیح تفہیم ممکن نہ تھی۔ لہٰذا مشرقی پاکستان علیحدہ ہو گیا۔

### اسلامی معاشرہ کی تشکیل میں رکاوٹ:

ان زمینداروں، وڈیروں اور جاگیر داروں سے یہ امید رکھنا کہ وہ ملک میں قرآن وسنت کے مطابق صلوٰۃ وزکوٰۃ، امر بالمعروف اور نہی عن المنکر کا نظام قائم کریں گے اور ان بنیادوں پر اسلامی معاشرہ کی تشکیل نو اور تعمیر کریں گے۔

ایں خیال است و محال است و جنوں

**۳۔ معاشی اثرات:**

کسی بھی معاشرہ میں اگر معاشی عدل کا فقدان اور اقتصادی میدان میں ظلم واستحصال کی بھٹی گرم ہو اور انسان قرآن کی اصطلاح مترفین اور محرومین کے طبقات میں تقسیم ہو کر رہ جائے تو سماجی، سیاسی، اور ریاستی انصاف کے تمام دعوے باطل اور کھوکھلے قرار پاتے ہیں ملکی معیشت تباہ ہو جاتی ہے، نچلے اور درمیانے طبقہ کے لئے جسم وجان کا رشتہ بر قرار رکھنا مشکل ہو جاتا ہے۔

**مزارع کی معاشی حالت:**

انسان کی حیثیت اس کائنات میں پائے جانے والے وسائل رزق کے امین کی ہے اور دہقان اس عالمگیر رزق رسانی کے ظاہری اسباب میں ایک اہم کڑی کی حیثیت رکھتا ہے۔ دہقان کا معاشرتی مقام نہایت اعلیٰ و ارفع ہونا چاہے کیونکہ وہ سینۂ زمین کو چیر کر لعل و گوہر پیدا کرنے والی ذات ہے جبکہ ہمارے معاشرے میں اسے بحیثیت انسان بھی مقام حاصل نہیں۔ دو وقت کھانے کے لئے روٹی اس کے پاس نہیں ہوتی۔ کچے گھروندے میں سر چھپائے بیٹھا رہتا ہے ایسے گھروندے جو کبھی بارشوں کی یلغار سے، کبھی دریاؤں کی طغیانی سے اور کبھی آگ کے جان لیوا شعلوں سے جل کر خاکستر ہو جاتا ہے جن کی عورتیں فیشن کی وجہ سے نہیں بلکہ چادر کی کمی کی وجہ سے عریانی کی حدود کو چھوتی ہیں جن کی اولاد گلیوں کے آوارہ کتوں کے ساتھ کھیلنے پر مجبور ہے کیونکہ ان کے لئے کوئی سکول نہیں۔ مزارع کی معاشی تنگدستی کا یہ عالم ہے کہ اس کے لئے جسم وجاں کا رشتہ برقرار رکھنا مشکل ہے ساری زندگی جاگیر دار کے لئے کماتا ہے اور نسل در نسل یہ سلسلہ چلتا رہتا ہے۔

خلاصۂ کلام یہ ہے کہ کھیت سے کسان کو روزی نہ ملنے کی وجہ کوئی بھی ہو معاشرتی، اخلاقی، فنی، تکنیکی یا معاشی، قابل صد نفرین ہے جس کی وجہ سے خدا کا غصب نازل ہو تا ہے۔

ہر معاشی ماحول اخلاق و کردار پر گہرا اثر ڈالتا ہے اگر معاشی ماحول ایسا ہے کہ آبادی کا بڑا حصہ اچھی غذا حاصل نہیں کر سکتا نہ تن ڈھانک سکے نہ کوئی ڈھب کا جھونپڑا میسر آسکے تو وہ قوم کے اخلاق کو گھن کی طرح کھا جاتا ہے۔ روزی کا محتاج انسان اس بات پر مجبور ہو جاتا ہے کہ اخلاق کی بڑی بڑی قدروں کو چند ٹکے کے عوض فروخت کر دے۔ جسے اپنے بچوں کا پیٹ پالنا ہو اسے یہ درس دینا کہ قرض لے کر مکرنا نہیں چاہیے یا چوری نہیں کرنی چاہیے غیر متعلق نصیحت ہے۔

ہاری زرعی ماحول چونکہ معاشی انصاف سے دور کی بھی نسبت نہیں رکھتا اس لئے کوئی تعجب نہیں کہ ہمارا اخلاقی معیار قرون اولیٰ کی نسبت بہت پست ہے۔[41]

**زرعی ترقی کی راہ میں رکاوٹ:**

"آج زمیندار زراعت میں نہ صرف کوئی تعمیری کردار ادا نہیں کر رہا بلکہ اس کا وجود زمین کی ترقی کے راستہ میں بڑا روگ بن گیا ہے"۔[42]

زرعی ترقی میں رکاوٹ کی ایک وجہ تو یہ ہے کہ ہمارے مالکان زمین مزارعین کو جو ان کی محنت کا صلہ اور سہولیات دیتے ہیں وہ اس قدر ناکافی ہوتی ہیں کہ اس کے لئے زمین کو دلجمعی سے کاشت کرنا ممکن ہی نہیں ہوتا، مثلاً کاشتکار کو اس امر کی کوئی ضمانت نہیں ہوتی کہ زمیندار کب تک اسے اپنی زمینوں پر کاشت کرنے دے گا۔ کیونکہ زمیندار جب چاہے منٹوں میں کاشتکار کو زمین سے بے دخل کر سکتا ہے جس کو اس کی کئی نسلیں کاشت کرتی چلی آ رہی ہیں۔ یہ عدم تحفظ کا احساس اس کے ذہن کو پراگندہ کر دیتا ہے اور وہ کاشتکاری میں پوری دلچسپی نہیں لیتا۔

اکثر زمیندار چونکہ اپنی زمینوں پر موجود نہیں رہتے اس لئے اس کی ترقی میں کوئی دلچسپی نہیں لیتے، ان کی رہائش شہروں اور قصبوں میں ہوتی ہے اور اراضی کا انتظام اپنے کارندوں کے ہاتھ میں چھوڑ دیتے ہیں جن کو نہ مزارعین سے کوئی ہمدردی ہوتی ہے اور نہ اراضی کو بہتر بنانے سے کوئی سروکار وہ صرف رقم حاصل کرنے میں دلچسپی لیتے ہیں جس کی وجہ سے کاشتکاری وزراعت کی ترقی کے لئے کوئی اقدامات نہیں کئے جاتے۔ جاگیردار نے آج تک اپنے علاقہ میں کاشتکار کی فلاح و بہبود کے لئے کوئی ادارہ قائم نہیں کیا ہے۔

**ارتکاز دولت:**

ہمارے زمینداری نظام کی یہ خوبی ہے کہ دولت و اقتدار ان میں جمع ہو جاتا ہے زمیندار گاؤں میں "دیہہ خدا" ہوتے ہیں جو لوگوں کے رزق کے (بزہم خود) مالک ہوتے ہیں۔ انیس فاطمہ لکھتی ہیں:

"اس نظام نے چند لوگوں کو دیہہ خدا بنا کر مظلوموں کا خون چوسنے کے لئے مسلط کر دیا ہے"[43]۔

**زرعی سودی نظام:**

سود کاری یا ساہو کاری کے جدید ادارے جو بینک کہلاتے ہیں زیادہ تر ۱۸ یا ۲۰ فیصد شرح حساب سے سود لیتے ہیں جب کہ چھوٹے بڑے زمیندار مزارعت یا بٹائی کے نام پر سو فیصد شرح کے حساب سے سود لیتے ہیں، دلیل یہ ہے کہ اپنے مزارعوں سے کل پیداوار کا نصف حصہ بٹائی کے نام پر وصول کرتے ہیں علاوہ بریں باقی نصف پیداوار کا وافر حصہ بھی سستے داموں خرید کر مہنگے داموں بیچ ڈالتے ہیں۔

خلاصہً کلام یہ ہے کہ اس جاگیر دارانہ اور زمیندارانہ ذہنیت نے زندگی کے ہر شعبہ کو بُری طرح متاثر کیا ہے زندگی کا کوئی شعبہ ایسا نہیں ہے جہاں عدل وانصاف اور مساوات کا دور دورہ ہو زندگی کی ساری آسائشیں مراعات یافتہ طبقہ کے لئے وقف ہو کر رہ گئی ہیں۔ دولت کے ارتکاز نے تمام آدمیوں سے زندہ رہنے کا حق بھی چھین لیا ہے۔ ۶۵ سال بعد بھی عام آدمی کی حالت میں کوئی تبدیلی واقع نہیں ہوئی اور لوٹ کھسوٹ کا رجحان فروغ پذیر ہے ناجائز ذرائع سے دولت کمانے کی ہوس میں اضافہ ہوتا جارہا ہے۔ بددیانتی، سمگلنگ، چوربازاری، ذخیرہ اندوزی، ملاوٹ، منشیات فروشی اور تمام اخلاقی وسماجی سیاسی برائیوں کی جڑ یہی زمینداری وجاگیرداری نظام ہے۔

# حواشی وحوالہ جات


۱) ابن سعد، الطبقات الکبریٰ، دار صادر للطباعۃ والنشر، بیروت، لبنان ۱۳۸۸ھ، ص:۱/۴۲

۲) زرعی انسائیکلوپیڈیا، اردو سائنس بورڈ، لاہور پاکستان، ۱۹۸۹ء، ص:۴۳۲

۳) سورۃ ابراہیم:۳۷

۴) ابن منظور، لسان العرب، دار صادر، بیروت، ص:۸/۱۴۱

۵) المرغینانی، علی بن ابی بکر، کتاب الھدایۃ، کتاب المزارعۃ، مکتبہ شرکۃ علمیہ، ملتان،، ص:۴/۳۳۷

۶) ابنِ خلدون، عبد الرحمٰن بن محمد بن خلدون، تاریخ ابنِ خلدون، ص:۲/۳۸۳

۷) ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری، صحیح بخاری، کتاب البیوع، باب ۱۵، رقم الحدیث: ۲۰۷۲

۸) مسلم بن حجاج القشیری، صحیح مسلم، کتاب المساقاۃ، ص: ۳/۱۱۸۹، رقم الحدیث: ۱۵۵۳

۹) علامہ یوسف القرضاوی، اسلام میں حلال و حرام، شمس پیرزادہ، الدار السلفیہ، بمبئی، انڈیا، ص:۲۱۷

۱۰) محمد بن جریر طبری، تاریخ الامم والملوک، ص: ۲/۲۲۶

۱۱) ابویوسف، یعقوب بن ابراہیم، کتاب الخراج، ص: ۳۵

۱۲) ابن سعد، الطبقات الکبریٰ، ص: ۱/۲۶۷

۱۳) ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری، صحیح بخاری، کتاب الوقف ، ص: ۱/۳۸۹

۱۴) ایضاً، کتاب المناقب، ص:۱/۳۱۶

۱۵) ابویوسف، یعقوب بن ابراہیم، کتاب الخراج، ص: ۸۸

۱۶) ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری، صحیح بخاری، کتاب المزارعۃ ص: ۱/۳۱۷

۱۷) ایضاً، ص: ۳۱۲، نیز طحاوی، ص:۲/۲۶۲

۱۸) علی المتقی بن حسام الدین، کنز العمال، مؤسسۃ الرسالۃ، بیروت، لبنان، ص:۴/۲۳۴

۱۹) ابوعبداللہ محمد بن یزید القزوینی، سنن ابنِ ماجہ، ص: ۱۷۹

۲۰) ابویوسف، یعقوب بن ابراہیم، کتاب الخراج، ص: ۱۰۷

۲۱) ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری، صحیح بخاری، کتاب المزارعۃ ، ص:۱/ ۳۱۷

۲۲) ابویوسف، یعقوب بن ابراہیم، کتاب الخراج، ص: ۱۰۷

۲۳) ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ، الجامع ترمذی، میر محمد کتب خانہ، کراچی، پاکستان، ص: ۱/۱۶۶

۲۴) اصلاحات اراضی ۳، حکومت پاکستان پلاننگ بورڈ، اسلام آباد

(۲۵) ایضاً

(۲۶) ایضاً، ۴

(۲۷) ایضاً، ۵

(۲۸) انیس فاطمہ، پاکستان کا معاشی پس منظر، ص: ۸۰

(۲۹) اصلاحات اراضی، ۵، حکومت پاکستان پلاننگ بورڈ اسلام آباد

(۳۰) انیس فاطمہ، پاکستان کا معاشی پس منظر، ص: ۷۵

(۳۱) ایضاً، ص: ۸۴

(۳۲) انیس فاطمہ، پاکستان کا معاشی پس منظر، ص:۸۶

(۳۳) عقیل عباسی، پاکستان کے سیاسی وڈیرے، فرنٹئیر پوسٹ پبلیکیشنز، لاہور، پاکستان، ۱۹۹۳ء، ص:۱۷

(۳۴) محمود مرزا، سندھ میں سیاسی طوفان، ص: ۱۰۷

(۳۵) رحمت اللہ طارق، زمینداری، جاگیرداری اور اسلام، البیان، لاہور، پاکستان، ص: ۲۰۲

(۳۶) مسعود کھدرپوش، ہاری رپورٹ (آج اور کل) ص: ۳۴، ۳۵

(۳۷) ایضاً، ص: ۳۶

(۳۸) منہاج، اکتوبر ۱۹۸۹۔ ص:۶۷۔ اصلاحات اراضی، ۳۱، حکومت پاکستان پلاننگ بورڈ اسلام آباد

(۳۹) مبشر حسن، پاکستان کے جعلی حکمران طبقے، ص: ۲۹

(۴۰) ندائے کسان (ماہنامہ) اگست ۱۹۹۳ء

(۴۱) محمود احمد، مسئلہ زمین اور اسلام، طبع: ص: ۶۵ ادارہ ثقافت اسلامیہ

(۴۲) ایضاً، ص:۱۳۷

(۴۳) انیس فاطمہ، پاکستان کا معاشی پس منظر، ص: ۱۱۹

*******************

# بین المذاہب ہم آہنگی میں حائل رکاوٹوں کا جائزہ

# A review of obstacles in interfaith harmony

ڈاکٹر نور حیات خان *

## ABSTRACT

In contemporary world several efforts have been made to restore the global peace, harmony and co-existence, and still the struggles continue but in vain. There are some serious problems to be addressed in the first phase. Some of these problems, for interfaith harmony and co-existence are associated with political and economical imbalance or injustice, while some of these are related to social and collective values at the world level, particularly in the Muslim society.

In the past, political and economic motives were responsible for wars. It is predicted that in future the situation will remain the same. However Religious extremism and fundamentalism are just slogans of the western world for covring up real economic intentions. Western world particularly Americans promote wars for achievement of economic gains.

This article focuses on the real causes of terrorisim, which is threatening our globe. Moreover it also suggests how to control these issues and help in the restoration of peace and interfaith harmony. The economic, political and social causes have been highlighted in detail. The big powers while talking of helping the developing countries want in reality to exploit economically those countries.

***Keywords:*** interfaith harmony, co-existence, political, economical imbalance, social, intellectual values.

* اسسٹنٹ پروفیسر شعبہ علوم اسلامیہ، نیشنل یونیورسٹی آف ماڈرن لینگو یجز اسلام آباد

دورِ حاضر کا انسان بے شمار مسائل کا شکار ہے۔ اس مقالے میں ان کے اسباب اور وجوہات کا جائزہ لیا گیا ہے جو بین المذاہب ہم آہنگی اور بقائے انسانیت میں حائل ہیں۔ ان درپیش مسائل کے تدارک کے لئے تجاویز پیش کی گئی ہیں۔

## اقتصادی اسباب:

معیشت یعنی وسائل رزق کی ترقی میں انسانی معاشرہ کی ترقی کا راز پنہاں ہے اور اس مالیاتی وساطت (Financial Intermediation) سے دنیا کی چہل پہل قائم و دائم ہے۔ جسے قرآن نے قوّامِ حیات اور اور اللہ کا فضل قرار دیا ہے۔ اللہ نے انسانی حیات کی ساخت ایسی بنائی ہے کہ وہ روحانیات سے مستغنی اور نہ مادیات کے بغیر زندگی سے متمتع ہو سکتا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ اللہ نے ان دونوں میں توازن قائم رکھنے کے لئے یکساں انتظام فرمایا ہے۔ اور جس معاشرے میں ان اصول وہدایات سے روگردانی پائی گئی ہے، اس کی زندگی تنگ کر دی گئی ہے۔ ارشاد باری تعالیٰ ہے:

﴿وَمَنْ اَعْرَضَ عَنْ ذِكْرِىْ فَاِنَّ لَهٗ مَعِيْشَةً ضَنْكًا وَّنَحْشُرُهٗ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ اَعْمٰى﴾(۱)

ترجمہ: اور جو میری یاد سے روگردانی کرے گا اس کی زندگی تنگی میں رہے گی اور ہم اسے بروز قیامت اندھا کر کے اٹھائیں گے۔

انسان جب انعاماتِ خداوندی کے حصول میں حد سے تجاوز کرتا ہے اور معاشی حیوان بنتا ہے تو گزشتہ قوموں کی انجامِ بد سے اللہ نے ان الفاظ میں خبردار کیا ہے: ارشاد باری تعالیٰ ہے:

﴿وَضَرَبَ اللّٰهُ مَثَلًا قَرْيَةً كَانَتْ اٰمِنَةً مُّطْمَىِٕنَّةً يَّاْتِيْهَا رِزْقُهَا رَغَدًا مِّنْ كُلِّ مَكَانٍ فَكَفَرَتْ بِاَنْعُمِ اللّٰهِ فَاَذَاقَهَا اللّٰهُ لِبَاسَ الْجُوْعِ وَالْخَوْفِ بِمَا كَانُوْا يَصْنَعُوْنَ﴾(۲)

ترجمہ: اللہ ایک بستی کی مثال دیتا ہے۔ وہ امن و اطمینان کی زندگی بسر کر رہی تھی اور ہر طرف سے اس کو بفراغت رزق پہنچ رہا تھا کہ اس نے اللہ کی نعمتوں کا کفران شروع کر دیا۔ تب اللہ نے اس کے باشندوں کو ان کے کرتوتوں کا یہ مزہ چکھایا کہ بھوک اور خوف کی مصیبتیں ان پر چھا گئیں۔

لہذا اخلاق و تمدن کی استواری کے لئے معاشی ضروریات اور خواہشات میں اعتدال ضروری ہے جس سے دین و دنیا کی امن و سلامتی وابستہ ہے اور بے اعتدالی، ظلم وزیادتی اور فساد جنگوں کا سبب بنتا ہے گزشتہ جنگوں کی غالب وجہ اقتصادی غلبہ تھا اور آنے والے حالات بھی یہی بتاتے ہیں کہ دنیا کی بدامنی اور فساد، معاشی دہشت گردی ہوگی اور مذہبی انتہا پسندی کا ڈھنڈورا پیٹنا محض بدنامی سے بچنے کا ایک بہانہ ہوگا۔ مغربی دنیا خصوصاً امریکی استعمار جنگوں کو بھڑکا کر انسانوں کے خون سے معاشی آسودہ حالی حاصل کرتی ہے۔ ۱۹۱۴ء میں جب پہلی جنگ عظیم شروع ہوئی تو امریکہ کے سونے کے ذخائر کی کل مالیت ۱۵۲۶ ملین ڈالر تھی لیکن جنگ کے اختتام پر ۱۹۱۹ء میں یہ مالیت ۲۸۷۳ ملین ڈالر تک پہنچ گئی تھی۔ یہ تھی وہ بنیاد جس سے امریکی صنعت (اسلحہ) پروان چڑھی تھی۔ امریکی سرمایہ کاروں نے اس جنگ میں باقی تمام روسی طاقتوں سے کہیں زیادہ منافع کمایا(۳)۔

دو سکالر Bill Still & Patrick SJ Carmack لکھتے ہیں: "پہلی جنگ عظیم کے دوران بروخ (Baruch) اور راتھ شیلڈ نے بیس کروڑ ڈالر نفع کمایا"(۴)۔

یہ سرمایہ دار جنگ کو بھڑکانے کے لئے بھاری قرضے دیتے تاکہ سامان حرب وضرب کو وسعت دیکر زیادہ سے زیادہ دولت کما سکیں۔ ان امریکی سرمایہ کاروں نے کروڑوں اربوں ڈالر جیب میں ڈال لئے تھے اور ہر ڈالر میں جنگی ٹھیکوں کی گندگی ملوث تھی، جن سے ہر ملک میں امیر زیادہ امیر ہوئے اور غریب زیادہ غریب، ہر ڈالر کروڑوں انسانوں کی ہلاکت اور زخمیوں کے خون سے پُر تھا۔ اسلام اس قسم کی خون آشامی کو فساد فی ارض قرار دیتا ہے، ارشاد باری تعالیٰ ہے:

﴿ مِنْ اَجْلِ ذٰلِكَ ۚ كَتَبْنَا عَلٰى بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ اَنَّهٗ مَنْ قَتَلَ نَفْسًۢا بِغَيْرِ نَفْسٍ اَوْ فَسَادٍ فِي الْاَرْضِ فَكَاَنَّمَا قَتَلَ النَّاسَ جَمِيْعًا ﴾(۵)

ترجمہ: اسی وجہ سے ہم نے بنی اسرائیل پر یہ لکھ دیا کہ جو شخص کسی کو بغیر اس کے کہ وہ کسی کا قاتل ہو یا زمین میں فساد مچانے والا ہو، قتل کر ڈالے تو گویا اس نے تمام لوگوں کو قتل کر دیا۔

جنگ عظیم اول اور دوم میں لڑنے کی وجوہات میں کوئی مذہبی بنیادیں نظر نہیں آتی، یہ محض اقتصادی غلبہ کی جنگیں تھیں اور اس کے نتیجے میں زور آور ریاستوں کی بندر بانٹ میں اقتصادی کالونیاں بنی

اور تاحال ان کے استعماری جال میں پھنسے ہوئے انسان تباہی اور بدامنی پر مجبور ہیں۔ وسائل کی ناجائز قبضے انسانوں کو خون دینے پر مجبور کرتی ہیں۔ ایکواڈور کے صدر جیمی رولڈوس اور پاناما کے صدر عمر توری جوس ان غارتگروں کے سامنے نہ جھکے تو ان کو عالمی اقتصادی سلطنت کے پروردہ گیدڑوں نے ہلاکت سے دوچار کیا۔ ان عالمی اداروں کے کارندوں کو لاکھوں ڈالر ماہانہ کے وظیفے پر اس لئے رکھا جاتا ہے تاکہ وہ عالمی لیڈروں کو اپنے وسیع نیٹ ورک کا حصہ بنانے پر آمادہ کرے تاکہ وہ اپنی عوام کو نام نہاد جدید ترقی کے نام پر قرض کے جال میں پھنسانے کی ضمانت دے اور اسی طرح ان کمپنیوں کے مالکان حیرت انگیز طور پر دولت مند ہو جاتے ہیں[٦]۔ اور اسی طرح یہ لوگ دوسروں کو آزادی سے محروم کرتے ہیں۔

ان قرضوں کے خطرات کے پیش نظر حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے لوگوں کو یہ نصیحت کی ہے:

((وَإِيَّاكُمْ وَالدَّيْنَ، فَإِنَّ أَوَّلَهُ هَمٌّ وَآخِرَهُ حَرْبٌ))[٧]

ترجمہ: قرض نہ لیا کرو کہ اس کے ابتدا میں غم اور اہتمام کرنے کی فکر ہوتی ہے اور آخر میں حرب اور جنگ ہوتی ہے۔

ان عالمی ایٹمی طاقتوں کی ظالمانہ اقتصادی تعاون نے اسرائیل کو ہر قسم ظلم وزیادتی کا جواز فراہم کیا ہے جو نہتے فلسطینیوں کو اپنے آبائی وطن اور ہر قسم کے مذہبی وانسانی حقوق سے زبردستی دستبردار کرانے پر مجبور کرتے ہیں۔ حالانکہ موجودہ دور میں مذہبی آزادی اور حقوق انسانی کے شور کا غلغلہ۔ مشرق وسطیٰ کی بدامنی کے اسباب کا جائزہ لینے سے دیگر اسباب کے علاوہ ایک سبب اقتصادی اغراض کے لئے اس کو زیر کرنے کی کوشش ہے جس کی وجہ سے یہاں بے چینی اور فسادِ عظیم برپا ہے۔ کبھی انگریز استعمار برِصغیر کے وسائل اور زمین پر قابض، تو کبھی روسی استعمار اپنی اقتصادی غارت گری کے لئے وسط ایشیا کی ریاستوں بشمول افغانستان پر حملہ آور نظر آتا ہے، تو امن عالم رخصت اور یہاں کے باسی اپنے آپ کو مجبور و مقہور پاکر تنگ آمد بجنگ آمد کی تصویر نظر آتے ہیں اور خون دینے پر مجبور ہے۔

قاضی محمد ظفر الحق لکھتے ہیں:

"دلچسپ بات یہ ہے کہ روس جو دنیا کا پانچواں حصہ تیل پیدا کر رہا تھا اس پیداوار کے لئے وسطی ایشیا کے مقبوضہ مسلم ممالک کا مرہون منت تھا" [٨]

صرف باکو (آذر بائیجان) کی یہ حالت تھی کہ یہاں پٹرول پانی کی طرح چشموں سے بہتا ہے۔ بعض چشموں سے سفید تیل اور بعض چشموں سے کالا تیل بہتا ہے۔ یہ روسی آذر بائیجان کی سب سے بڑی دولت تھی جس کو روس ۱۸۷۲ء سے لوٹ رہا ہے۔۱۹۷۳ء کے اعداد وشمار کے مطابق آذر بائیجان کے علاقے سے جو خام تیل حاصل ہو رہا تھا وہ دنیا کی مجموعی پیداوار کا ۲۲٫۷ فی صد تھا اس کے علاوہ یہاں فولاد کی پیداوار کا سب سے بڑا مرکز ہے۔ پھر زرعی محصولات میں چائے، روئی، چاول، نیچرل ریشم اور پھلوں کو نمایاں اہمیت حاصل ہے۔ روس نے اپنی معیشت کو مستحکم کرنے کے لئے کس طرح مسلم اکثریت والی ریاست آذر بائیجان کے مسلمان کو حرف غلط کی طرح مٹا کر اقلیت میں تبدیل کر دیا، ہزاروں مسجدوں اور مدرسوں کو ویران کر دیا[۹]۔

آج مشرقِ وسطی کی بے قراری اور بدامنی کی وجہ، ایک نئے استعمار کی قیادت میں نیٹو کا بلاد اسلامیہ کے اوپر اقتصادی قبضہ کی کوشش ہے۔ ورنہ ان استعماری طاقتوں کے ورود نامسعود سے پہلے اس قسم کی بدامنی، انتہاپسندی اور دہشت گردی کا وجود نہیں تھا۔ ایسے حالات اور ظالمانہ قبضے کی صورت میں اسلام اسلحہ اٹھانے کی اجازت دیتا ہے۔ ارشاد باری تعالیٰ ہے:

﴿أُذِنَ لِلَّذِيْنَ يُقٰتَلُوْنَ بِاَنَّهُمْ ظُلِمُوْا ۭ وَاِنَّ اللّٰهَ عَلٰي نَصْرِهِمْ لَقَدِيْرُۨ﴾ [۱۰]

ترجمہ: اجازت دے دی گئی ان لوگوں کو جن کے خلاف جنگ کی جارہی ہے، کیونکہ وہ مظلوم ہیں، اور اللہ یقیناً ان کی مدد پر قادر ہے۔

پورے عالم کا اقتصادی استحصال کے لئے، دنیا کے سب سے زیادہ ترقی یافتہ ممالک کی تنظیم G/8 اس لئے بنی ہے تاکہ امریکی قیادت میں سرمایہ دارانہ نظام کی اجارہ داری قائم ہو اور اس مقصد کے لئے اقوام متحدہ کے ساتھ ساتھ دوسری عالمی تنظیموں کو اپنے مفادات کی خاطر اغوا کر لیا گیا ہے[۱۱]۔ لیکن آج خود یورپ اور خاص کر امریکہ کے اندر گلوبلائزیشن کی خوشنما عالمی استحصالی سلطنت اور اقتصادی غارتگروں کے خلاف لوگ اٹھ کھڑے ہوئے ہیں اور وال سٹریٹ پر قبضہ کرنے کے لئے پر تول رہے ہیں۔ عراق پر یلغار کرنے والے خود کویت پر یلغار کرنے کے سازش کے خالق تھے تاکہ پورے خلیجی ریاستوں میں امریکہ اور اس کے اتحادیوں کے لئے وسائلِ اقتصاد پر قبضہ کے لئے راستہ ہموار ہو جائے اور ایسا ہی ہوا۔ عراق پر قبضہ برائے تیل القاعدہ اور دوسری تنظیموں کی تخلیق کی ایک بنیادی وجہ اور سبب

ہے۔ اسی طرح وسط ایشیا کی ریاستوں میں قدرتی وسائل پر قبضہ کے لئے افغانستان اور پاکستان میں مداخلت ضروری تھا۔

روزنامہ جنگ لکھتا ہے:

"امریکہ نے اکیسویں صدی کے آغاز کے ساتھ ہی جس جنگ کا آغاز کیا اگر اس پر غور کیا جائے تو یہ پٹرول کی جنگ ہے۔ وسط ایشیا کے ملکوں میں پٹرول کے ذخائر پوری دنیا کے ایک سو بیس سال کی ضرورت پوری کر سکتے ہیں۔ اس پٹرول کو دنیا تک لے جانے کے لئے افغانستان کی سرزمین اور بلوچستان کی بندرگاہ کی ضرورت ہے۔۔۔ لیکن افغان عوام نے دس سال تک امریکہ کو یہاں ایک انچ پائپ لائن ڈالنے کا موقع بھی نہ دیا"(۱۲)۔

معاشی خود کفالت کے لئے کوشش ہر انسان اور حکومت کا فریضہ ہے لیکن اس کے لئے امریکہ کا ہوس بہت بڑھ گیا ہے جو قارون کی طرح دنیا کے لئے فساد کا سبب بن رہا ہے۔ قول باری تعالیٰ ہے۔

﴿وَابْتَغِ فِيمَآ اٰتٰىكَ اللّٰهُ الدَّارَ الْاٰخِرَةَ وَلَا تَنْسَ نَصِيبَكَ مِنَ الدُّنْيَا وَاَحْسِنْ كَمَآ اَحْسَنَ اللّٰهُ اِلَيْكَ وَلَا تَبْغِ الْفَسَادَ فِي الْاَرْضِ ۖ اِنَّ اللّٰهَ لَا يُحِبُّ الْمُفْسِدِيْنَ﴾(۱۳)

ترجمہ: اور جو کچھ تجھے اللہ تعالیٰ نے دے رکھا ہے اس میں سے آخرت کے گھر کی تلاش بھی رکھ اور اپنے دنیاوی حصے کو نہ بھول جا جیسے کہ اللہ تعالیٰ نے تیرے ساتھ احسان کیا ہے تو بھی اچھا سلوک کر اور ملک میں فساد کا خواہاں نہ ہو یقین مان کہ اللہ مفسدوں کو ناپسند رکھتا ہے۔

۱۸۳۰ء کا واقعہ ہے۔ ریاست کیلاہوں کی بستی ٹینیسی کے باسیوں کی زمین سے سونا دریافت ہوا جو ان ریڈ انڈئنز کے لئے تباہی کا باعث بنا۔ امریکہ کے ۲۱ ویں کانگریس کے صدر اینڈریو جیکسن کے دباو میں ان کے خلاف جبری بے دخلی "نقل مکانی ایکٹ" پاس ہو چکی تھی اب صدر کا صوابدیدی عمل درآمد باقی تھا۔ سونے کے زمین پر کب تک صدیوں سے اس پر امن بستی کے باسیوں کو برداشت سکتا تھا۔ صدر امریکہ نے آرمی ٹروپس کو تیاری کا حکم دیا اور جون ۱۸۳۸ء میں بذریعہ طاقت بے دخلی کے نتیجے میں "چیروکنز" بستی چشم زدن میں خون سے رنگین ہو گئی۔ ۷ ہزار فوجی مکینوں کو بھیڑ بکریوں کی طرح ہنکاتے ہوئے دریا مسی پسی کے مشرق سے مغرب کی طرف افراتفری میں بچے ماؤں سے اور گھر کے دوسرے افراد ایک دوسرے سے ہمیشہ کے لئے بچھڑ گئے۔ کسی کو سامان تک اٹھانے کا موقع نہ

دیا گیا۔ تاخیر اور مزاحمت کرنے والوں کو فوری گولی ماری گئی۔ مہیا کردہ بیل گاڑیوں میں جس کو جگہ نہ ملی وہ پیدل روزانہ اوسطاً دس میل لمبے سفر پر گامزن، نہ تیاری اور نہ زاد راہ۔ پیدل چلتے چلتے دوماہ بیت گئے تو بھوک، نقاہت، شدید سردی اور بیماری نے آلیا۔ دو چار قدم پر کوئی ایسا گرتا کہ پھر اٹھ نہ سکا۔ نہ اٹھنے والوں کو بلا تاخیر دفنایا جاتا اور یہ سفر آہوں اور سسکیوں کے ساتھ جاری رہا۔ اور یوں مسی پسی سے اوکلوہاما تک اس طویل راستے (آنسو کی شاہراہ) میں جگہ جگہ قبروں کا سلسلہ وجود میں آتا گیا۔ اس نقل مکانی کے نتیجے میں بننے والی چار ہزار قبروں نے اقوام عالم پر امریکی اندرون آشکارا کرکے جمہوریت اور انسانی حقوق کے امریکی ڈھول کی پول کھول کر رکھ دی[۱۴]۔

ریڈ انڈئنز جو اصل باشندے اور عیسائی تھے، خود اپنے ہم مذہبوں نے ان کے ساتھ سونے (Gold) کی ہوس میں یہ سنگ دلانہ سلوک کیا۔ ایسا کرنے والوں سے اگر کوئی یہ توقع رکھے کہ وہ کسی دوسرے ملک کے غیر عیسائی باشندوں کے لئے رحم کا جذبہ رکھتے ہوں گے تو یہ خوش فہمی کے سوا کچھ نہیں۔ اخباری رپورٹ کے مطابق افغانستان پر جنگ مسلط کرنے کی وجہ بھی اس کے اندر لوہے گیس، تیل اور دیگر معدنیات کے وسیع مقدار میں ذخائر کی موجودگی ہے۔ صرف بامیان میں دو ارب ٹن سے زائد لوہے کے ذخائر ہیں[۱۵]۔

عراق میں بے چینی اور تشدد کے یہی اسباب و محرکات تھے۔

Weapons of Mass Destruction کی موجودگی کے دعویٰ کو انٹرنیشنل اٹامک انرجی کمیشن نے غلط قرار دیا تھا، لیکن اس حملے سے صدر بش اور اس کے اتحادیوں کا مقصد تباہی پھیلانے والے ہتھیاروں کی تلاش نہ تھی بلکہ اصل مقصد مشرق وسطیٰ کے تیل کے ذخائر پر قبضہ کرنا تھا۔ عراقی فوج اور پولیس کے اداروں کو ختم کرکے لاکھوں کی تعداد میں لوگوں کو بے روزگار کرکے بدحالی کا شکار کرایا گیا اور صنعتیں بند کرکے معاشی طور پر تباہ کرکے باغیوں اور دہشت گردوں کے رحم وکرم پر چھوڑ دیا گیا اور تعمیر نو کے بہانے بین الاقوامی فنڈز کو غیر ملکی کمپنیوں، خصوصاً ڈک چینی کی ملکیتی اور ماتحت کمپنیوں کو بے تحاشا جنگی نفع پہنچایا گیا[۱۶]۔ ان فوائد کے حصول کے لئے امریکہ کی سرپرستی میں انسانوں کے خون اور اس تباہی کی پیشین گوئی صادق المصدوق ﷺ نے ان الفاظ میں کی ہے:

(( يُوشِكُ الْفُرَاتُ أَنْ يَحْسِرَ عَنْ جَبَلٍ مِنْ ذَهَبٍ، فَإِذَا سَمِعَ بِهِ النَّاسُ سَارُوا إِلَيْهِ فَيَقُولُ مَنْ عِنْدَهُ: لَئِنْ تَرَكْنَا النَّاسَ يَأْخُذُونَ مِنْهُ لَيُذْهَبَنَّ بِهِ كُلِّهِ، قَالَ: فَيَقْتَتِلُونَ عَلَيْهِ، فَيُقْتَلُ مِنْ كُلِّ مِائَةٍ تِسْعَةٌ وَتِسْعُونَ)) (۱۷)

ترجمہ: فرات سونے کا ایک پہاڑ کھول دے گا پس جب لوگ اس کے بارے میں سنیں گے تو اس پر ٹوٹ پڑیں گے پس جو اس کے پاس ہوں گے وہ کہیں گے کہ اگر ہم نے لوگوں کو اس میں سے لے جانے دیا تو وہ سب ہی کچھ لوٹ کر لے جائیں گے۔ فرمایا کہ پھر وہ اس پر لڑ پڑیں گے۔ پس ہر سو میں سے ننوے مارے جائیں گے۔

تیل کی دولت کو Black Gold سے پہچانا جاتا ہے اس کو احادیث میں سونے کا پہاڑ اور عربوں کا خزانہ کے نام دیئے گئے ہیں اس خزانے کے حصول کے لئے امریکہ اور اتحادیوں نے آگ برسا کر دھنس جانے اور کپکپی طاری کرنے کا عذاب نازل کیا۔ اتحادی طیارے ۱۹۹۱ء کی جنگ میں بصرہ فوجی چھاونی اور بینکروں اور باقی عراق پر ۴۵ دن تک مسلسل وحشیانہ بمباری کر کے نہ صرف عراق بلکہ ہمسایہ ممالک کے سرحدی شہروں پر بھی لرزہ طاری کر دیتے تھے (۱۸)۔

ایک طرف اگر عراق کی قوت کے خطرے کو اتحادیوں نے تباہ کیا تو دوسری طرف اسرائیل کو تحفظ دینے کے ساتھ عراقی Black Gold کے حصول کو یقینی بنانے کے لئے امریکہ کو حرام کاری کے کتنے پاپڑ بیلنا پڑے تھے کہ صدام کو ورغلا کر کویت پر آدھمکایا اور تباہی پر مہر جواز ثبت کر کے کتاب مقدس اور سنت نبوی کی پیشین گوئیوں کو ثابت کر دکھایا۔

بائبل میں مذکور ہے: "پھر اس کے بعد ایک اور فرشتہ یہ کہتا ہوا آیا کہ گر پڑا وہ شہر بابل گر پڑا جس نے اپنی حرام کاری کی غضبناک مے تمام قوموں کو پلائی تھی" (۱۹)۔

بابل سے مراد عراق کا پرانا نام ہے اور حرام کاری کے غضبناک مے سے مراد تیل ہے جس کا چسکا تمام قوموں کو لگ گیا ہے اب کیسے ممکن ہے کہ یہ مرضعہ (دودھ پلانے والی) دودھ بند کر دے۔ اور یوں امریکی سرکردگی میں اتحادیوں نے صدام حسین کو حرام کاری کے لئے تختہ مشق بنایا اور پھر عراق میں اتحادیوں کے لئے دمادم مست قلندر کا بازار سج گیا۔ جس کی طرف بائبل نے یوں اشارہ کیا ہے: "پھر بجلیاں اور آوازیں اور گرجیں پیدا ہوئیں اور ایک ایسا بھونچال آیا کہ جب انسان پیدا ہوئے ایسا بڑا اور سخت

بھونچال کبھی نہ آیا تھا۔۔۔اور بڑے شہر بابل کی خدا کے ہاں یاد ہوئی تا کہ اسے اپنے سخت غضب کی مے کا جام پلائے[۲۰]۔

اتحادی طیاروں نے بصرہ پر ایسی وحشیانہ بمباری کی جس سے نہ صرف عراق بلکہ ہمسایہ ممالک پر بھی لرزہ طاری کر دیتے تھے۔ایسے زلزلوں کی پیشنگوئی حدیث سول ﷺ میں ان الفاظ میں ملتی ہے:

((إِنَّ النَّاسَ يُمَصِّرُونَ أَمْصَارًا، وَإِنَّ مِصْرًا مِنْهَا يُقَالُ لَهُ: الْبَصْرَةُ أَوِالْبُصَيْرَةُ فَإِنْ أَنْتَ مَرَرْتَ بِهَا، أَوْ دَخَلْتَهَا، فَإِيَّاكَ وَسِبَاخَهَا، وَكِلَاءَهَا، وَسُوقَهَا، وَبَابَ أُمَرَائِهَا، وَعَلَيْكَ بِضَوَاحِيهَا، فَإِنَّهُ يَكُونُ بِهَا خَسْفٌ وَقَذْفٌ وَرَجْفٌ)) [۲۱]

ترجمہ: بیشک لوگ شہروں کو آباد کریں گے اور بیشک ان میں ایک شہر ایسا ہے جسے بصرہ یا بصیرہ کہا جائے گا پس اگر تو اس کے پاس گذرے یا اس میں داخل ہو تو اس کی رطوبت والی زمین سے بچ کر رہنا اور اس کی کلا (جگہ کا نام ہے) سے اور اس کے بازاروں سے اور اس کے امراء کے دروازوں سے بچتے رہنا۔ اور تمہارے اوپر لازم ہے کہ اس کے جنگلات و مضافات کارخ کرنا اس لیے کہ وہاں زمین میں دھنسنے، پتھر برسنے، زلزلے واقع ہونے کے عذاب نازل ہوں گے۔

تیل کی اقتصادیات کے شہ رگ پر قبضہ کے لئے جو جادو گری اور حرام کاری اختیار کی گئی، اس کے نتیجے جو خون ناحق انسانوں کا کیا اس پر افسوس بھی نہ کیا۔

بائبل کا بیان ہے:

"اور جو خون اور جادو گری اور حرام کاری اور چوری انہوں نے کی تھی ان سے توبہ نہ کی"[۲۲]

اس پیشین گوئی سے حرام کا تیل چوری کرنا اور اتحادیوں کا اس سے مزے لینا واضح ہے۔ ایٹمی ہتھیاروں کا بہانہ اور منصوبہ کا طشت از بام ہونا اور ٹونی بلئیر کا یہ اقرار کہ " حملہ غلط تھا لیکن پھر بھی اتحادی حق بجانب ہیں" اس سے مراد جادو گری، حرامکاری اور چوری مراد نہیں تو اور کیا مراد ہے؟ اور اسے غلطی مان کر توبہ نہ کرنا، مراد نہیں تو اور کیا ہو گا؟۔ بائبل مکاشفہ کا مزید بیان ہے:

"زمین کے بادشاہوں نے ان کے ساتھ حرام کاری کی ہے"[۲۳]

وہ حرام کاری کیوں نہ کریں گے کہ وہ تو اس مے (تیل) کی دولت کے رسیا ہو گئے اس کے بغیر ان کو اپنی موت اور صنعت کی تباہی نظر آتی ہے لہٰذا وہ ہمیشہ حرام کاری، دھوکہ بازی اور چوری سے کام لیتے رہیں گے۔ کیونکہ وہ شدید حبِ مال میں گرفتار ہیں۔

ارشاد باری تعالیٰ ہے:

﴿وَاِنَّهٗ لِحُبِّ الْخَيْرِ لَشَدِيْدٌ﴾ (۲۴)

ترجمہ: اور وہ مال و دولت کی محبت میں بری طرح مبتلا ہے۔

مال کی ناجائز کثرت اور محبت عیش و عشرت میں مبتلا کر دیتی ہے۔

مکاشفہ کا بیان یہ ہے:

"دنیا کے سوداگر اس کے عیش و عشرت کی دولت (سے) دولتمند ہو گئے (ہیں)" (۲۵)

تہذیب جدید کے یہ بدمست ہاتھی تیل کی دولت سے رسیا ہو کر دنیا کے خون کا کوئی احساس ہی نہیں رکھتا خواہ دس میں سے نو مریں یا سو میں سے ننانوے۔ ہزار برس پہلے ہونے والی صلیبی جنگوں کے پس پشت یورپ کے تاجروں کا مفاد تھا۔ وہ اپنے سرمایہ کے ساتھ اس جنگ میں اس لئے شریک ہوتے تھے کہ اگر مشرق میں صلیبی ریاستیں قائم ہو گئیں تو ان کو اپنی آزاد تجارت کا موقع ملے گا۔

کروسیڈ کا مصنف لکھتا ہے:

"اٹلی کے تاجر مشرق میں اپنی تجارتی منڈی قائم کرنے کی خاطر ایسے مشرقی ساحل چاہتے تھے جہاں ان کے تجارتی بیڑے پہنچ کر مشرق کے بازاروں پر چھا جائیں۔ اس غرض سے ان تاجروں نے اپنے بحری جہاز دے کر صلیبیوں کی فوجی نقل و حرکت میں بڑی مدد پہنچائی" (۲۶)

اور یوں تجارت کے بہانے یورپی استعمار کے لئے ایسٹ انڈیا کمپنی نے راستہ ہموار کیا اور بالآخر برصغیر میں برطانوی افواج نے اپنے جھنڈے گاڑ دیئے۔ اسی طرح چین پر مشہور زمانہ افیم کی جنگیں تجارت ہی کے فروغ کے مقاصد کے لئے برپا کی گئی تھیں۔ اور دورِ جدید کا انسان جس بے چینی اور بدامنی کا شکار ہے۔ اس کی وجہ ایک مشہور روسی نژاد امریکی پروفیسر (۲۷) نے شماریات کی زبان میں امریکہ کا تجزیہ بیس سال پہلے یوں پیش کیا ہے:

☆ امریکہ میں روزانہ کوڑے میں پھینک دی جانے والی ایک لاکھ اسی ہزار ٹن قابل استعمال خوراک سے کرہ ارض کے تین چوتھائی بھوکے افراد کا پیٹ بھرا جاسکتا ہے۔

☆ ایک امریکی شہری اوسطاً روزانہ ایک سو اڑتالیس گیلن پانی استعمال کرتا ہے جبکہ دنیا بھر کی کل آبادی کے لئے تین چوتھائی اوسطاً روزانہ بائیس گیلن پانی میسر ہے۔۲۰۱۵ء کے بعد اقوام عالم کے درمیان نظریات، زمین، مذہب، اقتدار اعلیٰ اور دوسرے مقامات کی بجائے خوراک اور پانی پر میدان کارزار گرم ہوا کریں گے۔

☆ امریکہ کی آبادی کل دنیاکی آبادی کا۵فیصد ہے لیکن یہ ۵فیصد امریکی عالمی وسائل وپیداوار کا۵۸فیصد استعمال کر رہے ہیں۔اس طرح عالمی آبادی کے ۹۵فیصد پر حق ملکیت رکھتی ہے۔

☆ امریکہ کے تین سو ارب پتی خاندانوں کے اثاثوں کی مالیت دنیا کی آدھی آبادی کے مجموعی اثاثوں کے برابر ہے جبکہ کسی نامعلوم وجہ سے ارب پتی لوگوں کی تعداد میں اضافہ اور دنیاکی آدھی آبادی کے اثاثوں میں کمی ہورہی ہے۔اگر موجودہ تناسب برقرار رہاتو قریب۲۰۱۰ء میں ارب پتی خاندانوں کے اثاثے دنیاکی کل آبادی کے ۸۰فیصد اثاثوں سے تجاوز کر جائیں گے۔

☆ ۵فیصد امریکی عالمی تیل کی کل پیداوار کا۲۵فیصد استعمال کر رہے ہیں جبکہ امریکہ کے اپنے تیل کی پیداوار اس استعمال کا صرف ۴۰فیصد ہے۔امریکہ میں تیل کے محفوظ ذخائر کا تخمینہ ۶۷بلین بیرل ہے جبکہ اس کی تیل کی سالانہ کھپت تین بلین بیرل ہے۔اس تناسب سے ۲۰۰۷ء میں امریکی تیل کے کنویں خشک ہوچکے ہونگے اور امریکیوں کے لئے اپنی معیشت کا تنفس بحال رکھنے کے لئے انتہائی اقدامات کرنا ناگزیر ہوں گے ان اقدامات میں تیل کے متبادل ذرائع کا فروغ مشرق وسطیٰ میں تیل کے پیداواری ذرائع پر مشترکہ ملکیت کا دعویٰ اور عام امریکی صارف پر پٹرول کی لازمی راشننگ، کوٹہ سسٹم کا نفاذ شامل ہوسکتا ہے[۲۸]۔

اس دور اندیش خاتون نے جو تجزیہ کیا تھا آج کل گلوبل کے حوادث اور خون خرابہ تیل اور دیگر وسائل کے لئے ہیں جس سے امریکی تہذیب اور ٹیکنالوجی کا تنفس بحال ہے۔ بہر حال امریکی تنفس کی بحالی ضروری ہے خواہ تیل سے ہو یا انسانی خون سے۔ یہ تیل ہی ہے جس نے عراق کے لئے تباہی کا سامان کیا، یہاں کے ذخائر ۱۱۲٫۵ ارب بیرل تو معلوم ہیں لیکن یہ مقدار ۱۲۰۰ ارب بیرل بھی ہو سکتی ہے۔ عراقی پٹرول نکالنے پر دنیا میں سب سے کم اخراجات اٹھتے ہیں یعنی صرف ڈیڑھ ڈالر (فی بیرل) [۲۹]۔

یہ وہ معاشی جنگ ہے جس کے لئے استعماری طاقتیں مشرقی ممالک کو تختہ مشق بنا رہے ہیں ترکی کا اسلامی تشخص ختم کر دیا لیکن آج تک یورپی یونین کی رکنیت کے قریب نہ ہونے دیا اور ۱۹۰۰ء سے شروع ہونے والا ترکی بحران آج ۲۰۱۳ء تک چلتا آ رہا ہے۔ پاکستان جو ایک ایٹمی ملک بن چکا ہے اس کی مزید ترقی اور خوشحالی سے روکھنے کے لئے ایک طرف ٹارگٹ کلنگ، ڈرون حملوں اور طالبان کی تخلیق کے ذریعے فسادات تو دوسری طرف بھارت اسرائیل گٹھ جوڑ اور امریکی تعاون سے لاتعداد ڈیم بنا رہا ہے تاکہ پاکستان کو پانی سے محروم کیا جائے اور ساتھ افغانستان کو بھی دریائے کابل پر ۱۲ ڈیم بنانے پر اکسا رہا ہے تاکہ پاکستان کے ۱۸ کروڑ عوام کو پانی کی نعمت سے محروم کرے۔ پیداوار اور صنعت و بجلی کے لئے تڑپا دے۔ تیسری طرف عالمی طاقتیں خاص کر امریکہ اور IMF اور WB شرح سود میں اضافہ کے ساتھ ساتھ دوسرے اعتراضات اور رکاوٹیں کھڑی کر رہے ہیں۔

مسلم اکثریت کے ملک ہونے کے باوجود بیرونی مداخلت کا شکار ہے۔ اس کی پٹرول عالمی ادارے اور مغربی حکومتیں دونوں ہاتھوں سے لوٹ رہی ہیں۔ عالمی بینک مختلف ممالک کو عالمی منڈی کے بھاؤ پر فروکت کے چاڈ کو محض ساڑھے بارہ فیصد رائلٹی دیتا ہے جو صریح ظلم ہے۔ اسی طرح مصر نے جب ۱۹۵۶ء میں دریائے نیل پر بنے ہوئے اخوان ڈیم کو اپنی خوشحالی اور ترقی کے لئے بلند اور بہتر کرنا چاہا تو اسرائیل سے یہ رہا نہ گیا اور جب روس نے دوسرے ممالک کے مقابلے میں کم شرح سود ۲ فیصد پر قرض دیا تو مشرق وسطیٰ کے حالات کشیدہ ہو گئے اور فرانس، برطانیہ اور اسرائیل نے مصر پر حملہ کر دیا [۳۰]۔

جان پرکنز نے صحیح کہا ہے کہ "جب یہ اقتصادی غارتگر اپنے منصوبوں میں ناکام ہو کر ناامید ہو جاتے ہیں تو پھر نوجوان مردوں اور عورتوں کو ریگستان میں مارنے اور مرنے کے لئے بھیج دیا جاتا ہے اور جب مخالف ملک ان کے ہاتھوں ملبے کے ڈھیر میں تبدیل ہو جاتے ہیں اور باقی ماندہ لوگوں کو قابو

کر لیتے ہیں تو تعمیر نو کے بہانے ان کو بھاری بھاری قرضوں اور دیگر جالوں میں پھنسا دیتے ہیں اور ان کے ٹھیکے لیکر گلوبل ایمپائر کے پاوں تلے ان کو روند دیا جاتا ہے، جیسا کہ عراق کے ساتھ ہو رہا ہے۔ تباہی کے بعد تعمیر نو کے اربوں ڈالر کے ٹھیکے بیچٹل (Bechtel) اور ڈک چینی (نائب صدر امریکہ) کی کمپنی ہائی برٹن جیسے امریکی کمپنیوں کو مل چکے ہیں" [۳۱]۔

جان پرکنز کی زبان میں گلوبل ایمپائر کی طرف پیش قدمی کا بھید کھلنے لگا ہے۔ یہ قرضے دھوکے، غلامیاور استحصال کی اس اندوہناک داستان کی کوئی تفصیل ہے نہ اس کی کوئی حقیقت۔ بس دنیا بھر میں لوگوں کے دلوں، ذہنوں، روحوں اور وسائل پر کھلم کھلا قبضہ جمانے کی مذموم ترین کاروائیاں اور کوشش ہے۔

ایک امریکی سکالر Mr. Joseph S. Nye نے سچ کہا ہے کہ

"امریکہ کی معیشت اور فوج ایک متشدد طاقت Hard Power میں تبدیل ہو چکی ہے" [۳۲]

## سیاسی اسباب:

عربی زبان کا لفظ سیاست، انگریزی زبان کے لفظ Politics سے بہت وسیع مفہوم رکھتا ہے جو محض شہری و ملکی سیاست کے لئے بولا جاتا ہے جو فرانسیسی زبان poles سے ماخوذ ہے [۳۳]۔

اسلام کی نظر میں "سیاست" ایک مقدس فریضہ اور اس کا مقصد عوام کی حالت کو سنوارنا اور اصلاح کرنا ہے۔ سیاست وہ تدبیر ہے جس سے وسائل زندگی میں تنظیم و ترتیب اور تہذیب پیدا کیا جا سکے اور افراد معاشرہ کے درمیان باہمی محبت، انس اور اتحاد و تعاون پیدا کیا جائے اور طبقاتی، لسانی، گروہی اور علاقائی و مذہبی منافرت و کشمکش پر قابو پایا جائے۔ ابن خلدون کے الفاظ میں سیاست اور حکومت مخلوق کی نگہداشت اور ان کے مفاد کی حفاظت و ضمانت کا نام ہے۔ یہ سیاست خدا کی نیابت ہے، اس کے بندوں پر اسی کے احکام نافذ کرنے کا نام ہے [۳۴]۔ جس کو سمجھانے کے لئے اللہ نے پیغمبروں کو بھیجا۔

آقائے دوجہاں ﷺ نے فرمایا:

((إِنَّ بَنِي إِسْرَائِيلَ كَانَتْ تَسُوسُهُمُ الْأَنْبِيَاءُ، كُلَّمَا هَلَكَ نَبِيٌّ خَلَفَ نَبِيٌّ، وَإِنَّهُ لَا نَبِيَّ بَعْدِي، إِنَّهُ سَيَكُونُ خُلَفَاءُ فَتَكْثُرُ " قَالُوا: فَمَا تَأْمُرُنَا؟ قَالَ"

فُوا بِبَيْعَةِ الْأَوَّلِ فَالْأَوَّلِ، وَأَعْطُوهُمْ حَقَّهُمُ الَّذِي جَعَلَ اللهُ لَهُمْ، فَإِنَّ اللهَ سَائِلُهُمْ عَمَّا اسْتَرْعَاهُمْ))(۳۵)

ترجمہ: آپ ﷺ نے فرمایا بنی اسرائیل کی سیاست ان کے انبیاء کرتے تھے جب کوئی نبی وفات پا جاتا تو اس کا خلیفہ ونائب نبی ہوتا تھا اور میرے بعد کوئی نبی نہیں ہے اور عنقریب میرے بعد خلفاء ہوں گے اور بہت ہوں گے۔ صحابہ رضی اللہ عنہم نے عرض کیا آپ صلی اللہ علیہ وسلم ہمیں کیا حکم دیتے ہیں آپ ﷺ نے فرمایا جس کے ہاتھ پر پہلے بیعت کرلو اسے پورا کرو اور احکام کا حق ان کو ادا کرو بے شک اللہ ان سے ان کی رعایا کے بارے میں سوال کرنے والا ہے۔

شاہ ولی اللہ محدث دہلوی کے سیاسی افکار کا خلاصہ یہ ہے:

سیاست وہ فن اور حکمت ہے جس کا موضوع فرائض حکومت اور ریاست کا نظم ونسق ہے اور جس کی غرض وغایت مصالح کی حفاظت کرنا اور شہریوں کے باہمی ربط وتعلق کو قاعدے اور قانون کے ذریعے کنٹرول کرنا ہے(۳۶)۔ اور اس بات پر سارے علمائے سیاست (مسلم وغیر مسلم) متفق نظر آتے ہیں کہ سیاست حکومت، اداروں اور افراد معاشرہ کی اصلاح وتہذیب اور تربیت وتنظیم کے علم کا نام ہے۔ لیکن آج امن عالم کی تباہی، عالمی استحصال اور ظالمانہ قبضوں کی قوی اسباب میں سے ایک سبب سیاستِ جمہور اور ناجائز مداخلت ہے۔

پرانے سیاسی غارتگروں کی نئے شکل میں عالمی سیاست کے حوالے صدر بش کی صدارتی تقریر میں دل کی بات زبان پر آہی گئی اور آزادی (Freedom) کو آگ (Fire) سے تشبیہ دی ہے۔ A Fire in the mind of men اور یہاں تک کہہ دیا ہے کہ "آزادی کی جنگ دنیا کے تاریک ترین گوشوں تک پہنچانا" اس کا مشن ہے۔ درحقیقت یہ آزادی نہیں، آزادی کے نام پر دنیا کو آگ اور جنگ کے شعلوں میں دھکیلنے کا خونی کھیل ہے(۳۷)۔

اس ظالمانہ سیاسی رویے کا اظہار صدر بش کے ایک مشیر نے ان الفاظ کیا ہے:

"اب ہم ایک سلطنت ہیں جب ہم کوئی اقدام کرتے ہیں تو ہم اپنے لئے حقائق خود تخلیق کرتے ہیں اور جس وقت آپ اس حقیقت کا مطالعہ کر رہے ہوتے ہیں ہم دوبارہ اقدام

کرتے ہیں، جس سے نئی حقیقتیں تخلیق پاتی ہیں۔ہم تاریخ ساز ہیں،اب آپ کا اور آپ
سب کا کام محض یہ رہ جائیگا کہ ہم جو کرتے ہیں،اس کو آپ پڑھتے (اور دیکھتے) رہیں"(۳۸)

۹/۱۱ کے تناظر میں امریکہ میں پاکستانی سفیر سیدہ عابدہ حسین نے اپنے ایٹمی حق کا دفاع کرتے ہوئے کولن پاول سے کہا تھا "جنرل صاحب!ہمارے پاس تو ایک دو ہی فٹ بال ہیں، آپ کے پاس تو ہزاروں بم ہیں"تو جنرل کولن پاول نے رعونت سے یہ جواب دیا "Madam! We are America" محترمہ ہم امریکہ ہیں"(۳۹)۔

سیاسی مداخلت کے اس تناظر میں بش کا"عظیم تر مشرق وسطیٰ" (Greater East Initiative) کا منصوبہ پاکستان سے مراکش تک پھیلے ہوئے اسلامی ملکوں پر مشتمل ہے۔اس منصوبے کا مطلب اس خطے میں مغربی طرز جمہوریت پر مشتمل لادین حکومتوں کا قیام ہے (۴۰)۔سیاسی اغراض کے پیشِ نظر بش اور اس کے اتحادی ۲۰۰۳ء میں ایک لاکھ سے زائد فوج کے ساتھ عراق پر آدھمکے اورامریکی زیر سایہ ایک نیم جمہوری حکومت قائم کی۔امریکی نائب صدر ڈک چینی نے اس جنگ میں شیطان کا کردار ادا کیاہے جس نے عراق پر ۹/۱۱ سے پہلے حملہ کرنے کا مشورہ دیا تھا تاکہ تیل کے ذخائر پر غلبہ حاصل کیا جا سکے۔ یہودیوں اور مذہبی عیسائیوں نے اسے حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے دوبارہ ظہور کے حوالے سے بائبل کا حکم ٹھہرایااور یوں یہ ان کے لئے ایک مذہبی فریضہ بن گیا۔

اپنے نظریے کی وضاحت کرتے ہوئے صدر بش نے کہا:

"مجھے خدانے کہاہے کہ میں القاعدہ (افغانستان) پر حملہ کردوں تو میں نے کر دیا، پھر
خدانے مجھے کہا کہ صدام (عراق) پر حملہ کرو تو میں نے وہ بھی کر دیا (۴۱)۔

اسی سیاسی ظلم وزیادتی کی شکایت کرتے ہوئے ۲۰۰۴ء میں افغان پلاننگ منسٹر نے مشورہ دیا تھا کہ تقریباً دوہزار NGO's کے دفاتر بند کر دیئے جائیں گے کیونکہ وہ ملکی قوانین کی خلاف ورزیوں میں مصروف ہیں (۴۲)۔

عالمی تجزیہ نگاروں کی رپورٹوں اور تجزیوں کی روشنی میں یہ بات بھی طشت از بام ہوچکی تھی کہ ٹوئن ٹاورز نہ تو جہازوں کے ٹکرانے سے گرے ہیں اور نہ عراق میں تباہی والا ہتھیار تھا۔یہ محض کاروائی کی شروعات کے لئے بہانے تھے، امریکہ پہلے ہی سے بہر صورت افغانستان و عراق پر حملہ کے لئے تیار تھا۔

ورنہ مختلف تحقیقاتی کمیٹیاں بنائی گئیں، رپورٹیں آتی گئیں لیکن یہ رپورٹیں تباہی پھیلانے والوں کے لئے سدراہ ثابت نہیں ہوئیں۔ ان ہی حقائق کی بنیاد پر بعض برطانوی ارکان رابن کک اور مسز کلئیر شارٹ کابینہ سے مستعفی بھی ہوئے تھے (۴۳)۔

## سماجی اسباب:

عالمی امن اور خوشحالی اور بین المذاہب ہم آہنگی اور رواداری سے سماجی معاملات کا بہت گہرا تعلق ہے۔ کسی بھی قوم کے سماجیات میں دخل دینااور اس میں بگاڑ پیدا کرنا فساد برپاکرنے کے مترادف ہے یہی وجہ ہے کہ اللہ تعالیٰ نے اپنی آخری شریعت میں اس کے لئے انتہائی سنگین عذاب کی دھمکی دی ہے۔

فرمان باری ہے:

﴿إِنَّ الَّذِينَ يُحِبُّونَ أَن تَشِيعَ الْفَاحِشَةُ فِي الَّذِينَ آمَنُوا لَهُمْ عَذَابٌ أَلِيمٌ فِي الدُّنْيَا وَالْآخِرَةِ وَاللَّهُ يَعْلَمُ وَأَنتُمْ لَا تَعْلَمُونَ﴾ (۴۴)

**ترجمہ:** جولوگ چاہتے ہیں کہ ایمان لانے والوں کے گروہ میں فحش پھیلے وہ دنیا اور آخرت میں دردناک سزا کے مستحق ہیں۔

یہی وجہ ہے کہ اسلام نے ایک اچھے معاشرے کے لئے خاندان اور فرد کی اصلاح پر بہت زور دیا ہے معاشرے کے لئے بنیادی اکائی خاندان ہے اور اسلام نے اس خاندان کے نقطہ آغاز کو نکاح کے ایک پروقار اور اخلاقی بندھن سے کرنا ضروری قرار دیا ہے اس پر گواہ لانا بھی لازم قرار دیا ہے۔ اسی طرح میاں بیوی اور بچوں کے حقوق مقرر کئے ہیں خواہ مذہبی وروحانی ہوں یا معاشی، قانونی اور سماجی ہو۔ مرد کے لئے دیندار عورت ایک نعمت قرار دی گئی ہے اور بنیادی ضروری علم حاصل کرنا مرد وعورت دونوں کے لئے اسلام میں ناگزیر ہے تاکہ علمی اور اخلاقی بنیاد پر استوار ایک مضبوط خاندان اور اسی طرح ایک صالح معاشرہ وجود میں آئے لیکن مغرب معاشرتی گلوبلائزیشن کی تشکیل کے لئے خاندان کے جزو "عورت" کا سہارالیا اور اس کو استعمال کر کے "خاندان" اور اس کے تحت آنے والی تمام اخلاقی قدریں پامال کرنے کی کوشش میں لگا ہوا ہے، تاکہ اسلام نے جو مضبوط قلعہ تعمیر کیا ہے، عورت کے مظلومیت کے

دروازے سے داخل ہو کر منہدم کر دیا جائے۔ اس سلسلے میں ایک فرانسیسی ماہرہ سماجیات حکومتِ فرانس کو الجزائز کے حوالے سے یہ مشورہ دیتی ہے:

"اگر تم "الجزائر کو ختم کرنا چاہتے ہو، تو عورت ہی ایک راستہ ہے، جو اسلامی اقدار کی محافظ ہے اگر تم اس کو اسلام سے دور کرنے میں کامیاب ہو گئے تو سمجھ لو کہ تم نے اپنے مقاصد حاصل کر لئے" (۴۵)۔

آج پوری دنیا میں اقوام متحدہ اور دیگر بڑے بڑے اداروں کی مدد سے خواتین تنظیمیں اس لئے بنی ہیں تا کہ صنف نازک کو ابن آدم کی غلامی سے آزادی دلائے۔ کتنا خوبصورت پروگرام ہے کہ جس کے بہانے اسلامی ممالک میں زناکاری کے لئے راستہ ہموار کیا جارہا ہے جو کسی بھی مذہب میں قابل مؤاخذہ جرم ہے لیکن تہذیب جدید کے دعویداروں اور ملحدین کی بھرپور کوشش ہے کہ مذہبی سماجی قوانین میں ضروری ترمیم کر کے عورت کی آزادی کے بہانے اس رستے بستے خوشحال خاندان کو برباد کر دے۔ اور اب تک کے حقائق اس کی تائید کر رہے ہیں۔ لہٰذا کبھی قاہرہ کانفرنس تو کبھی بیجنگ خواتین کانفرنس (۴۶) کا انعقاد کر کے مرد اور عورت کے آپس میں بداعتمادی پیدا کرنے کی بھرپور کوشش کی جارہی ہے۔ جبکہ اسلام نے مرد اور عورت کو ایک دوسرے کے لئے بمنزلہ پوشاک قرار دیا ہے۔

ارشاد باری تعالیٰ ہے

﴿ هُنَّ لِبَاسٌ لَّكُمْ وَاَنْتُمْ لِبَاسٌ لَّهُنَّ ﴾ (۴۷)

ترجمہ: وہ (عورتیں) تمہارے لئے لباس ہیں اور تم (مرد) ان کے لئے لباس۔

اسی طرح میاں بیوی کو ایک دوسرے کے لئے محبت اور رحمت قرار دیا ہے۔ فرمایا:

﴿وَمِنْ اٰيٰتِهٖٓ اَنْ خَلَقَ لَكُمْ مِّنْ اَنْفُسِكُمْ اَزْوَاجًا لِّتَسْكُنُوْٓا اِلَيْهَا وَجَعَلَ بَيْنَكُمْ مَّوَدَّةً وَّرَحْمَةً ۭ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ لِّقَوْمٍ يَّتَفَكَّرُوْنَ ﴾ (۴۸)

ترجمہ: اور اس کی نشانیوں میں سے یہ ہے کہ اس نے تمہارے لیے تمہاری ہی جنس سے بیویاں بنائیں تا کہ تم ان کے پاس سکون حاصل کرو اور تمہارے درمیان محبت اور رحمت پیدا کر دی۔ یقیناً اس میں بہت سی نشانیاں ہیں ان لوگوں کے لیے جو غور و فکر کرتے ہیں۔

عورت مرد کے لئے باعث عداوت وبد اعتمادی کا نہیں، بلکہ اسے رحمت اور سکون کے لئے اللہ نے تخلیق کیا ہے؛ فرمان باری تعالیٰ ہے:

﴿هُوَ الَّذِيْ خَلَقَكُمْ مِّنْ نَّفْسٍ وَّاحِدَةٍ وَّجَعَلَ مِنْهَا زَوْجَهَا لِيَسْكُنَ اِلَيْهَا﴾ (۴۹)

ترجمہ: وہ اللہ ہی ہے جس نے تمہیں ایک جان سے پیدا کیا اور اسی کی جنس سے اس کا جوڑا بنایا تا کہ اس کے پاس سکون حاصل کرے

لیکن افسوس! دنیا میں بالعموم اور بلاد اسلامیہ میں بالخصوص خواتین کے حقوق کے نام سے نام نہاد قائم NGOs سالانہ اربوں ڈالر اس نام سے ہڑپ کر کے جھوٹ موٹ اور فساد برپا کرنے کے مصنوعی سالانہ جائزہ رپورٹیں اقوام متحدہ کو پیش کرتی ہیں تا کہ نمک حرامی کے لقب سے بچ جائیں۔ عورت کی نسوانیت اور معصومیت داؤ پر لگی ہوئی ہے اور لادین ممالک میں مشکل سے ہی کوئی کنواری عورت یا لڑکی مل پاتی ہے۔ مختلف جائزوں اور رپورٹوں میں عورت کی جنسی زبوں حالی کا جو نقشہ پیش کیا گیا ہے وہ ناقابلِ بیان ہے۔

جان ایل اسپازیٹو کے مطابق مغربی دنیا کا یہ پروپیگنڈا کہ اسلامی معاشرہ میں عورتیں مظلوم اور مجبور ہیں، حقیقت اس کے برعکس ہے۔ حقیقت تو یہ ہے کہ ماڈرن عورت معاشرہ کے لئے مسئلہ بنی ہوئی ہے عفت وحیا سے عاری مغربی خواتین نے عائلی نظام کو درہم برہم کر دیا ہے۔ تہذیب مغرب کی وجہ سے مردوں اور عورتوں کی مفروضہ مساوات اور اختلاط کی وجہ سے کروڑوں گھرانے ٹوٹ چکے ہیں جہاں لاکھوں بچوں نے دردناک بدسلوکی اور مادری پدری شفقت سے محرومی کے سوا کچھ نہیں دیکھا (۵۰)۔ جبکہ نیوز ویک کی ایک رپورٹ کے مطابق امریکہ میں ہر سال تیس یا چالیس لاکھ عورتوں پر جسمانی تشدد ہوتا ہے۔ ہر اٹھارہ سیکنڈ کے بعد ایک عورت پر جسمانی تشدد کیا جاتا ہے۔ امریکہ میں مقیم ہر چار عورتوں میں سے تین کم از کم ایک مرتبہ پُر تشدد جرم کا نشانہ بنتی ہے۔ اور لکھا ہے کہ اگر عورت کی عزت وناموس کو بچانا ہے تو حضور ﷺ کے عائلی نظام کو لاگو کرنا ہو گا (۵۱)۔

عورت کا ہر طرح سے استحصال کیا جارہا ہے، دفتروں میں خدمت لینا ہو یا ایئر ہوسٹس کی خدمات ہوں، سیل گرل پیشہ ہو یا سر بازار نچوانا اور اشتہار بازی ہو، الغرض عورت ہر مقام پر رسوا کی جارہی ہے۔ جو عزت واحترام اس کو شریعت انبیاء میں دیا گیا ہے وہ تہذیب جدید میں مکمل پامال کیا جا رہا

ہے۔ فحاشی وعریانی اور چکلوں اور قحبہ خانوں میں اس کا ناموس کو تار تار کیا جا رہا ہے۔ لیکن اس کے باوجود مسلمانوں سے ایسے مطالبات کئے جارہے ہیں، جو ان کے دین واخلاق اور فطرت کے منافی ہیں۔ اور امن وسکون اور رواداری میں موانع کی حیثیت رکھتے ہیں۔

مسلم ممالک میں Homosexuality (مرد کے مرد سے جنسی تعلقات) اور Lesbianism (عورت کی عورت سے تسکین) کو رواج دینے کا مطالبہ امن عالم اور امن وسلامتی کے لئے باعث خطرہ ہے۔ تاحال غیر مسلم معاشروں میں بھی ہم جنس پرستی کا مسئلہ حل نہیں ہوا ہے لیکن اس کے باوجود اسلامی ممالک میں اس قسم کے قرآن وسنت سے متصادم قوانین کے اجراء کا مطالبے باعث تصادم اور رواداری اور امن وسلامتی کے راستے میں زہر قاتل کی حیثیت رکھتے ہیں۔

اہل مغرب نے اسلام کے نظام معاشرت کی جس پہلو پر سب سے زیادہ تنقید کی ہے وہ مسلم خواتین کا حجاب ہے کیونکہ بے پردگی ہر قسم کی بے حیائی، بدکاری، عریانی اور فحاشی کا سب سے پہلا دروازہ ہے۔ اس لئے قرآن حکیم نے پردے کی سخت تاکید کی ہے اور اہل ایمان کے بیچ فحاشی وعریانی پھیلانے والوں کو سخت دھمکی دی ہے جیسا کہ پہلے گزر چکا ہے۔ غربی دنیا جس قدر خواتین کے پردے کو نشانہ بناتی ہے اتنی ہی تیزی سے مغربی دنیا میں اسلام پھیل رہا ہے اور آزادی کے اس دور میں ٹونی بلئیر کی سالی (۵۲) کی طرح لاکھوں خواتین اسلام قبول کرتی ہیں اور پردہ اختیار کررہی ہیں۔ فرانس میں مسلم خواتین کے حلقہ تبلیغ سے متاثر ہو کر ایک دن سو نو مسلم خواتین نے برقعے سلوائے اور شرعی پردہ اختیار کرلیا (۵۳)۔

فلوریڈا انٹرنیشنل یونیورسٹی میں پڑھنے والی ماٹو نے کہا:

> "جب میں نے اسلام قبول کیا تو ایسے لگا جیسے پوری دنیا میں میں واحد لاطینی امریکی مسلمان لڑکی ہوں لیکن مجھے حیرت ہوئی جب میرے ارد گرد ایک ہجوم ایسی خواتین کا جمع ہو گیا جو اسلام کے حلقے میں شامل ہو چکی ہیں" (۵۴)

امریکہ میں مسلمان ہونے والے لوگوں کی ایک الگ داستان ہے، ان کے سوالوں کا جواب انہیں امریکی کلچر میں ملا اور نہ اپنے ماں باپ کی طرف سے، کہتے ہیں ہمارا خاندانی نظام کس نے تباہ کیا؟ ہمارے ہاں شرافت اور پاکیزگی کا جنازہ کس نے نکالا؟ ہم میں جرم وگناہ کی آبیاری کس نے کی؟ ہمیں مردوں کے ہاتھوں میں کھلونا بنا کر، بغیر شادی کے بچے پیدا کرنے، باربار ساتھی بدلنے اورآخر میں

کلبوں میں رقص کر کے زندگی بسر کرنے پر کس نے مجبور کیا؟ یہ لوگ خصوصاً عورتیں کہتی ہیں کہ جب ہم اپنے پادریوں، ماں باپ اور بڑوں سے کہتیں کہ یہ سب تو اس تہذیب نے کیا ہے جس کے تم گن گاتے ہو تو ان کے پاس کوئی جواب نہیں ہوتا۔ پادری کہتا ہے: یہ تو حکومت کا مسئلہ ہے۔ ماں باپ کہتے ہیں: معاشرتی ترقی میں یہ سب ہوتا ہے۔ اور جب اسلام قبول کرتے ہیں تو طعنہ دیا جاتا ہے کہ تم ہسپانوی لاطینی امریکی کلچر سے بغاوت کر رہے ہو (۵۵)۔

یہ ہے حقیقت، تحریکِ حقوقِ نسواں وآزادیٔ نسواں کی۔ جس کو ایک برطانوی مصنفہ Melanie Phillips نے اپنے ایک مضمون Feminized Britain and the Neutered male "نسوانیت زدہ برطانیہ اور مردانگی سے محروم مرد" میں ان الفاظ سے بیان کیا ہے:

"آزادیٔ نسواں کا تصور نیا نہیں لیکن اب اس کے ساتھ جو ایک نیا تصور ابھارا گیا ہے وہ مرد کی خدمت ہے۔ جدید مغربی معاشرے کا سب سے بڑا مسئلہ نوع انسانی کا مذکر ہے۔ انہیں کام اور پیشے کی پروا نہیں، بے روزگار، بے کار اور لڑکیوں اور عورتوں سے چالاکی میں فزوں، یہ نوجوان، لڑکے اور مرد اپنے فطری رجحان یعنی عصمت دری اور غارتگری میں ہر جگہ مصروف نظر آتے ہیں۔ سکول سے نکلتے ہی وہ شراب اور منشیات میں اور دوسرے جرائم میں مشغول اور "گرل فرینڈز" کو قطار اندر قطار اولاد کی نعمت سے بہرہ ور کرتے ہوئے پائے جاتے ہیں............"

مصنفہ نوجوانوں کو نصیحت کر کے کہتی ہے:

"اینڈی برن کے رویے سے گریز کریں، جس نے پندرہ سالوں میں بے قید نکاح سے نوکمسن لڑکیوں سے نو بچے پیدا کر لئے، جن کی اس پر ذمہ داری نہیں، کیوں کہ اس کا بوجھ تو حکومت اٹھاتی ہے۔ اب وہ اکتیس سال کا ہے اور کہتا ہے کہ میں صرف بچے پیدا کرنے ہی کے کام آسکتا ہوں اور کوئی بھی کام مجھ سے ہو نہیں سکتا"(۵۶)

آگے یہی مصنفہ کہتی ہے:

"اب انگلستان میں نصف حمل شادی کے بغیر ہی قرار پاتے ہیں۔ خواتین میں آزادی کی یہ لہر کم سن لڑکیوں کو بھی اپنی آغوش میں لے چکی ہے۔ صرف انگلستان میں ہر سال نوے ہزار نوبالغ لڑکیاں (Teenagers) حاملہ ہوتی ہیں اور ۵۶ ہزار بچے پیدا کرتی ہیں"(۵۷)

جب لورین بوتھ مسلمان ہوئی تو مغربی پریس نے اس کے بارے میں بہت کچھ لکھا، تب اس نے کہا:

> " اپنے معاشرے پر نظر ڈالو اور دیکھو کہ تم عورتوں کے ساتھ کیا سلوک کر رہے ہو۔ صرف برطانیہ میں اوسطاً ہر ہفتے دو خواتین شوہروں اور ساتھیوں کے ہاتھوں قتل ہو جاتی ہیں۔ یہ مسلمان تو نہیں کر رہے ہیں بلکہ مغربی معاشرہ ہے جس نے اس کی اجازت دے رکھی ہے۔ ساری دنیا میں عورتوں کے ساتھ زیادتی کے مقدمات میں سب سے کم سزائیں یورپ دے رہا ہے۔ کیا ہم اس بارے میں غور کر سکتے ہیں؟ کیا ہمیں عورتوں کے ساتھ اس زیادتی پر بھی غصہ آتا ہے؟" (۵۸)

یہ اعتراف اسلام کے دین فطرت ہونے کا اظہار ہے اور فطرت سے بغاوت کر کے مغرب اپنے معاشرے کی طرح مسلمان معاشرہ اور خاندان تباہ کرنا چاہتا ہے۔ بیجنگ کانفرنس کے پروگرام کا خلاصہ یہ تھا کہ: ننھی معصوم بچیوں کو صغر سنی ہی سے جنسی تعلیم دی جائے، محفوظ شہوت رانی کی اجازت ہو، حمل یا اسقاط حمل کا اختیار ہو، اولادِ زنا کی پرورش مملکت سر انجام دے اور ہم جنس پرست مردوں اور عورتوں کو اس فعل بد کی کھلی چھوٹ دی جائے (۵۹)۔ لیکن چند سال نہیں ہوئے کہ اب خود حکومتِ چین تعلیمی اداروں میں لڑکوں لڑکیوں کی علیحدگی اور ایک دوسرے سے دور رکھنے کے لئے سوچ رہی ہے، کیوں کہ دونوں جنسوں کی اختلاط سے تعلیمی حرج ہو رہا ہے۔ لیکن ان حقائق کے باوجود حقوق نسواں اور آزادئ نسواں کے پس پردہ اسلامی سماجیات اور اجتماعیت کو براہ راست نشانہ تضحیک بنانا سمجھ سے بالاتر اور اسلام کے خلاف جھوٹا پروپیگنڈا کرنا قرینِ انصاف نہیں ہے۔ اسلام کو بدنام کرنا اظہار رائے کی آزادی کے دعوؤں پر تھوکنے کے مترادف ہے۔ اسلام ایک فطری نظام ہے جو انسانی ضرورتوں سے ہم آہنگ ہے۔ جس نے لورین بوتھ اور عفیفہ (۶۰) جیسی لاکھوں خواتین کو یہ موقع دیا ہے کہ وہ اسلام قبول کر لیں جو مغرب کے لئے اصل خطرہ ہے۔ تہذیبِ جدید عورت کے حقوق اور ذات سے کسی دلچسپی کی بنیاد پر حقوق نسواں کی تحریک نہیں چلا رہی ہے۔

## اجتماعی اسباب:

آج مغربی مفکرین اس بات کا بر ملا اظہار کر رہے ہیں کہ اسلام ایک تصور ہے، جو ایک مربوط لیکن مختلف سیاسی، معاشرتی اور مذہبی اجتماعیت کی شکل میں ظاہر ہوا ہے اور اس نے مختلف خطوں اور ادوار میں، مقامی، جغرافیائی، سماجی اور سیاسی قوتوں سے اثر پذیر ہو کر مختلف خصوصیات کا اظہار کیا ہے لیکن ان میں سے ہر ایک نے آسانی سے قابل شناخت اسلامی رنگ بر قرار رکھا۔

ولفرڈ کانٹویل اسمتھ لکھتا ہے:

"مسلمانوں کی کامیابی ان کے مذہب کی داخلی کامیابی ہے وہ صرف میدان جنگ میں فاتح نہیں ہوتے اور انہوں نے زندگی کے مختلف شعبوں پر ہی اثر نہیں ڈالا بلکہ مقابلۃً مختصر عرصہ میں انہوں نے زندگی کو ایک ایسی مجموعی شکل دینے میں کامیابی حاصل کی جسے تمدن کہتے ہیں۔ اسلامی تہذیب کی تشکیل میں مختلف عوامل جیسے عرب، یونان، شرق اوسط کی سامی تہذیب، ساسانی ایران اور ہندوستانی عناصر نے حصہ لیا۔ مسلمانوں کا کارنامہ یہ تھا کہ انہوں نے ان سب عناصر کو ایک ہم جنس طریقہ زندگی میں متحد کر دیا اور اسے مزید ترقی دی، یہ اسلام تھا جس نے اس کی تکمیل کی اور اسے باقی رکھنے کی قوت فراہم کی، زندگی کے ہر رخ کو اس نے اسلامی شکل دی خواہ اس کی ترکیب عناصر کی، کچھ بھی رہی ہو۔ اسلامی طرز زندگی نے معاشرہ کو وحدت و قوت عطا کی، متحد رکھنے والی اس قوت میں مذہبی قانون کو مرکزی مقام حاصل تھا جس نے اپنی طاقت اور متعین دہارے کے ذریعے رسوم وعبادات سے لیکر ملکیت تک ہر چیز کو منضبط کر دیا شرعی قانون نے اسلامی معاشرہ کو قرطبہ سے ملتان تک وحدت عطا کی۔ اس نے مسلم افراد کو بھی وحدت عطا کی اور اس کی زندگی کے سبھی اعمال کو ملکوتی رنگ دیکر بامعنی بنادیا، معاشرہ کو تسلسل دے کر اس نے زمانہ کو بھی وحدت بخشی، سلاطین کا سلسلہ آتا اور جاتا رہا ہے لیکن ان کی حیثیت ربانی احکام کے مطابق کرۂ ارضی پر عمرانی زندگی کی تشکیل کی مسلسل کوشش میں محض ضمنی رہی"(۶۱)

اسلام کی حقانیت اور اثر انگیزی صرف لورین بوتھ اور یو آنے رڈلے(۶۲) تک محدود نہیں بلکہ دنیا کے مختلف ممالک سے تعلق رکھنے والی بے شمار خواتین کے تاثرات یہ ہیں کہ اسلام واحد دین ہے جس میں انسان کے لئے اطمینان اور عزم موجود ہیں۔

مسعودہ سٹین برطانیہ سے تعلق رکھتی ہے، اس کا کہنا ہے:

"درحقیقت دنیا کے کسی بھی مذہب میں انسان کے لئے وہ اطمینان، وہ عزم اور وہ لافانی اقدار موجود نہیں جو اسلام فراہم کرتا ہے اور نہ ہی زندگی بعد موت کا اس سے زیادہ جامع اور بہترین تصور کسی مذہب کے پاس ہے جو اسلام کے پاس ہے"[۶۳]

لاطینی امریکہ کے باشندے سب سے زیادہ اپنے کیتھولک مذہب سے وابستہ ہونے میں معروف ہیں جو گلے میں صلیب لٹکائے نظر آتے تھے لیکن ۹/۱۱ کے بعد ہر امریکن اخبار چیخ رہا ہے کہ ان لاطینیوں کو کیا ہو گیا کہ جوق در جوق اسلام قبول کر رہے ہیں۔ ان ہزاروں لوگوں میں سے جنہوں نے اسلام قبول کیا ہے خواتین کی اکثریت ہے اور ہر عمر کی عورتیں اس میں شامل ہیں۔ اسلام سے وابستگی اور اسلامی بیداری کا یہ خطرہ محسوس کرتے ہوئے سابق صدر امریکہ رچرڈ نکسن نے کہا:

"اسلامی بیداری نہ صرف مغرب بلکہ روس کے لئے بھی شدید خطرہ ہے لہٰذا دونوں طاقتیں مل کر اس خطرے کا مقابلہ کرنے کے لئے سوچیں تاکہ بیلنس آف پاور ہمارے حق میں رہے۔۔۔ مسلمانوں کی خبر لو تاکہ ان میں اسلامی انقلاب کی جو جڑ پکڑ رہی ہے اس کا علاج ہو تاکہ آئندہ چل کر یہ دونوں بڑی طاقتوں کے لئے پریشانی کا سبب نہ بنے"[۶۴]

اور جب اٹلی کے وزیر خارجہ سے دریافت کیا گیا کہ وارسا پیکٹ کے بعد نیٹو کو باقی رکھنے کا جواز ہے؟ تو انہوں نے جواب دیا کہ "مستقبل میں اسلامی قوتوں کے ابھرنے کا شدید خطرہ ہے اس لئے اس کو باقی رکھنا ضروری ہے"[۶۵]۔ اسی طرح ۱۹۹۰ء میں سکاٹ لینڈ میں نیٹو کے وزرائے خارجہ کے اجلاس میں سابقہ برطانوی وزیر اعظم مارگریٹ تھیچر نے "وارسا پیکٹ کے بعد نیٹو کی بقاء اور عدم بقاء" کی بحث سے نیٹو کی توجہ ہٹاتے ہوئے کہا "دنیا سلگتے ہوئے خطوں مثلاً مشرق وسطیٰ میں موجود خطرات سے کامیابی سے نمٹنے کے لئے نیٹو کو اپنی توجہ مرکوز کر کے خود کو مضبوط کرنا چاہئے۔۔۔ بلکہ نیو ٹو افواج کو یورپ اور بحیرہ اوقیانوس سے باہر استعمال کرنے کے لئے تیار رہنا چاہئے کیونکہ سرد جنگ ختم ہونے کے بعد دوسری قسم کے خطرات جو کہ اسلامی جارحیت (Islamic Militancy) اور (Non-State Actors) سے اور مختلف علاقوں سے اٹھ سکتے ہیں، ان سے نپٹنا یورپ اور انکی تہذیب کی بقا کے لئے بہت ضروری ہے"[۶۶]۔

جبکہ نیٹو (North Atlantic Organization - established in 1949) کے ایک سیکر ٹری جنرل بیوئر سولا، نے اس وقت یہ خیال ظاہر کیا تھا کہ "اگر چہ اب کمیونسٹ خطرہ ٹل چکا ہے لیکن اس اتحاد کو چاہئے کہ اب اسلام کے خطرے کے آگے اپنے آپ کو تیار رکھے"[٦٧]۔

سرد جنگ کے بعد یوگوسلاویہ اور کوسووا کے مسئلے میں امریکہ نے سب ٹھکانوں پر نیٹو کے حملوں کا یہ جواز پیش کیا تھا کہ یہ حملے یورپ تک جنگ کے اثرات روکنے کے لئے کئے گئے ہیں لیکن ان حملوں کے بعد سرب فوج نے کوسووا پر مزید حملے اور مسلمانوں پر مظالم کا سلسلہ شروع کیا تھا۔ امریکہ نے مکمل طور پر اقوام متحدہ کے بغیر اس جنگ کو لڑنے کا فیصلہ کیا تھا اور بلا شرکت غیرے نیٹو کے استعمال کی راہ اختیار کی تھی جس میں فرانس بھی شامل تھا[٦٨]۔

اس صورتحال کو سامنے رکھتے ہوئے بین الاقوامی ماہرین کے ذہن میں یہ سوال ابھرتا ہے کہ "جب اقوام متحدہ جیسا ایک وسیع ادارہ موجود ہے تو پھر نیٹو تنظیم کی کیا ضرورت باقی ہے؟" [٦٩]۔ نیٹو کو باقی رکھنا فرانسیسی شاہ لوئیس نہم کی وصیت سمجھ لیجئے جب دار ابن لقمان منصورہ سے مسلمانوں کی قید سے رہا ہوا تو اس نے ارباب حل وعقد کو جمع کر کے اسلام اور مسلمانوں کو ختم کرنے کے لئے جو لائحہ عمل بطور خاص دیا تھا، ان میں: * مسلمانوں کے اندر اختلاف وافتراق کو پیدا کر کے وسیع کرنا۔ * مسلمانوں کی نیک وصالح قیادت کو ناپید کرنا۔ * عالم عرب کی قیادت میں اختلافات اور مزید اس کو گہرا کرنا۔ اور بطور خاص یہ کہا: مسلمان ممالک میں قائم شدہ حکومتی نظاموں کو رشوت، تخریب کاری اور عورتوں کے ذریعے خراب اور تباہ وبرباد کرتے چلے جانا تا کہ اس طرح اس کے جڑوں کو کھوکھلا کر کے انجام کار انہیں زمین بوس کیا جاسکے[٧٠]۔

آج دینی مدارس کے خلاف زہر قاتل مہم اور ان کو دہشت گردی کی فیکٹری اور مچھروں کے جوہڑ قرار دینا اور ناموس رسالت جیسے مقدس قانون کی پامالی مہم، تعلیمی نصاب سے قرآنی آیات کے نکالنے، فیملی سسٹم کو تباہ کرنے کے لئے نام نہاد خواتین حقوق بل کے لئے اسلامی ممالک کے نام نہاد لیڈروں پر دباو اور مطالبات اور پاکستان کے اجتماعی معاملات میں دخل اندازی کی یہ حالت ہے کہ امریکہ نے تعلیمی اصلاحات کے نام سے ۲۰۰۴ء میں بل نمبر HR 4818 کے ذریعے کانگریس سے سو ملین ڈالر

کی مالی امداد کو۲۰۰۲ء والی تعلیمی اصلاحات کے لئے استعمال کرنے سے مشروط کر دیا تھا اور ایوان نمائندگان کو نوے دن کے اندر اس بات سے مطلع کرنا تھا کہ یہ امداد:

"پاکستان میں سیکولر نظام تعلیم کی توسیع اور بہتری اور پاکستان کے نجی دینی مدارس کے لئے ایک معتدل نصاب تیار کرنے اور نافذ کرنے کی کوشش اس میں شامل ہیں"(۷۱)۔

مسلمانوں کی اجتماعی معاملات میں دخل اندازی کی یہ حالت ہے کہ "عراق پر امریکی قبضہ کے فوراً بعد پہلے سے تیار شدہ نصاب کے مطابق درسی کتب وہاں ۱۰ اپریل ۲۰۰۴ء کو متعارف کر دی گئی تھیں۔ یہ کتب جون ۲۰۰۲ء میں حملے سے ایک سال پہلے تیار کر لی گئی تھیں۔ صدر بش نے پاکستان کے بارے میں اپنے ایک ٹیلی ویژن انٹرویو میں صاف الفاظ میں کہا ہے کہ پاکستان میں نصاب کی تبدیلی میرے مشورے پر امریکی امداد کے تحت کی جارہی ہے اور یہ تجویز ہوا تھا کہ: "ایک ایسا سیکولر نظام تعلیم استوار کرنا جو پاکستان کے دیہی علاقوں کے لوگوں کے بنیاد پرست مدرسوں پر مکمل انحصار کو ختم کر دے" (۷۲)۔

اسی طرح قاہرہ (مصر میں یکم تا۳جون ۲۰۰۴ء) میں ایک کانفرنس بنام "تعلیم سب کے لئے" کے عنوان سے منعقد ہوئی۔ عرب ممالک کے بارہ وزرائے تعلیم اور اقوام متحدہ کی ذیلی تنظیموں کے نمائندوں نے بھی اس میں شرکت کی اور تعلیمی نصاب میں کافی تبدیلی لائی گئی تھی۔ کانفرنس کے بعد اعلان قاہرہ جاری کیا گیا کہ اقوام متحدہ کے زیر انتظام اور امریکا کے زیر نگرانی اس قسم کی کانفرنس ۲۰۰۵ء، ۲۰۱۰ء، ۲۰۱۵ء اور ۲۰۲۰ء میں منعقد ہوں گی جن میں یہ دیکھا جائیگا کہ تعلیم و تربیت کے نصابوں میں امریکہ کے حسب منشاء کس قدر تبدیلیاں لائی جاچکی ہیں (۷۳)۔

## بین المذاہب ہم آہنگی، امن و سلامتی اور خوشحالی کی دعووں کی حقیقت:

بین المذاہب رواداری اور ہم آہنگی کی کاوشیں اس وقت ثمر آور ہوگی جب انسانوں کی خیر خواہی اور حقوق انسانی کی پاسداری کے لئے عملی اقدامات کئے جائیں اوران کو ترقی کے حقیقی دوڑ میں شامل کیا جائے، ورنہ ترقی کے نام پر اپنے وسائل ہڑپ کرنا کب تک وہ برداشت کریں گے۔ جن پر دوسری قوموں کی زندگی کا دارومدار ہے بقول جان پرکنز "سچ تو بس یہی ہے کہ ہم جھوٹ کے سہارے زندہ ہیں ۔

جان پر کنز کی اس قول کی صحیح مصداق G-8 کی ۲۰۰۰ء کی وہ کانفرنس تھی جو جاپان میں منعقد ہوئی اور جس پر جاپان نے ۷۶۶ ملین ڈالر خرچہ کیا۔نہ معلوم دوسری حکومت نے اس کانفرنس میں اپنے آنے والے وفود پر کتنا خرچ کیا ہوگا۔یادرہے یہ کانفرنس غربت کے خاتمہ کے لئے منعقد ہوئی تھی جس کے لئے صرف ڈیڑھ ارب ڈالر منظور کئے۔جبکہ کانفرنس پر اربوں ڈالر خرچ ہوئے۔کانفرنس کے لئے ۱۳۰۰۰افراد جمع ہوئے تھے جن میں ۶۰۰ صرف امریکی اعلیٰ افسر تھے۔اصل بات یہ ہے کہ کانفرنس کے مقاصد کچھ اور تھے اور خفیہ کچھ اور (۷۴)۔

بین المذاہب رواداری اور ہم آہنگی اور عالمی امن وسلامتی کے لئے حقیقی اقدامات کی ضرورت ہے۔محض اداروں کا قیام، مشنریوں کے جال اور این جی اوز کو گلی گلی، شہر شہر اور ملک ملک پھیلانے سے حالات بہتر نہیں بنائے جاسکتے بلکہ مزید ناگفتہ بہ بنائے جارہے ہیں۔ایکشن ایڈ انٹرنیشنل کی رپورٹ کے مطابق دنیا کے غریب ملکوں میں ہر دوسیکنڈ بعد ایک بچہ بھوک اور بیماری سے ہلاک ہورہاہے۔وسائل سے بھری اس دنیامیں ۸۰۰ ملین افراد بھوکے سوتے ہیں۔اس وقت ۱۰۰ ملین بچے تعلیم سے محروم ہیں۔ایک منٹ میں ۳ بچے گنداپانی پینے یا غیر صاف موحول میں رہنے کی وجہ سے مر رہے ہیں۔اسی طرح ہر منٹ میں ۳۰ بچے بھوک سے موت کی آغوش میں جارہے ہیں،اور یہ این جی اوز جنہوں نے ایوانوں تک اثر ونفوذ تو حاصل کیاہے اور کروڑوں ،اربوں ڈالر لوٹ کر بھی دنیا کے مسائل (ایڈز، غربت وغیرہ) کم نہیں کر سکیں (۷۵)۔

امن وسلامتی، رواداری اور ہم آہنگی کا تقاضاہے کہ ہم انسانوں (بلا تفریق رنگ ونسل ومذہب) کی خیر خواہی چاہتے ہوئے ان کے مسائل کے حل کے لئے حقیقی کوششیں کریں۔انسان اپنی استطاعت بھر جوابدہ ہے۔﴿لَا يُكَلِّفُ اللّٰهُ نَفْسًا اِلَّا وُسْعَهَا﴾ (۷۶) اگر کسی کی مدد اور مسائل کے حل کے لئے وسائل کسی کے پاس نہیں تو کم از کم اپنے شر پھیلانے سے معاشرہ محفوظ تو رکھ سکتاہے۔

پیغمبر اسلام ﷺ نے فرمایا:

(( خَيْرُكُمْ مَنْ يُرْجَى خَيْرُهُ وَيُؤْمَنُ شَرُّهُ، وَشَرُّكُمْ مَنْ لَا يُرْجَى خَيْرُهُ وَلَا يُؤْمَنُ شَرُّهُ)) (۷۷)

ترجمہ: میں سے بھلا شخص وہ ہے جس سے بھلائی کی امید کی جائے اور اس سے برائی کا خطرہ نہ ہو اور تم میں سے سب سے برا شخص وہ ہے جس سے بھلائی کی امید نہ ہو اور برائی کا ہر وقت خطرہ لگا رہے۔

لہٰذا بین المذاہب اور عالمی رواداری سچائی، ایمانداری اور انسانی خیر خواہی کی تعلیمات میں پوشیدہ ہے جس سے عالمی فساد، بگاڑ اور دہشت گردی جیسے پیچیدہ مسائل پر قابو پالیں گے ورنہ ایسے بے شمار کانفرنسیں ہوتی رہیں گی اور بنی آدم امن، خوشحالی اور رواداری کے لئے ترستا رہے گا۔ کیونکہ سیاسی واقتصادی غارتگر غریب کا نوالہ چھین کر کروڑپتیوں کو ارب پتی بنا کر شیطان کے بھائی بنا رہے ہیں کیونکہ جب مال کا ناجائز جمع ہونا شروع ہوتا ہے تو استعمال بھی کثرت سے ناجائز میں ہوتا ہے اور ناجائز مال خرچ کرنے والے کو قرآن نے شیطان کا بھائی قرار دیا ہے:

﴿وَلَا تُبَذِّرْ تَبْذِيْرًا ۔اِنَّ الْمُبَذِّرِيْنَ كَانُوْٓا اِخْوَانَ الشَّيٰطِيْنِ ۭ وَكَانَ الشَّيْطٰنُ لِرَبِّهٖ كَفُوْرًا﴾ (۴۸)

ترجمہ: فضول خرچی سے مال نہ اُڑاؤ، فضول خرچ لوگ شیطان کے بھائی ہیں، اور شیطان اپنے رب کا ناشکرا ہے۔

اور جب ایک طرف غریب اپنے پیٹ کی بھوک مٹانے کے لئے سرگرم عمل ہو اور دوسری طرف فضول خرچی اور عیاشی کی جارہی ہو تو ٹکراؤ فطری نتیجہ ہے۔

**تدارک اور تجاویز:**

☆ معاشی خود کفالت کے لئے کوشش ہر انسان اور حکومت کا حق اور فریضہ ہے لیکن اس سلسلے میں ہر ناجائز اقتصادی دوڑ اور اس کے لئے انسانوں کا خون ناحق بند کرنا امن وسلامتی کا باعث بنے گا۔

☆ امن عالم کی تباہی، عالمی استحصال، ناجائز اور ظالمانہ قبضوں کی قوی سباب میں سے ایک سبب سیاسی مداخلت ہے، جس کی روک تھام ضروری ہے۔

☆ عالمی امن اور خوشحالی اور بین المذاہب ہم آہنگی ورواداری سے سماجی معاملات کا بہت گہرا تعلق ہے۔ کسی بھی قوم کے سماجیات میں دخل دینا اور اس میں بگاڑ پیدا کرنا فساد برپا کرنے کے مترادف ہے۔ اس کو روکنا بقائے انسانیت کے لئے ازبس ضروری ہے۔

☆ اسلام کے نظام معاشرت اور سماجیات میں رخنہ ڈالنے اور غیر فطری رویوں (ہم جنس پرستی) کو رواج دینے کے مطالبے میں دنیا کی تباہی اور امن عالم وسلامتی کے لئے باعث خطر ہے۔ لھذا اس قسم کے رویوں کو ترک کرنا اور روکنا چاہیئے۔

☆ کسی قوم کی تعلیمی اور اجتماعی معاملات میں مداخلت بین المذاہب ہم آہنگی اور رواداری اور بین الاقوامی امن وسلامتی کے منافی اور کھلی جارحیت ہے۔ اس قسم کی مداخلت سے معاشرے میں زبردست بے چینی پیدا ہوتی ہے۔ اس کو بند کرنے میں انسانیت کی بقاء ہے۔

☆ اسلام کے پاکیزہ نظام کے خلاف دنیا کو اکسانا اور بین المذاہب ہم آہنگی اور رواداری کی باتیں آپس میں جوڑ نہیں کھاتیں۔ لہٰذا امن عالم اور بقائے باہمی کے لئے ناگزیر ہے کہ ہم انسان اپنے اپنے مذاہب کے دائرہ کار میں رہ کر دوسروں کو برداشت کریں اور مداخلت سے باز آکر دنیا کو امن وآشتی دیں۔

☆ مسلمانوں کو سیاسی وسماجی اور اخلاقی طور پر تباہ کرنا خود مغربی اقوام کے حق میں بہتر نہیں اور ایسا کرنے سے تمام تر ہم آہنگی اور امن ورواداری کی کوششیں ضائع ہو جاتی ہیں۔

☆ دنیا کی بقاء کے لئے صالح افراد اور حق وسچائی کی اشد ضرورت ہے ورنہ انسان حیوان بن کر دنیا تباہی سے دوچار ہو جائے گی کیونکہ دنیا کی بقاء اور فلاح سامان تعیش کی فراوانی میں نہیں بلکہ اخلاقِ حسنہ کے پروان چڑھانے میں ہے۔ ورنہ ترقی یافتہ ترین ممالک بھی جرائم کنٹرول نہیں کر سکی گی۔ مثلاً:

- امریکہ دنیا کا امیر ترین ملک ہے ۱۹۶۵ء میں یہاں پچاس لاکھ جرائم کئے گئے جبکہ آبادی میں اضافے کی بہ نسبت خطرناک جرائم میں اضافہ کی شرح چودہ گنا زیادہ تھی۔ جرائم میں اضافے کی شرح ۱۷۸فیصد تھی، جبکہ آبادی میں اضافے کی شرح تیرہ فی صد تھی۔
- اس امیر ترین ملک میں ہر بارہ سیکنڈ کے بعد کوئی نہ کوئی جرم سرزد ہوتا ہے، ہر ایک گھنٹے بعد ایک قتل ہو جاتا ہے۔ ہر ۲۵ منٹ کے بعد زنا کا واقعہ ہو جاتا ہے۔ ہر ۵ منٹ کے بعد ایک ڈاکہ پڑتا ہے اور ہر ایک منٹ کے بعد ایک کار چوری ہوتی ہے[۷۹]۔
- جبکہ بی بی سی کی ایک رپورٹ کے مطابق امریکہ میں ہر پانچویں عورت زنا بالجبر کا شکار ہو جاتی ہے اور امریکی وزارت دفاع کی ایک رپورٹ کے مطابق امریکی

ملٹری اکیڈمیز کے اندر جنسی حملوں میں ۶۰ فیصد اضافہ ہوا ہے جو ایک تشویش ناک صورتحال ہے (۸۰)۔ بلکہ آج کل امریکی فوجی افسروں کے لئے یہ معمول کا مسئلہ ہے، جو آئے روز کے اخبارات کا موضوعِ سخن بنا رہتا ہے۔

مختلف رپورٹوں اور تجزیوں سے ترقی یافتہ دنیا میں بڑھتے ہوئے جرائم کا اندازہ لگایا جا سکتا ہے۔ جدید امریکہ کے ایک مایہ ناز سکالر (ممتاز جج آرتھر ملر) کا کہنا ہے: نوجوانوں کے یہ جرائم صرف سرمایہ دارانہ معاشرے کا ہی نہیں بلکہ اشتراکی معاشرت کا بھی المیہ ہے۔ یہ غربت کے پیدا کردہ نہیں بلکہ خوشحالی اور دولت مندی کے باوجود موجود ہے۔ نہ یہ مسئلہ نسلی، نہ ترک وطن اور نہ خالص امریکی مسئلہ ہے بلکہ یہ ٹیکنالوجی کا نتیجہ ہے جو کہ انسان کا مرتبہ بحیثیت انسان گرا دیتی ہے اور اسے حقیر بنا دیتی ہے (۸۱)۔

ان حقائق کی روشنی میں عہد حاضر میں بین المذاہب ہم آہنگی ورواداری پر زور دینے کے ساتھ ساتھ اس کے بنیادی اسباب اور وجوہات کی نشاندہی انتہائی ضروری ہے۔ اور اس کے ساتھ ساتھ بنیادی مسائل کی حل کے لئے حقیقی اقدامات کرنا ہوں گے۔ محض اداروں کا قیام، مشنریوں کے جال اور این جی اوز کو گلی گلی، شہر شہر اور ملک ملک پھیلانے سے حالات بہتر نہیں بنائے جا سکتے بلکہ مزید ناگفتہ بہ بنائے جا رہے ہیں۔ آج کل کے دور میں معاملہ صرف سفارشات اور تجاویز تک رہ گیا ہے، عملاً کچھ نہیں کیا جاتا، بلکہ درپردہ مسائل کو الجایا جاتا ہے۔ لہٰذا دورِ حاضر کے مسائل کی حل کے لئے مخلصانہ کردار ادا کرنے کی ضرورت ہے، تاکہ بین المذاہب رواداری، ہم آہنگی اور عالمی امن وسلامتی کو یقینی بنایا جا سکیں۔

# حواشی وحوالہ جات


۱) سورۃ طہ:۱۲۴
۲) سورۃ النحل: ۱۱۲
۳) سیال، عمر حیات عاصم، عالم اسلام خطرات وامکانات، ندوۃ العلم کراچی، ۲۰۰۸ء، ص:۵۸
۴) Bill Still &Patrick SJ Carmack, The money Masters, P: 32
۵) سورۃ المائدہ:۳۲
۶) جان پرکنز، اقتصادی غارتگر، اسلامک ریسرچ اکیڈمی کراچی ،۲۰۰۸ء، ص:۱۰
۷) مالک بن انس، المؤطا، جمعیۃ احیاء التراث الاسلامی، ضاحیۃ الکویت، ۱۹۹۸ء، ص:۲/۲۲۹
۸) قاضی محمد ظفر الحق، مشرق وسطٰی کی صورتحال، الصفہ دار النشر ۲۰۰۴ء ، ص:۴۰
۹) سجاد احمد (ڈاکٹر)، اسلام کا روشن مستقبل، ادارہ معارف اسلامی، لاہور، ۱۹۹۲ء، ص: ۴۷
۱۰) سورۃ الحج: ۳۹
۱۱) یاسر ندیم (مولانا)، گلوبلائزیشن اور اسلام، طبع: دارالاشاعت: کراچی۔ ۲۰۰۴ء، ص:۵۲
۱۲) روزنامہ جنگ، ص:iv، 25جولائی ۲۰۱۱ء
۱۳) سورۃ القصص: ۷۷
۱۴) مفتی ابولبابہ، شاہ منصور، ہسپانیہ سے امریکہ تک، طبع: الفلاح: کراچی۔ ۲۰۰۸ء، ص:۲۰۰
۱۵) روزمانہ آج، دہشت گردی یا معاشی جنگ کب ختم ہوگی؟، ۲دسمبر ۲۰۰۹ء
۱۶) Manzoor Alam, War on Terrorism or American Strategy for Global Daninan: Islamic Perspective on Afghan-Iraq War, P: 237, Vantage Press, New York, America.
۱۷) مسلم بن الحجاج، صحیح مسلم، کتاب الفتن، دارالحدیث: قاہرہ، مصر، ، حدیث نمبر ۵۴ ۲۸
۱۸) مشرق وسطٰی کی صورتحال، ص:۹۹
۱۹) یوحنا: ۸ : ۱۴ ، بائبل، پاکستان بائبل سوسائٹی، انارکلی لاہور، ۲۰۰۷ء
۲۰) یوحنا: ۱۶ : ۱۸- ۱۹
۲۱) سنن ابوداؤد: جلد سوم: حدیث نمبر ۹۱۳
۲۲) مکاشفہ یوحنا : ۲۱:۹
۲۳) مکاشفہ : ۱۸: ۳

۲۴) سورۃ العادیات:۸

۲۵) مکاشفہ : ۱۸: ۳

۲۶) عیسائیت کے تعاقب میں، علم و عرفان پبلشر زار دو بازار لاہور ۲۰۰۳ء، ص:۶۹۶

۲۷) اس کا نام لانا کلاشنکوف ہے، جو کلاشنکوف رائفل ایجاد کرنے والے روسی جرنیل اور سائنسدان مخائل کلاشن کوف کے خانوادے کی بھتیجی ہے (ہسپانیہ سے امریکہ تک، ص: ۲۲۲)

۲۸) ایضاً ص:۲۲۳

۲۹) ترجمان القرآن، ص:۱۶، اپریل ۲۰۰۳ء

۳۰) ترجمان، ص:۹ ۷، مارچ ۲۰۰۸ء۔ روزنامہ جنگ، سنڈے میگزین، ص:۴، اتوار ۱۱ دسمبر ۲۰۱۱ء

۳۱) اقتصادی غارتگر، ص:۲۱۹، ۲۱۸، ۱۲۵

۳۲) فیض احمد شہابی، عیسائی یہودی این جی اوز گٹھ جوڑ، ادارہ معارف اسلامی لاہور، ۲۰۰۵ء، ص:۲۲

۳۳) ابن القیم، الطرق الحکمیۃ فی السیاسۃ الشرعیۃ، طبع مصر ۱۹۶۱ء، ص:۱۵، اعلام الموقعین، مطبعہ المصریہ، ص: ۴/ ۴۶۰

۳۴) مقدمہ ابن خلدون، طبع: بیروت، ص:۱۱۳

۳۵) صحیح مسلم: جلد سوم: حدیث نمبر ۲۷۶، مسند الإمام أحمد بن حنبل، حدیث نمبر ۷۹۶۰، شعیب الأرنؤوط وآخرون، الناشر: مؤسسۃ الرسالۃ، الطبعۃ: الأولی، ۱۴۲۱ ھ ۲۰۰۱ ء۔

۳۶) اسلامی سیاست، ص:۲۵، ۲۴

۳۷) ترجمان القرآن، ص:۹، مارچ ۲۰۰۵ء

۳۸) امریکی صحافی Ron Suskind، لندن اخبار "دی گارڈین" ۱۸ فروری ۲۰۰۵ء

۳۹) ترجمان القرآن، ص:۹، ۱۰، مارچ ۲۰۰۵ء

۴۰) عیسائی یہودی این جی اوز گٹھ جوڑ، ص:۲۴

۴۱) War on Terrorism,P:13

۴۲) عیسائی یہودی این جی اوز گٹھ جوڑ، ص:۲۴، ۲۵

۴۳) War on Terrorism, P:99

۴۴) سورۃ النور:۱۹

۴۵) رسالہ الشقائق، عدد ۶۸، صفر ۱۴۲۴ھ

۴۶) حقوق نسواں کے لئے ایک عرصے سے کام ہورہاہے اور کانفرنسیں منعقد ہورہی ہیں، ان میں چند ایک یہ ہیں۔
انسانی حقوق کمیشن ،۱۹۴۶ء۔ پہلی عالمی خواتین کانفرنس،۱۹۷۵ء، میکسیکو۔ مساوات ترقی اور امن،سیڈا کنونشن ۱۹۷۹ء۔ ملازمت کا حق اور مواقع ۔یکساں حقوق کا حق ۔خواتین عالمی کانفرنس،۱۹۸۰ء، کوپن ہیگن۔خواتین عالمی کانفرنس،۱۹۸۵ء، نیروبی۔ویانا کانفرنس ۱۹۹۳ء۔خواتین کے انسانی حقوق۔ قاہرہ کانفرنس ۱۹۹۴ء۔ جنسی معاملات، ہر دو اصناف کے جنسی تعلقات کا حق ۔بیجنگ کانفرنس / اعلامیہ ۱۹۹۵ء۔ معاشی آزادی وخود مختاری۔خواتین عالمی کانفرنس،۲۰۰۰ء، نیویارک۔خواتین عالمی کانفرنس،۲۰۰۵ء، نیویارک

۴۷) سورۃ البقرۃ:۱۸۷

۴۸) سورۃ الروم:۲۱

۴۹) سورۃ الاعراف:۱۸۹

۵۰) جان ایل اسپازیٹو، اسلام اور صراط مستقیم، طبع: آکسفورڈ یونیورسٹی، ۱۹۹۲ء، ص:۹۴

۵۱) نیوزویک، عورت حملے کی زد میں، ۱۶جولائی ۱۹۹۰ء

۵۲) اصل نام لورین بوتھ اور ۲۰۱۰ء میں اسلام قبول کر چکی ہے، اور برطانیہ کے سابق وزیر اعظم ٹونی بلیر کی سالی ہے۔

۵۳) فریحہ ،سیف اللہ ربانی، ہم کیوں مسلمان ہوئیں؟، ادارہ مطبوعات خواتین: لاہور۔ ۲۰۰۰ء ص:۳۷۹

۵۴) مخدوم زادہ، ابو محمد، ہم مسلمان کیسے ہوئے، طبع: مشتاق بک کارنر، لاہور، ص:۴۰

۵۵) اوریا مقبول جان، حرف راز، نوائے وقت، ۱۶جون ۲۰۰۶ء

۵۶) ترجمان القرآن، ص:۶۲، اگست ۲۰۰۳ء

۵۷) ایضا، ص:۶۶

۵۸) جہاد کشمیر، راولپنڈی، دسمبر ۲۰۱۰، جنوری ۲۰۱۱ء

۵۹) ترجمان القرآن، ص:۶۵، مئی ۲۰۰۵ء۔

۶۰) اصل نام پریتی ہے، ۱۹۸۸ء میں مسلمان ہوئی ہے، ہندوستان کی ۲۲ سالہ ہاکی کھلاڑی ہے۔ (ترجمان القرآن، جون ۲۰۰۱ء)

۶۱) Wilfred, Cant Hall Smith, Islam is Modern History, P: 36, 37 New York 1957. Hamilton, A.R.Gibb, Studies on Civilization of Islam, p: 3, London, 1962.

۶۲) اسلامی نام، مریم جو، ۹/۱۱ کے بعد طالبان کے دور حکومت میں بھیس بدل کر رپورٹنگ کرتے ہوئے پکڑی گئی بعد ازاں طالبان کے حسن سلوک سے ۲۰۰۱ء میں متاثر ہو کر مسلمان ہو گئی

۶۳) فرتیح، سیف اللہ ربانی، ہم کیوں مسلمان ہوئیں، طبع: ادارہ مطبوعات خواتین، لاہور، ۲۰۰۰ء، ص: ۳۴۰،۳۳۹، (بحوالہ: ہفت روزہ ایشیا، لاہور، شمارہ ۱۱ نومبر ۱۹۹۹ء)

۶۴) جرنل آف فارن افیئرز، مئی ۱۹۵۵ء

۶۵) نیوز ویک، فروری ۱۹۹۱ء

۶۶) روزنامہ جنگ، ۳جولائی ۱۹۹۱ء

۶۷) Shah Syed Imdad: Implication for The Muslim World, P: 107,Nato's Role in Europe and beyond Journal of European Studies, Area Study Centre for Europe, Karachi,2005, 6.

۶۸) نوائے وقت، ۲۵ اپریل ۱۹۹۹ء۔

۶۹) فاطمہ آغا پاشا، سرد جنگ کے دوران نیٹو کی صورت میں یورپی یونین اور امریکہ کے مابین دفاعی تعلقات۔ مقالہ در معارف مجلہ تحقیق، ص: ۷۷، شمارہ ۱، جنوری۔ جون ۲۰۱۱ء، ادارہ معارف اسلامی کراچی

۷۰) محمد ارسلام بن اختر (مولانا): اسلام اور مسلمانوں کے خلاف یورپی سازشیں، طبع: مکتبہ ارسلان کراچی، ۲۰۰۴ء، ص: ۱۲۱

۷۱) ترجمان القرآن، ص: ۱۴، مارچ ۲۰۰۵ء

۷۲) دی نیوز، ۱۶ اکتوبر ۲۰۰۴ء

۷۳) ایضاً

۷۴) معروف شاہ شیرازی ایڈووکیٹ، تعمیر ملت، ص: ۲۷۹

۷۵) فیض احمد شہابی، عیسائی یہودی این جی اوز گٹھ جوڑ، ص: ۳۶ بحوالہ:
Joseph. S. Nye, The Paradox of American power

۷۶) سورۃ البقرہ: ۲۸۶

۷۷) الترمذی، محمد بن عیسیٰ: جامع ترمذی، دارالسلام للنشر والتوزیع: الریاض۔ ۱۹۹۹ء ، حدیث: ۲۲۶۳

۷۸) سورۃ بنی اسرائیل: ۲۶، ۲۷

۷۹) علی عزت بیگووچ، اسلام اور مشرق و مغرب کی تہذیبی کشمکش، ادارہ معارف اسلامی منصورہ لاہور، ۲۰۰۴، ص: ۱۲۰، ۱۲۱ (بحوالہ FBI رپورٹ، ۱۹۶۵ء)

۸۰) روزنامہ جنگ راولپنڈی، ص: ۳، ۲۹ دسمبر ۲۰۱۱ء

۸۱) اسلام اور مشرق و مغرب کی تہذیبی کشمکش، ص: ۱۲۶

********************

# An Anthology of the Highlights of the Quran
## Compilation by Dr. Badr Hashemi

**Brig.(R) Wasiq Ahmed Khan** *

## BOOK REVIEW

***Dr. Badr Hashemi*** *the* compiler of the Anthology, was born and raised in a religious family environment which inherited a legacy of the centuries old tradition of dispensing values, virtues and education. He learnt and partly memorized Quran and Hadith at an early age. Subsequently attended courses at Al-Azhar in the Quranic Arabic and lectures in interpretation of the Quran and Fiqah by Al-Shaykh. Ali Tantavi and Shaykh Yusaf Al-Qaradawi.

He did his doctorate from UK and is a fellow of the World Bank institute of development economics in ***Washington DC*** and United Nations Asian Development Institute. Worked as a civil servant in Pakistan and was part of the international civil service with United Nations.

Well versed in Arabic and English ***Dr. Badr Hashmi*** has studied Psalms, Torah, Evangel, Islamic History and culture, ancient civilization and comparative religions.

He initiated English translation and paraphrasing of the Quran in 1998 with the aim of returning to the Quran and understanding of the Quran with the Quran. The project is on its midway and follows a non partisan and non sectarian approach.

---

* HOD, Department of Pak Studies,NUML, Islamabad.

The Anthology of the Highlights of Quran with parallel Arabic text is ***Dr Hashmi*** latest contribution, Nearly 1000 Ayats (statements) have been meticulously identified linked in a chain to provide a condensed and consolidated substance of the do's and don'ts in simple to comprehend English without skipping any Surah. Direct translation of select Ayats has been condensed and blended with the context printed in italics.

While translating the Arabic text ***Dr Badr Hashmi*** was strongly mindful of the fact that the Quran is a unique, unmatched masterpiece of Arabic literature, having neither forerunner nor successor in its own idioms, style precision and subtlety. The spirit, the beauty, the eloquence the depth and comprehensive of Arabic that can never be captured by any other language.

The compiler was moved by the fact there in this age of materialism the tradition of reading Quran is slowly diminishing both in the Arabic speaking countries as well as in other countries According to one estimate about 3% people read the Holy Quran once in their life time while about 7% are content with selective reading They, barring few exceptions, have only a rudimentary understanding or any meaningful comprehension of the divine message. The trend of reading the Holy Quran is most disheartening amongst the college and university students particularly among those who are being raised in the English speaking environments.

*Dr. Badr Hashmi* was deeply grieved by the ignorance of Muslim youth about their own religion and the message contained in the Quran. He was moved to produce An Anthony of the Highlights

of the Quran” to draw the Muslim youth nearer to the Quran by reading and understanding the highlights of Allah’s final message to humanity.

An Anthology and particularly the anthology of Quran can never be a substitute for the Quran. Apparently the aim of Mr. Badr Hashmi is to motivate the young man and women of English speaking world to have e an understanding of the message contained in the Holy Quran. The Anthology presents the essence of the Quran and includes only the most important instructions contained in the Holy book. Some of these are:-

- Quran is meant for the welfare of Humanity
- Mockery and opposition to the words of Allah would never go unpunished
- Allah’s unity and supremacy and submission to Him
- Everyone’s dignity must be respected regardless of ones, religion, race, ethnicity, gender and social status.
- There is no coercion in matters of religion.
- The battle between right and wrong, truth and falsehood would never cease.
- Stand firm on the right as you have been commanded
- Allah does not change the condition of people unless they first change what is in themselves, i.e. thinking, in their attitude and behaviors
- People need to be vigilant against satanic temptations
- Allah orders kindness to all and forbids obscenity, sodomy, adultery, fornication and commercial dishonesty.

- Every person's ability to hear, to see and to think shall be interrogated and called to account on the Day of Judgment.
- Whoever looks forward with hope and to meeting one's "Rub" –Lord supreme on the day of judgment must do righteous deeds, not associate anyone or anything in worshipful reverence and obedience to Him, and firmly believe in the message of Quran revealed unto His last Prophet to humanity, the seal of Prophet Muhammad (صلى الله عليه وسلم)

All the Quranic verses supporting above mentioned teaching points have been included in the anthology, nicely translated in simple English and narrated upon One gets moved by the excellence of translation and the lessons drawn from those verses of the Holy Quran.

The Anthology also contains a brief biography of the Holy Prophet Muhammad (ﷺ) and annotated glossary of key concepts and 'The Names' The most beautiful – "Asma ul Husna of Allah"

Dr. Badr Hashmi deserves to be congratulated for his valuable endeavor to motivate younger ones of English speaking world to have an understanding of the Holy Quran. The book deserves to be on the table of all college and university students and all those who are being raised and are living in English. Speaking environment, to be read and pondered upon.

❊❊❊❊❊❊❊❊❊❊❊❊❊❊❊❊❊❊❊